قادیانی
دجل
و
فریب
بے نقاب

قادیانیوں کے تمام اعتراضات کے تحقیقی جوابات
اور اصل کتب کے عکوس پر مشتمل لاجواب کتاب

ختم نبوّت کورس

(جلد اول)

عقیدہِ ختم نبوت



ترتیب و تحقیق

مفتی سید مبشر رضا قادری
مہتمم جامعہ ختم نبوت گوجرانوالہ

اس کتاب میں آپ ملاحظہ کریں گے

- مسلم عقیدہ ختم نبوت
- قادیانی عقیدہ وفات مسیح علیہ السلام
- قادیانی عقیدہ اجرائے نبوت
- حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ
- مسلم عقیدہ حیات مسیح علیہ السلام
- سیرت و کردار مرزا قادیانی

مکتبہ ختم نبوت فورم گوجرانوالہ

قادیانیوں کے تمام اعتراضات کے تحقیقی جوابات
اوراصل کتب کے عکوس پر مشتمل لاجواب کتاب

ختم نبوت کورس

(جلد اول)

عقیدہ ختمِ نبوت

ترتیب وتحقیق
مفتی سید مبشر رضا قادری
مہتمم جامعہ ختم نبوت گوجرانوالہ

مکتبہ ختم نبوت فورم
گوجرانوالہ 03247448814

نام کتاب	(ختم نبوت کورس جلد1) **عقیدہ ختم نبوت**
مصنف	مفتی سید مبشر رضا قادری
طبع اول	2024ء
تعداد	1000
قیمت	....



مصنف کی یہ کتاب اور دیگر کتب خریدنے کے لیے دیئے گئے نمبر پر وٹس ایپ فون کر کے تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں ۔آپ دین اسلام کے ایک دردمند مسلمان ہیں اسی درد کے ساتھ آپ سے التماس کی جاتی ہے کہ کتاب کو زیادہ سے زیادہ خرید کر اپنے علاقہ کے قادیانیوں اور دیگر ایسے نوجوانوں میں فری تقسیم کریں جو قادیانیت کی طرف مائل ہیں ۔ **03247448814** مفتی سید مبشر رضا قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

سبق نمبر 2

سبق نمبر 3

سبق نمبر 4

سبق نمبر 5

انتساب

میں اپنی اس چھوٹی سی کاوش "ختم نبوت کورس جلد اول" کا انتساب علامہ حافظ قاری شاہ احمد نورانی صدیقی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ کے نام کر رہا ہوں جن کی بروقت محنت و کوشش سے 7 ستمبر 1974 کو قومی اسمبلی کے فیصلہ نے قادیانیت کو ہمیشہ کے لیے ارض پاک سے غیر مسلم قرار دیا۔ اور میرے لیے باعث سعادت ہے کہ یہ کتاب 7 ستمبر 2024 گولڈن جوبلی پر مکمل ہوئی ہے الحمد للہ۔

اللہ ہمیں اور ہماری نسلوں کو بھی تحفظ ختم نبوت کا سپاہی بنائے اور اعلحضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر آج تک جو علماء بھی ختم نبوت کے لیے قلمی و لسانی جہاد کرتے رہے اللہ پاک ان کو حضور خاتم النبیین ﷺ کی شفاعت عطا فرمائے اور ان عظیم ہستیوں کے وسیلے سے ہم گنہگاروں کی بھی اللہ بخشش فرمائے، اور ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے تحفظ عقیدہ ختم نبوت کرتے رہنے کی توفیق مرحمت فرمائے آمین۔

کلیدِ مناظرہ

محمد متین خالد (لاہور)

تحفظ ختم نبوت اور ردّ قادیانیت کے میدان میں جناب مفتی سید مبشر رضا قادری صاحب (مہتمم جامعہ ختم نبوت گوجرانوالہ) کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ ایک وقت تھا جب سوشل میڈیا پر قادیانی بڑے کروفر کے ساتھ اپنے باطل مذہب کی تبلیغ کے ذریعے مسلمانوں کے ذہنوں میں شکوک وشبہات پھیلانے میں مصروف تھے۔ قادیانیوں کی ان گستاخانہ اور دل آزارانہ سرگرمیوں کے تعاقب میں جہاں دیگر مجاہدین ختم نبوت پورے جوش و جذبہ کے ساتھ برسرِ پیکار تھے، وہاں جناب مبشر رضا قادری صاحب کی خدمات بھی قابل صدستائش ہیں۔ وہ ایک عرصہ سے فتنہ قادیانیت کی تردید میں مصروف عمل ہیں۔ وہ کئی اہم کتابوں کے مصنف ہیں جن میں قادیانی کلمہ، 200 جھوٹ، قادیانی کذاب، ضعیف احادیث، قادیانی توحید اور معراج جسمانی سرفہرست ہیں۔ ’’ختم نبوت کورس‘‘ جناب مفتی سید مبشر رضا قادری کی تازہ کتاب ہے جو قادیانیوں کے تمام اعتراضات کے تحقیقی جوابات اور ان کی اصل کتب کے عکوس پر مبنی ہے۔ 30 اسباق پر مشتمل اس کتاب میں عقیدۂ ختم نبوت، عقیدۂ حیات ونزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت امام مہدیؑ کی نشانیاں، مرزا قادیانی کا کردار، قادیانی عقیدہ اجرائے نبوت اور عقیدۂ وفات مسیح پر سیر حاصل اور عوامی انداز میں گفتگو کی گئی ہے۔ قادیانی مناظر اور مربیوں کے وہ تمام اعتراضات وسوالات جو وہ کسی بھی مناظرے میں کرتے ہیں، ان سب کے نہایت مدلل اور مسکت جوابات دیئے گئے ہیں جنہیں یاد کر لینے کے بعد کوئی مرزائی مناظر آپ کے سامنے شاید پانچ منٹ سے زیادہ نہ ٹھہر سکے۔ یہ کتاب دو چار دنوں کی مشقت نہیں بلکہ جناب شاہ صاحب نے اس کارنامے کو منصہ شہود پر لانے کے لیے سالوں کی انتھک

محنت کی ہے۔ ’ختم نبوت کورس‘ تحفظ ختم نبوت کے لٹریچر میں نا صرف بیش بہا اضافہ ہے بلکہ تمام کارکنان ختم نبوت کے لیے عملی معلومات کا خزینہ اور بے حد مفید و کارآمد بھی ہے۔اس اہم کتاب کی اشاعت پر میں جناب شاہ صاحب کو صمیم قلب سے ہدیہ تحسین پیش کرتا ہوں۔

انوکھی وضع ہے، سارے زمانے سے نرالے ہیں
یہ عاشق کون سی بستی کے یارب رہنے والے ہیں

محمد متین خالد (لاہور)

تقریظ

علامہ مفتی مظفر حسین شاہ (کراچی)

عقیدہ ختم نبوت ضروریات دینیہ سے ہے اور ضروریات دینیہ سے مراد دین کے وہ احکام و مسائل کہ جو قران کریم، احادیث متواترہ و اجماع امت سے اسطرح ثابت ہوں کہ ان میں نہ کسی شبہ کی گنجائش ہو نہ تاویل کی کوئی راہ، اور انکا دین سے ہونا خواص وعوام سبھی جانتے ہوں، جیسے ذات باری کی واحدانیت انبیاء و مرسلین کی نبوت و رسالت اور انہی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونا۔

قبلہ مفتی سید مبشر رضا قادری دامت فیوضھم کا اس عنوان پر کام لائق ستائش ہے رب تعالی قبلہ کو کامل عافیت سے نوازے۔سفر میں ہونے کی بنا پر کتاب کے چند اوراق کو دیکھنے کا شرف پایا اور علامہ مفتی عبد اللہ نوری صاحب دامت فیوضھم کی تحریک پر چند کلمات لکھنے کی سعادت ملی۔رب تعالیٰ تمام علماء اہلسنت و مشائخ اہلسنت کو سلامتی عطا فرمائے، آمین بجاہ النبی الامین

علامہ مفتی مظفر حسین شاہ (کراچی)

تقریظ

علامہ مفتی محمد دین سیالوی (انگلینڈ)

عقیدہ ختم نبوت امت مسلمہ کا اجماعی اور اساسی عقیدہ ہے۔اس پر ایمان اسی طرح ضروری جس طرح عقیدہ توحید پر ایمان ضروری ہے۔یہ اتنا حساس عقیدہ ہے کہ اس میں شک وشبہ بھی کفر ہے۔دعویٰ نبوت تو بہت بڑی بات ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کے بعد نبوت کی دعا اور تمنا کرنا بھی کفر ہے۔یہ عقیدہ جتنا اہم ہے اس کا تحفظ بھی اتنا ہی ضروری ہے۔خوش نصیب علماء حق شروع سے تحفظ ختم نبوت کے محاذ برسر پیکار ہیں۔ان مجاہدین ختم نبوت میں نمایاں مفتی سید مبشر رضا قادری شاہ صاحب کا نام ہے جنہوں نے ختم نبوت کی تبلیغ و تدریس اور تصنیف و تالیف کے ہر میدان میں خدمات سرانجام دی ہیں بالخصوص سوشل میڈیا کو انہوں نے ایک مؤثر ہتھیار کے طور پر استعمال کیا ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی محنت کو اور ثمر بار فرمائے۔شاہ صاحب کی تازہ تصنیف ”ختم نبوت کورس“ ہے جو وقت کی ضرورت ہے۔اللہ تعالیٰ اس کتاب کو علماء، طلباء اور عوام کے لئے یکساں مفید بنائے اور شاہ صاحب کی اس سعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔آمین ثم آمین

علامہ مفتی محمد دین سیالوی (انگلینڈ)

تشکر

ہمارے جن دوستوں نے کتاب کی اشاعت میں حصہ لیا، اللہ پاک ان کے جان و مال، آل و اولاد کی خیر فرمائے، اللہ پاک ان کے رزق حلال میں اضافہ فرمائے، صحت وتندرستی والی عمرِ طویل عطا فرمائے مرحومین کی کلی بخشش فرمائے آمین۔

تقدیم

”ختم نبوت کورس“ وقت کی اہم ضرورت

اثر خامہ: سید صابر حسین شاہ بخاری قادری

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الامین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ اجمعین

فتح باب نبوت پہ بے حد درود
ختم دور رسالت پہ لاکھوں سلام

عقیدۂ ختمِ نبوّت ضروریاتِ دینیہ میں سے ایک ایسا عقیدہ ہے جس پر ہمارے ایمان وایقان کی پوری عمارت استوار ہے، اس عقیدہ کی حساسیت اور اہمیت اظہر من الشمس ہے ،کتنا ہی زاہد و پارسا، عالم و فاضل ہو، محقق و مصنف کیوں نہ ہو اگر وہ عقیدۂ ختمِ نبوّت سے ذرہ بھر بھی انحراف کرتا ہے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، وہ کافر و مرتد اور زندیق ہے۔

ہمارے نبی آخر الزماں حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کبار اور اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین نے یمامہ کے محاذ پر مسیلمہ کذاب کے خلاف نہایت ہی فیصلہ کن جہاد فرما کر قیامت تک کے مسلمانوں کے لئے عقیدۂ ختمِ نبوّت کی اہمیت و افادیت واضح فرمادی۔ اب میرے پیارے نبی آخر الزماں حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے پاک طینت اور نفوس قدسیہ ہر محاذ پر قیامت تک عقیدۂ ختمِ نبوّت پر پہرہ دیتے رہیں گے۔ حق و باطل کی جنگ روز ازل سے جاری ہے۔ برصغیر کی سرزمین

نے جہاں مختلف فتنوں کو جنم دیا ہے وہاں اسی سرزمین سے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایسے غلام بھی پیدا فرمائے ہیں جنہوں نے ان فتنوں کا دم آخریں تک تعاقب کیا ہے۔

آج بھی برصغیر میں منکرین ختمِ نبوّت کے مختلف گروہ اپنی ریشہ دوانیوں اور کارستانیوں میں مصروف ہیں اور مسلمانوں کو اپنے دام تزویر میں پھنسا رہے ہیں۔ان گروہوں میں فتنۂ قادیانیت،فتنۂ ذکریت اور فتنۂ بہائیت پیش پیش ہیں۔الحمدللہ علی احسانہ وفضلہ،ہمارے اہل علم وقلم میں بیداری کی ایک لہر پیدا ہوئی ہے اور وہ جہاد بالقلم کے محاذ پر پوری طاقت اور قوت سے معرکہ آرائیوں میں مصروف ہیں۔اس پر منکرین ختمِ نبوّت کے رد و ابطال میں ہمارے اہل علم وقلم کے مختلف کتب ورسائل شاہد و ناطق ہیں۔ہماری نوجوان نسل کے قلوب و اذہان میں عقیدۂ ختمِ نبوّت کے تحفظ کا شعور بیدار کرنے کے لئے ہمارے صاحبانِ بصیرت نے مختلف کورسز کا سلسلہ شروع کیا ہے جو نہایت ہی مفید اور کارآمد ہے۔ان کورسز کا باضابطہ نصاب بھی ترتیب دے کر طبع کیا ہے۔محمد بدیع الزماں بھٹی ایڈووکیٹ نے ادارہ تعلیمات ختمِ نبوۃ انٹرنیشنل مرکز مڑھ بلوچاں تحصیل سانگلہ ہل کے زیرِ اہتمام ختمِ نبوّت کورس ترتیب دیا ہے۔اس میں دفاعِ عقیدۂ ختمِ نبوّت اور ردِ قادیانیت میں اہل علم وقلم کے مضامین و مقالات کو نہایت ہی آسان اور عام فہم انداز میں پچاس اسباق میں تقسیم کیا گیا ہے۔آپ نے ان اسباق کو چھوٹے چھوٹے کتابچوں میں شائع کیا گیا ہے۔ختمِ نبوّت کورس پر مشتمل ان تمام کتابچوں کو افادہ عام کے لئے یکجا کر کے الگ کتابی صورت میں بھی شائع کرنے کی ضرورت ہے۔صاحب زادہ محمد نجم الامین عروس فاروقی نے مونیاں شریف گجرات سے "تحفظ ختمِ نبوّت کورس" ترتیب دے کر شائع فرمایا ہے جسے سات اسباق میں تقسیم کیا گیا ہے۔ہر باب نہایت ہی مختصر مگر جامع ہے اور ہر باب کے آخر میں سات سوالات دیئے گئے ہیں۔یہ کورس انتہائی

مختصر مگر مفید تر ہے اور صرف چوبیس صفحات پر محیط ہے۔الطاف گوہر نے" دفاع ختم نبوت خط وکتابت کورس ترتیب دے کر طبع کرایا ہے جو 512 صفحات پر محیط ہے۔عصر حاضر میں فقیر کے مہربان اور قدر دان علامہ مفتی سید مبشر رضا قادری زید مجدہ کا نام محافظین ختم نبوت میں نہایت ہی روشن اور نمایاں ہے۔ یوں تو سوشل میڈیا پر آپ مرزا قادیانی کی ذریت کو ناکوں چنے چبوا رہے ہیں لیکن جہاد بالقلم کے محاذ پر بھی آپ کی خدمات جلیلہ دیدنی ہیں۔ختم نبوت کے تحفظ اور فتنۂ قادیانیت کے رد میں اب تک آپ کی چھ کتابیں چھپ کر سامنے آچکی ہیں۔ان میں قادیانی کلمہ،قادیانی کذاب،قادیانی توحید،200 جھوٹ،ضعیف احادیث اور معراجِ جسمانی شامل ہیں۔آپ نے بھی" **ختمِ نبوّت کورس** "ترتیب دیا ہے لیکن آپ کا یہ کورس دیگر تمام کورسز سے ممتاز ومنفرد ہے۔آپ نے نہایت ہی محققانہ اور ادیبانہ انداز میں یہ کورس ترتیب دیا ہے۔ یہ کورس ایسا ہے کہ جو قاری کو کئی ضخیم کتابوں سے بے نیاز کر دے گا اور جس نے بھی یہ کورس انہماک سے ایک بار بھی پڑھ لیا تو عقیدۂ ختمِ نبوّت کے تحفظ کا شعور اس کے قلوب و اذہان میں ہمیشہ کے لئے جاگزیں ہو جائے گا۔آپ نے اس کورس کی ترتیب و تدوین کے لئے محنت شاقہ کی ہے آپ نے جہاں ختمِ نبوّت کے حوالے سے اپنوں کے ذخیرۂ کتب و رسائل کو کھنگالا ہے وہاں مرزا قادیانی آنجہانی اور اس کی ذریت کی بھی خانہ تلاشی لی ہے۔ یوں آپ کا یہ کورس نہایت ہی علمی و تحقیقی اور فکری ہے۔جو چھوٹے بچوں سے لے کر بڑوں تک کے لئے یکساں کارآمد اور مفید ہے۔

سر دست آپ نے اس کورس کو صرف چھے عنوانات میں تقسیم فرمایا ہے۔اور ہر عنوان کے لئے ایک جلد مختص کی ہے۔جلد اول 256 صفحات پر مشتمل ہے لیکن آئندہ آنے والی جلدوں میں صفحات کی تعداد کم و بیش رہے گی۔کئی جلدیں سات یا آٹھ سو صفحات پر پھیلی ہیں۔جن قادیانی کتب و رسائل کے حوالے دیئے گئے ہیں ان کے اصل عکوس بھی شامل کر

دئیے گئے ہیں جو تحقیقی نقطۂ نظر سے نہایت ہی اہمیت کے حامل ہیں ۔پہلی جلد کا عنوان "**عقیدۂ ختمِ نبوّت**" ہے جس میں قرآن وحدیث کی روشنی اور حقائق کے اجالے میں عقیدۂ ختمِ نبوّت کی وضاحت کی گئی ہے اور اس کی اہمیت وفضیلت احاطۂ تحریر میں لائی گئی ہے ۔ دوسری جلد کا عنوان "**ردِاجرائے نبوت**" ہے ۔جس میں مرزا قادیانی کے عقیدۂ باطلہ اجرائے نبوت کی خبر لی گئی ہے اور مرزا قادیانی آنجہانی کے تمام مفروضوں اور مغالطوں کا تسلی بخش جواب دیا گیا ہے ۔تیسری جلد کا عنوان "**عقیدۂ حیات مسیح علیہ السّلام**" ہے ۔جس میں حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السّلام کی حیات کا اسلامی تصور پیش کیا گیا ہے اور قادیانی دجل وفریب کا پردہ چاک کیا گیا ہے ۔چوتھی جلد کا عنوان "**ردِعقیدۂ وفات مسیح علیہ السّلام**" ہے ۔جس میں حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السّلام کی وفات کے حوالے سے اہل اسلام کا عقیدہ پیش کیا گیا ہے اور مرزا قادیانی آنجہانی کے اعتراضات وشبہات کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے ۔ پانچویں جلد کا عنوان "**امام مھدی رضی اللّٰہ عنہ**" ہے ۔جس میں حضرت امام مھدی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسلام کا صحیح تصور پیش کیا گیا ہے اور آپ کے بارے میں مرزا قادیانی آنجہانی کے اعتراضات و شبہات کا جائزہ لیا گیا ہے ۔چھٹی جلد کا عنوان "**کردارِمرزا قادیانی**" ہے جس میں مرزا قادیانی آنجہانی کی زندگی سراپا شرمندگی کی نقاب کشائی کی گئی ہے ۔ یہ تیس روزہ ختمِ نبوّت کورس چھ عنوانات پر مشتمل ہے جو چھ ہی جلدوں میں پھیلا ہوا ہے اور ہر عنوان کے پانچ پانچ اسباق دئیے گئے ہیں ۔ یوں کل تیس اسباق ہیں ۔

ختمِ نبوّت کورسز میں میرے ممدوح علامہ مفتی سید مبشر رضا قادری زید مجدہ کا ترتیب دیا گیا یہ کورس نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے اور یہ ایک ریفرنس بک کی حیثیت رکھتا ہے ۔

مملکت خداداد پاکستان میں قرارداد ختم نبوت کی منظوری کے جشن زریں (1974ء۔2024ء)اور ماہ ربیع الاول کے جشن بہاراں (ربیع الاول 1446ھ) کے موقع پر اس کورس کی پہلی جلد طباعت کے مراحل سے گزر کر ہماری آنکھوں کو ٹھنڈا کر رہی ہے۔فاضل مصنف و محقق کی خدمت میں فقیر سراپا تقصیر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد اور ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالی اپنے محبوب حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل آپ کی اس علمی وفکری کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے شہرت عام اور بقائے دوام بخشے۔آمین ثم آمین یارب العالمین بجاہ سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وازواجہ وذریتہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

دعا گو و دعا جو گدائے کوئے مدینہ شریف

احقر سید صابر حسین شاہ بخاری قادری غفرلہ

"خلیفۂ مجاز بریلی شریف" مدیر اعلیٰ الحقیقہ پاکستان

مدیر اعلیٰ سہ ماہی مجلہ" خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" (انٹرنیشنل)

سرپرست اعلیٰ" مجلہ" سوئے طیبہ" (آن لائن ادارہ فروغ افکار رضا و ختم نبوت اکیڈمی برھان شریف ضلع اٹک پنجاب پاکستان

(18 / ربیع الاول 1446ھ/ 23 /ستمبر 2024ء بروز پیر بوقت 12:54،دن)

عرضِ مصنف

الحمدللہ عزوجل عقیدہ ختم نبوت کے عنوان سے ہماری یہ کتاب مکمل ہوئی۔ کچھ اس کتاب کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں اس سے پہلے یہ جان لیں کہ عاجز راقم کو سوشل میڈیا پر کم وبیش پچیس سال کا طویل عرصہ ہوگیا ہے پالٹاک کے دور سے ہم ختم نبوت کا کام کررہے ہیں ابتدا میں تو ہم اکیلے تھے مگر آہستہ آہستہ دوستوں کی تعلیم و تربیت کی جس کی بنا پر چند مجاہدین ختم نبوت تیار ہوئے اور یہ سلسلہ آج تک بدستور جاری ہے۔قادیانیوں سے مناظرے کرتے ہوئے بہت سے تجربات ہوئے، ان لوگوں کے اعتراضات سنے پھر ان اعتراضات کے جوابات تیار کرنے کے لیے تحقیقات کی گئیں اس کے لیے گوگل کا سرچ انجن، الشاملہ سافٹوئیر، المدینہ لائبریری سافٹوئیر اور میری ذاتی لائبریری میری معاون رہی۔ پھر سوشل میڈیا پر لائیو مناظرات کرنے کے علاوہ تحریری کام کی طرف توجہ دی گئی اور کم وبیش پچیس کے قریب کتب تحریر کی گئیں جن میں سے تقریباً چھ کتب چھپ پائیں بقیہ زیرِ طبع ہیں جب بھی ہمیں ان کو چھپوانے کی ہمت ہوئی اور کچھ معاونین میسر آگئے تو ان شاء اللہ ان کی اشاعت بھی کی جائے گی۔ حالیہ ہم نے گوجرانوالہ کی سرزمین پر جامعہ ختم نبوت کے نام پر ایک ادارہ قائم کیا ہے جس کا اولین مقصد یہ ہے کہ جو سابقہ قادیانی نو مسلمین ہیں ان کو تحفظ دیا جائے اور ان کو اپنے ادارہ میں رکھ کر اسلامی تعلیم و تربیت کی جائے اور ان کی کفالت کی ذمہ داری لی جائے۔ پھر جو طلباء و طالبات ہمارے ادارہ سے تعلیم پائیں ان کو اس نہج پر تیار کیا جائے کہ وہ سوشل میڈیا پر مناظرانہ کردار ادا کرتے ہوئے قلمی ولسانی تبلیغ سرانجام دینے کی اہلیت رکھیں۔

مزید یہ کہ ہمارا ذاتی ختم نبوت فورم ہے جس کا لنک یہ ہے:

(www.new.khatmenbuwat.org)

اس فورم پر ہمارے طلباء و طالبات اپنی تحقیات کو قلمی طور پر محفوظ کرتے ہیں جو بعد ازیں سوشل میڈیا پر ختم نبوت کا کام کرنے والے دوستوں کے لیے سرچ انجن کا فائدہ دیتا ہے تاکہ بروقت اصل عبارت اور کتاب کا اصل سکین تلاش کرنے میں آسانی رہے۔

حالیہ ہم نے جامعہ ختم نبوت گوجرانوالہ کے زیرِ اہتمام ایک آن لائن کورس شروع کیا تھا اور جب اس کے داخلے کئے گئے تو 1500 سے زائد طلباء و طالبات کی ایک کثیر تعداد ہمارے کورس میں شامل ہوئی۔ ہم نے اپنے تمام طلباء و طالبات کو عرض کیا کہ اپنے اپنے علاقوں میں آپ مساجد، اسکول، کالج، یونیورسٹی، فیکٹری، آفس، گھر یا پھر کسی میرج ہال میں دس روزہ، بیس روزہ یا تیس روزہ ختم نبوت کورس شروع کریں۔ جب ہم نے یہ اعلان کیا تو طلباء و طالبات کی جانب سے استفسار کیا گیا کہ کورس کا نصاب کیا ہوگا؟ اس پر بہت سی مشاورت ہوئی آخر کار یہ فیصلہ طے پایا کہ ہم ایک کتاب مرتب کئے دیتے ہیں جس کو مدِنظر رکھ کر آپ اپنے کورس کے نصاب کو ترتیب دے سکتے ہیں۔

اول تو میرے ذہن میں یہی تھا کہ اس کتاب کے تیس اسباق ہوں گے اور ایک جلد میں ہی یہ تیس اسباق سما جائیں گے لیکن جب مواد اکٹھا ہوا تو فیصلہ کیا گیا کہ پانچ پانچ اسباق کی ایک ایک جلد مرتب کی جائے اور چھ جلدوں پر ایک کتاب بنے۔ وہ اس طرح کہ قادیانیوں کے مرکزی اعتراضات کے جوابات بھی آجائیں اور اسلام کی حقیقی تعلیمات بھی آجائیں لہذا اس کی تمام جلدیں کچھ اس طرح ترتیب پائی ہیں:

جلد اول: عقیدہ ختم نبوت

اس جلد میں مسلمانوں کا عقیدہ ختم نبوت قرآن، حدیث، کتب اسلاف سے پیش کیا گیا ہے، سورہ احزاب کی آیت 40 جو کہ عقیدہ ختم نبوت کی مرکزی دلیل ہے اس پر مفصل روشنی

ڈالی گئی ہے اور لفظ خاتم کا ترجمہ ”آخری“ لغات عرب سے ثابت کیا گیا ہے اور خود مرزائی کتب سے بھی خاتم کا ترجمہ آخری ثابت کیا گیا ہے کیوں کہ قادیانی خاتم کے دو ترجمے کرتے ہیں ایک مہر دوم افضل کے۔

جلد دوم: ردعقیدہ اجرائے نبوت

جلد دوم میں مسلمانوں کے عقیدہ ختم نبوت کی مخالفت میں قادیانی اجرائے نبوت کا عقیدہ پیش کرتے ہیں اجرائے نبوت کا مطلب ہے کہ نبوت جاری ہے اب نبی عالم ﷺ کے بعد مزید اور بھی نبی آتے رہیں گے، ہم نے اجرائے نبوت پر قادیانیوں کی پیش کردہ آیات و احادیث اور کتب اسلاف کے اقتباسات کا رد قرآن و احادیث اور کتب اسلاف سے ہی پیش کیا ہے۔

جلد سوم: عقیدہ حیاتِ مسیح علیہ السلام

جلد سوم میں ہم نے اسلامی عقیدہ حیات عیسیٰ ابن مریم علیھما السلام پیش کیا ہے۔کیوں کہ مرزا قادیانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پہلے مردہ ثابت کرتا ہے پھر آنے والے مسیح کے طور پر خود کو پیش کرتا ہے اور کہتا ہے کہ جس مسیح کے آنے کا وعدہ قرآن و حدیث میں ہے وہ مسیح در حقیقت میں ہوں اسی لیے قادیانی لوگ مرزا قادیانی کو مسیح موعود کہتے ہیں۔

جلد چہارم: ردعقیدہ وفاتِ مسیح علیہ السلام

مرزا قادیانی نے وفات مسیح ثابت کرنے کے لیے جو قرآن کی آیات اور احادیث اور بزرگانِ دین کی کتب کے دلائل دیئے تھے ان کا رد اس کتاب میں آپ کو ملے گا۔

جلد پنجم: عقیدہ امام مہدی رضی اللہ عنہ

جب ختم نبوت کی بات ہو گی تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ لازمی ہو گا کیوں کہ انہوں نے ابھی آسمان سے نزول فرمانا ہے اور جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ ہو گا تو

لازمی سی بات ہے کہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کا ذکر خیر بھی لازمی ہو گا کیوں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بعد از نزول حضرت امام مہدی کے پیچھے نماز ادا فرمانی ہے اور ان کے ساتھ ملکر جنگ بھی کرنی ہے۔ لہذا مرزا قادیانی کہتا ہے کہ وہ امام مہدی بھی میں ہی ہوں یعنی مسیح اور مہدی دونوں شخصیات میں ہی ہوں تو ہم نے دلائل کے ذریعے اس باطل عقیدہ کا ردِ بلیغ کیا ہے۔

جلد ششم: کردارِ مرزا غلام قادیانی

ہمارا یہ کہنا ہے کہ قادیانیو! تم مرزا قادیانی کو کبھی نبی و رسول بناتے ہو کبھی عیسیٰ و مہدی بناتے ہو پہلے اس غلیظ مخلوق کو انسان تو ثابت کرلو کیوں کہ مرزا قادیانی خود کہتا ہے کہ:

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

جو شخص خود یہ کہتا ہے کہ میں انسان کا بچہ ہی نہیں تو پہلے اسے انسان ثابت کرلو پھر اس کو اچھا انسان ثابت کرنا کیوں کہ مرزا قادیانی انسانی فطرت سے بعید افعال سر انجام دیتا رہا زناکاری، رنڈی بازی، شراب نوشی، لواطت، بچے بازی، فریب کاری، اور دیگر قبیح و شنیع افعال میں ملوث رہا۔ ان سبھی کرتوتوں کو ہم نے جلد ششم میں تفصیل سے ذکر کیا ہے اور مرزا قادیانی کی پیدائش سے لے کر موت تک کی تمام حرامکاریوں کو قادیانی کتب سے ثابت کیا ہے۔ آخر میں یہ بتاتا چلوں کہ تمام جلدوں میں ہم نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ سبق کے آخر میں سوالات قائم کئے ہیں پھر سوالات کے بعد سبق میں دیئے گئے تمام حوالہ جات کے اصل سکین بھی لگا دیئے ہیں تا کہ اگر ہمارے طلباء و طالبات کسی قادیانی سے مناظرہ کریں تو ان کو دلائل دینے کے لیے کہیں اور نہ جانا پڑے۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ ہماری اس کاوش کو قبول فرمائے اور عاجز کے لیے ذریعہ نجات بنائے آمین۔ مفتی سید مبشر رضا قادری مہتمم جامعہ ختم نبوت گوجرانوالہ

سبق نمبر 1

آیتِ ختم نبوت ولغاتِ خاتم

مسلم عقیدہ ختم نبوت کی تعریف:

”حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری نبی و رسول ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اب کوئی نبی رسول پیدا نہیں ہو سکتا۔قرب قیامت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے زندہ نازل ہوں گے اور حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز ادا فرمائیں گے۔“

قادیانی مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لیے کہتے ہیں کہ ہم بھی ختم بنوت کو مانتے ہیں اور ہم بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مانتے ہیں۔قادیانی عقیدہ کے مطابق مرزا قادیانی بھی نبی ہے لیکن یہ اس طرح نبی ہے کہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مہر لگ کے نبی بنا ہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اب کوئی بھی نبی آئے گا تو اس کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مہر لگائیں گے تو وہ نبی بنے گا۔مرزا قادیانی چونکہ چراغ بی بی عرف مائی گھسیٹی کے بطن سے پیدا ہوا تھا اور باپ اس کا غلام مرتضیٰ تھا۔اس وجہ سے ختم نبوت کی تعریف پر مرزا قادیانی پورا نہیں اترتا کیونکہ مسلمانوں کے نزدیک ختم نبوت سے مراد ہی یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اب کوئی نبی پیدا نہیں ہو سکتا لہذا جب مرزا قادیانی پیدا ہو گیا تو اس کے پیدا ہونے سے ہی یہ کذاب ثابت ہو گیا۔

لہذا یاد رکھنا چاہیے کہ جب بھی ختم نبوت کی تعریف بیان کریں تو ہم نے جو تعریف لکھی ہے یہی بیان کی جائے۔اور اگر آپ نے کہیں یہ تعریف کر دی جو عمومی مسلمان کرتے ہیں کہ: ختم نبوت سے مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا تو قادیانی پلٹ کر کہیں

گے کہ دیکھو مسلمانو! تم بھی ایک نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کے دعویدار ہو تو جب وہ تشریف لائیں گے تو تمہاری ختم نبوت کی تعریف غلط ثابت ہو جائے گی لہذا قادیانیوں کے سامنے ختم نبوت کی ایسی تعریف کی جائے کہ ان کو اعتراض کرنے اور مرزا قادیانی کو سچا ثابت کرنے کا کوئی جواز باقی نہ رہے۔

آیت ختم نبوت (سورہ احزاب آیت 40)

قرآن پاک میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے کہ:

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا

ترجمہ کنزالایمان: محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے پچھلے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

﴿سورہ احزاب آیت ۴۰﴾ سکین صفحہ 35

آیت کا شان نزول:

عربوں کے ہاں ایک قبیح رسم تھی کہ لے پالک بیٹے (ایسا بچہ جو کسی سے لے کر پالا جاتا ہے) کو حقیقی اور نسبی بیٹا سمجھتے تھے اور وراثت میں شریک مانتے تھے اور اس کی زوجہ کو اس منہ بولے باپ کے لیے حرام سمجھتے تھے۔ اسی وجہ سے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو جو کہ آپ ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے، آپ ﷺ کا حقیقی بیٹا سمجھتے تھے اسی وجہ سے آپ کو زید بن محمد کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ لیکن اسلام کے چونکہ اپنے قوانین ہیں تو اللہ پاک نے اپنے نبی ﷺ کے ہاتھوں اس قبیح رسم کو ختم کروایا۔ اللہ پاک کی وحی حضور ﷺ پر نازل ہوئی سورہ احزاب میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ:

وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَآءَكُمْ أَبْنَآءَكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ قَوْلُكُم

بِأَفْوَاهِكُمْ ۖ وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ ﴿٤﴾ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ ۚ ﴿٥﴾

ترجمہ کنزالایمان: نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا بنایا یہ تمہارے اپنے منہ کا کہنا ہے اور اللہ حق فرماتا ہے اور وہی راہ دکھاتا ہے۔انہیں ان کے باپ ہی کا کہہ کر پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ ٹھیک ہے۔

اس آیت میں عرب کی اس قبیح رسم کو توڑتے ہوئے فرمایا کہ ان لے پالکوں کو ان کے اصلی باپوں کے نام سے پکارو۔اس آیت کے نزول کے بعد لوگوں نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو زید بن محمد کی بجائے ان کے باپ کے نام کے ساتھ پکارنا شروع کر دیا۔چونکہ یہ رسم عربوں کے ہاں قدیم سے چلتی آرہی تھی تو ایسی آبائی رسم کے یک دم ختم ہوتے دیکھنا عربوں کے لیے دشواری کا باعث بن رہا تھا۔چنانچہ اس رسم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی مطلقہ زوجہ سے نکاح کا حکم ارشاد فرمایا،اللہ تعالیٰ نے سورہ احزاب میں ارشاد فرمایا:

فَلَمَّا قَضَىٰ زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ ﴿٣٧﴾

ترجمہ کنزالایمان: پھر جب زید کی غرض اس سے نکل گئی تو ہم نے وہ تمہارے نکاح میں دے دی کہ مسلمانوں پر کچھ حرج نہ رہے ان کے لے پالکوں (منہ بولے بیٹوں) کی بیبیوں میں۔

اس آیت کے نزول کے بعد مشرکین عرب نے شور مچایا کہ دیکھو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اب اپنے بیٹے کی بیوی سے شادی کر لی،اس پر اللہ پاک نے قیامت تک کے لیے یہ قانون مقرر

کرتے ہوئے سورہ احزاب میں ارشاد فرمایا:

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٤٠﴾

ترجمہ کنزالایمان: محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے پچھلے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

اس میں اس چیز کی وضاحت بیان کر دی گئی کہ جس کو تم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیٹا سمجھ رہے ہو وہ ان کا بیٹا نہیں ہے بلکہ وہ حارثہ کا بیٹا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو کسی بالغ مرد کے باپ ہی نہیں ہیں یاد رہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تینوں فرزند قاسم، عبداللہ، ابراھیم رضی اللہ عنھم بچپن میں ہی وصال فرما گئے تھے۔ اسی لیے آیت میں رجالکم کا ذکر ہے رجال بالغ مردوں پر بولا جاتا ہے نابالغوں کے لیے طفل کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔

خاتم کا قرآنی مفہوم

سورہ احزاب آیت 40 میں آنے والے لفظ خاتم کو سمجھنے کے لیے ہمیں خاتم کے مادہ کو قرآن حکیم میں دیگر جگہوں پر تلاش کرنا پڑے گا اور دیکھنا ہوگا کہ خاتم کا مادہ کن معنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ جب ہم قرآن حکیم میں تلاش کرتے ہیں تو ختم کا مادہ 7 مختلف مقامات پر ملتا ہے۔ ان تمام آیات کو یہاں لکھا جا رہا ہے ملاحظہ فرمائیں

(1) خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ﴿سورہ البقرۃ آیت ۷﴾

ترجمہ کنزالایمان: اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر مہر کر دی

(2) خَتَمَ عَلَىٰ قُلُوبِكُم ﴿سورہ الانعام آیت ٤٦﴾

ترجمہ کنزالایمان: تمہارے دلوں پر مہر کر دے

(3) اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ ﴿سورہ یٰسین آیت ٦٥﴾

ترجمہ کنزالایمان: آج ہم ان کے مونھوں پر مہر کردیں گے

(4) فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ﴿سورہ الشوریٰ آیت ٢٤﴾

ترجمہ کنزالایمان: اللہ چاہے تو تمہارے اوپر اپنی رحمت و حفاظت کی مہر فرمادے

(5) خَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ ﴿سورہ الجاثیہ آیت ٢٣﴾

ترجمہ کنزالایمان: اس کے کان اور دل پر مہر لگادی

(6) يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿سورہ المطففین آیت ٢٥﴾

ترجمہ کنزالایمان: نتھری شراب پلائے جائیں گے جو مُہر کی ہوئی رکھی ہے

(7) خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ﴿سورہ المطففین آیت ٢٦﴾

ترجمہ کنزالایمان: اس کی مُہر مشک پر ہے

ان تمام آیات پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ کسی چیز کو بند کر کے اس میں کسی چیز کے اندر داخل ہونے یا اندر سے باہر آنے کا راستہ بند کرنے کے لیے ختم کا مادہ استعمال ہو رہا ہے۔ ختم کے اس مادہ کے ترجمہ پر غور کرنے سے پتہ چلا کہ سورہ احزاب کی آیت 40 میں خاتم النبیین کا واضح ترین ترجمہ یہ بنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلسلہ نبوت کو بند کرنے والے ہیں وہ اس طرح کہ نہ اس سلسلہ نبوت سے کوئی نبی نکل سکتا ہے اور نہ ہی مزید کوئی نیا نبی اس سلسلہ میں داخل ہوسکتا ہے۔

خاتم کا نبوی مفہوم

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مفہوم بکثرت احادیث میں بیان کیا گیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔ صرف ایک مشہور حدیث کو یہاں ذکر کیا جارہا ہے جس کو دلیل بناتے ہوئے خود مرزا غلام قادیانی نے بھی ذکر کیا ہے، مرزا قادیانی کہتا ہے کہ:

ألا تعلم أن الربّ الرحیم المتفضّل سمّی نبیّنا صلی اللہ علیہ وسلم خاتَمَ الأنبیاء بغیر استثناء ، وفسّرہ نبیُّنا فی قولہ لَا نَبِیَّ بَعْدِی ببیان واضح للطالبین؟

ترجمہ راقم: کیا تو جانتا نہیں ہے کہ رب رحیم نے ہمارے نبی ﷺ کا خاتم الانبیاء بغیر کسی استثناء کے نام رکھا، اور ہمارے نبی ﷺ نے لانبی بعدی کہہ کر طالبین حق کے لیے ایک واضح بیان کے ساتھ اس کی تفسیر خود فرمادی ہے۔

(روحانی خزائن جلد 7 صفحہ 200) سکین صفحہ 36

مرزا قادیانی اس عربی عبارت میں سورہ احزاب کی آیت 40 کی تفسیر حضور خاتم النبیین ﷺ کی حدیث لانبی بعدی سے کر رہا ہے اور اپنے ماننے والے قادیانیوں کو تنبیہ کر رہا ہے کہ خاتم النبیین کا مطلب آخری نبی ہوتا ہے۔

خاتم النبیین ﷺ کا ترجمہ آخری نبی از مفسرین

اب ہم یہاں سورہ احزاب آیت 40 میں بیان کردہ خاتم النبیین کی تفسیر اپنے اسلاف مفسرین سے کر رہے ہیں جس سے آپ کو پتہ چلے گا کہ ہمارے تمام اسلاف علماء کرام خاتم النبیین ﷺ کا ترجمہ ومفہوم آخری نبی ہی کرتے رہے ہیں۔ طوالت سے بچنے کے لیے ہم چند تفاسیر کے حوالہ جات دے رہے ہیں۔

تفسیر یحیٰ بن سلام

علامہ یحیٰ بن سلام بصری متوفیٰ 200ھ فرماتے ہیں:

قَالَ: {وَلَكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ}

[الأحزاب: 40] الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لا تَقُولُوا: لا نَبِيَّ بَعْدَ مُحَمَّدٍ، وَقُولُوا: خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، فَإِنَّهُ يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلا وَإِمَامًا مُقْسِطًا، فَيَقْتُلُ الدَّجَّالَ، وَيَكْسِرُ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَتَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا.

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ" وَلَكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ " ربیع بن صبیح ،محمد بن سیرین سے اور وہ سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ فرماتی ہیں یہ مت کہا کرو کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اگر چہ یہ کہہ لیا کرو کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہیں کیونکہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نے ابھی حکم و عدل و امام بن کر نازل ہونا ہے پس وہ جب نازل ہوں گے تو دجال کو قتل کر دیں گے اور صلیب توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے۔ جزیہ موقوف کر دیں گے اور جنگ وجدال ختم ہو جائے گا۔

(تفسیر یحیٰ بن سلام، جلد 1 ،صفحہ 723 ،دار الکتب العلمیۃ بیروت) سکین صفحہ 37

تفسیر معانی القرآن واعرابه

علامہ ابراھیم بن السری بن سھل الزجاج متوفیٰ 311 ھ فرماتے ہیں کہ:

وقرئت: وخاتِمَ النبيينَ وخاتَم النبيين. فَمَنْ كَسَرَ التاء فمعناه ختم النبيين، ومن قرأ وخاتَم النبيينَ بفتحِ التاء فمعناه آخر النبيين، لَا نَبِي

بعده صلی اللہ علیہ وسلم .ویجوز: ولکن رسول اللہِ وخاتمُ النبیین.فمن نصب فالمعنی ولکن کان رَسُولَ اللّٰہِ وکان خاتَمَ النبیینَ.ومن رفع فالمعنی ولکن ھُوَ خَاتَمُ النبیین.

پڑھا گیا: خاتِمَ النبیینَ وخاتَمِ النبیین یعنی ت کی زیر کے ساتھ اس سے مراد ختم کرنے والا نبیوں کا ہے،اورت کی زبر کے ساتھ پڑھا جائے تو پھر اس کا معنیٰ آخری نبی ہوگا۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا۔اور یہ جائز ہے:لیکن خدا کے رسول اور خاتم النبیین،اور خاتم کی میم کو اگر زبر لگا کر پڑھا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں اور اگر میم کو پیش لگا کر پڑھا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ خاتم النبیین ہیں۔

(تفسیر معانی القرآن واعرابہ،جلد 4،صفحہ 230،عالم الکتب بیروت) سکین صفحہ 38

خاتم النبیین ﷺ کا ترجمہ آخری نبی از لغات

اب ہم چند عربی لغات سے خاتم النبیین کا ترجمہ دکھاتے ہیں جس سے اس عقیدہ کی وضاحت ہو جائے گی کہ اہل لغات بھی خاتم النبیین کا ترجمہ آخری نبی کرتے آئے ہیں۔اول تو یہ جان لیں کہ خاتم کی ت پر زیر اور زبر دونوں اعراب پڑھے جاتے ہیں اور دونوں کا ترجمہ ایک ہی ہے۔

مرزا قادیانی کے نزدیک تاج العروس اور لسان العرب

علمی دنیا میں عربی لغات میں لسان العرب اور تاج العروس کا بہت بڑا مقام ہے اور ہمارے محققین علماء ان دونوں لغات سے دلائل دیتے آئے ہیں،خود مرزا غلام قادیانی بھی

ان دونوں لغات کی بہت تعریف کرتا ہے چنانچہ مرزا قادیانی کہتا ہے کہ:

"لسان العرب اور تاج العروس میں جو لغت کی نہایت معتبر کتابیں ہیں۔"

(روحانی خزائن جلد 9، صفحہ 152) سکین صفحہ 39

"دیکھو لسان العرب اور تاج العروس اور دوسری لغت عرب کی مبسوط کتابیں۔"

(روحانی خزائن جلد 15، صفحہ 317) سکین صفحہ 40

لسان العرب اور تاج العروس کا مقام مرزا قادیانی کے نزدیک کیا ہے ان دو حوالہ جات سے آپ کو پتہ چل گیا ہوگا۔ مزید اور بھی کئی مقامات پر مرزا قادیانی نے ان لغات کی بہت تعریفیں کی ہیں۔ جب مرزا قادیانی کو اپنا باطل اور جعلی عقیدہ ثابت کرنا ہوتا ہے تو ان لغات عرب کا سہارا لیتا ہے۔ اب آئیے ہم ان دنوں لغات کے علاوہ دیگر عربی کی بڑی بڑی لغات کے دلائل سے ثابت کرتے ہیں کہ ان لغات عرب میں خاتم النبیین ﷺ کا ترجمہ کیا لکھا ہوا ہے ملاحظہ فرمائیں۔

تاج العروس من جواهر القاموس

علامہ محمد بن عبدالرزاق الحسینی الزبیدی متوفیٰ 1205ھ لکھتے ہیں کہ:

والخاتَم من كُلِّ شَيْء: عاقِبَتُه، وآخِرتُه خاتِمته. و الخَاتَم: آخِرُ القَوْم كالخاتِم، وَمِنُه قَوله تَعَالَى: {وَخَاتم النَّبِيين} أَي: آخِرهم.

خاتم ہر چیز کی عاقبت اور خاتمہ کے لیے آخر کے معنیٰ میں آتا ہے۔ جیسے الخاتم قوم کے آخری فرد کے لیے آتا ہے ت کی زیر کے ساتھ بھی

استعمال ہوتا ہے اور اسی معنیٰ میں قرآن پاک میں بھی آیا ہے خاتم النبیین ﷺ یعنی تمام انبیاء علیھم السلام کے آخر میں آنے والے نبی ﷺ۔

(تاج العروس، جلد16 (32) صفحہ45، دارالھدایہ، التراث العربی) سکین صفحہ 41

لسان العرب

علامہ محمد بن مکرم بن علی جمال الدین ابن منظور افریقی متوفیٰ 711ھ لکھتے ہیں کہ:

وَمُحَمَّدٌ، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خاتِمُ الأَنبياء، عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ. التَّهْذِيبُ: والخاتِم والخاتَم مِنْ أَسماء النَّبِيِّ، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَفِي التَّنْزِيلِ الْعَزِيزِ: مَا كانَ مُحَمَّدٌ أَبا أَحَدٍ مِنْ رِجالِكُمْ وَلكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخاتَمَ النَّبِيِّينَ؛ أَي آخِرَهُمْ.

محمد خاتم الانبیاء ﷺ ہیں، الخاتم ت کی زیر اور زبر کے ساتھ نبی کریم ﷺ کے اسماء میں سے ہے۔ قرآن پاک میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے کہ....... خاتَمَ النَّبِيِّينَ یعنی تمام انبیاء علیھم السلام کے آخر میں آنے والا نبی۔

(لسان العرب، جلد12 صفحہ164، دار صادر بیروت) سکین صفحہ 42

المحکم والمحیط الاعظم

علامہ ابوالحسن علی بن اسماعیل المرسی متوفیٰ 458ھ فرماتے ہیں کہ:

وخِتَام القَوم، وخاتِمُهم: آخِرهم، عَن اللِّحيانيِّ، وَفِي التَّنْزِيل: (ولَكِن رَسول الله وخاتِمُ النَّبيين)،

أَي: آخِرهم. وَقد قرِيء: (وخاتَمَ النّبيين).
لحیانی کہتے ہیں کہ: خاتم کا مطلب قوم کا آخری فرد ہے یعنی قوم مکمل ہو گئی قوم کا آخر آ گیا۔اسی طرح قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے خاتِمُ النَّبیین یعنی انبیاء علیھم السلام کے آخر میں آنے والا نبی۔خاتم کی ت کے زیر اور زبر کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔
(المحکم والمحیط الاعظم، جلد 5، صفحہ 156، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

سکین صفحہ 43

الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية

علامہ ابو نصر اسماعیل بن حماد جوہری متوفیٰ 393ھ فرماتے ہیں کہ:

[ختم] ختمت الشئ ختما فهو مختوم، ومختم شدد للمبالغة. وختم الله له بخير. وخَتَمْتُ القرآنَ: بلغت آخره. واختتمت الشئ: نقيض افتتحتُه. والخاتَمُ والخاتِمُ، بكسر التاء وفتحها. والخَيْتامُ والخاتامُ كلُّه بمعنىً، والجمع الخَواتيمُ. وتَخَتَّمْتُ، إذا لبستَه. وخاتمة الشئ: آخره. ومحمد صلى الله عليه وسلم خاتِمُ الأنبياء عليهم الصلاة والسلام.

[ختم] میں نے کسی چیز پر مہر لگائی تو وہ مہر لگی ہوئی چیز بن گئی اور مبالغہ کے لیے مہر لگا دی گئی۔خدا اس کا انجام اچھا کرے۔اور میں نے قرآن کو ختم کیا: میں اس کے اختتام کو پہنچا۔اور میں نے اس چیز کو ختم کیا: جو میں نے اسے کھولا کے برعکس۔الخاتَمُ والخاتِمُ، ت

کے زبر اور زیر کے ساتھ۔ الخَیْتامُ والخاتامُ بھی الخاتم کے معنی میں ہیں اور جمع الخواطیم ہے۔ اور میں نے اختتام کیا۔ اگر آپ اسے پہنتے ہیں۔ اور چیز کا اختتام: اس کا خاتمہ۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں، ان پر خدا کی دعائیں اور سلام ہوں۔

سکین صفحہ 44

(الصحاح تاج اللغۃ وصحاح العربیۃ، جلد 5، صفحہ 1908، دار العلم للملایین بیروت)

المفردات فی غریب القرآن

علامہ ابو القاسم الحسین بن محمد المعروف راغب الاصفہانی متوفیٰ 502ھ فرماتے ہیں کہ:

وَخاتَمَ النَّبِيِّينَ[الأحزاب/ 40] ، لأنه خَتَمَ النّبوّة، أي: تمّمها بمجيئه.

خاتم النبیین سورہ احزاب آیت 40، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت پر مہر ثبت کر دی، یعنی: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت کو اپنے آنے سے مکمل کیا۔

سکین صفحہ 45

(المفردات فی غریب القرآن، جلد 1، صفحہ 190، مکتبۃ نزار مصطفیٰ الباز)

الکلیات معجم فی المصطلحات والفروق اللغویۃ

علامہ ایوب بن موسیٰ الحسینی متوفیٰ 1094ھ فرماتے ہیں کہ:

والخاتم، بِكَسْر التَّاء: فَاعل الْخَتْم وَهُوَ الْإِتْمَام وَالْبُلُوغ، وَبِفَتْحِهَا: بِمَعْنى الطابع، وَتَسْمِيَة نَبينَا خَاتم الْأَنْبِيَاء لِأَن الْخَاتم آخر الْقَوْم قَالَ الله تَعَالَى: {مَا كَانَ مُحَمَّد أَبَا أحد من رجالكم وَلَكِن رَسُول الله وَخَاتم النَّبِيين}

اور الخاتم، ت کے کسرہ کے ساتھ: مہر کا لگانے والا، جس چیز کی تکمیل

ہو جائے تو اس پر مہر لگائی جاتی ہے، اورالخاتم کی ت کے فتحہ کے ساتھ: جس کا مطلب ہے مہر، اور ہمارے نبی ﷺ کو خاتم الانبیاء کا نام دینا کیونکہ قومِ نبیین پر آخری مہر۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: {محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں بلکہ وہ خدا کے رسول اور خاتم النبیین ہیں}

(الکلیات معجم فی المصطلحات والفروق اللغویۃ، جلد 1 صفحہ 431،موسسۃ الرسالۃ) سکین صفحہ 46

سبق نمبر 1 ختم شد

یہاں پر ہمارے سبق نمبر 1 کا اختتام ہو رہا ہے اس سبق کو انتہائی محنت سے یاد کی جئے کیوں کہ قادیانیوں کے اجرائے نبوت کے عقیدہ کو غلط ثابت کرنے کے لیے اس میں وہ تمام دلائل موجود ہیں جن کا قادیانیوں کے پاس کبھی کوئی جواب نہیں ہوا۔ اور اگر قادیانیوں سے مناظرہ کرتے ہوئے یہ دلائل ان کو پیش کریں گے تو ان شاء اللہ وہ منہ کی کھائیں گے اور مناظرہ سے بھاگنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ دیئے گئے تمام حوالہ جات کے اصل سکین بھی یہاں لگائے جا رہے ہیں۔ سوالات بھی دیئے جا رہے ہیں ان سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں نوٹ کریں۔

سلسلہ سوالات سبق نمبر 1

(1) مسلمانوں کے عقیدہ ختم نبوت کی تعریف بیان کریں؟

(2) قادیانی مسلمانوں والے عقیدہ ختم نبوت کو کیوں نہیں مانتے؟

(3) عقیدہ ختمِ نبوت پر قرآن کی کوئی ایک آیت پیش کریں؟

(4) مفسرین سے عقیدہ ختم نبوت کی وضاحت کریں؟

(5) عربی لغات سے خاتم النبیین کے معنیٰ کا تعین کریں؟

(6) لسان العرب اور تاج العروس کے متعلق مرزا قادیانی کا موقف تحریر کریں؟

(7) لسان العرب اور تاج العروس کے مصنفین کا نام اور وفات کا سن لکھیں؟

كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ

اللہ کا حکم ہو کر رہنا نبی پر کوئی حرج نہیں اس بات میں جو اللہ نے اس کے لیے

اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا

مقرر فرمائی ف۱۰۰ اللہ کا دستور چلا آرہا ہے ان میں جو پہلے گزر چکے ف۱۰۱ اور اللہ کا کام مقرر

مَّقْدُوْرَا ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ

تقدیر ہے وہ جو اللہ کے پیام پہنچاتے اور اس سے ڈرتے اور اللہ کے سوا

اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ

کسی کا خوف نہ کرتے اور اللہ بس (کافی) ہے حساب لینے والا ف۱۰۲ محمد تمہارے مردوں میں کسی کے

مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

باپ نہیں ف۱۰۳ ہاں اللہ کے رسول ہیں ف۱۰۴ اور سب نبیوں میں پچھلے ف۱۰۵ اور اللہ سب

شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّ

کچھ جانتا ہے اے ایمان والو اللہ کو بہت یاد کرو اور

سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

صبح و شام اس کی پاکی بولو ف۱۰۶ وہی ہے کہ درود بھیجتا ہے تم پر وہ اور اس کے فرشتے ف۱۰۷

جائز ہے۔ ف۱۰۰ یعنی اللہ تعالیٰ نے جو ان کے لیے مباح کیا اور بابِ نکاح میں جو وسعت انہیں عطا فرمائی اس پر اقدام کرنے میں کچھ حرج نہیں۔ ف۱۰۱ یعنی انبیاء علیہم السلام کو بابِ نکاح میں وسعتیں دی گئیں کہ دوسروں سے زیادہ عورتیں ان کے لیے حلال فرمائیں جیسا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی سو بیبیاں اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی تین سو بیبیاں تھیں یہ ان کے خاص احکام ہیں ان کے سوا دوسروں کو روا نہیں نہ کوئی اس پر معترض ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں جس کے لیے جو حکم فرمائے اس پر کسی کو اعتراض کی کیا مجال، اس میں یہود کا رد ہے جنہوں نے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر چار سے زیادہ نکاح کرنے پر طعن کیا تھا اس میں انہیں بتایا گیا کہ یہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خاص ہے جیسا کہ پہلے انبیاء کے لیے تعدادِ ازواج میں خاص احکام تھے۔ ف۱۰۲ تو اسی سے ڈرنا چاہئے۔ ف۱۰۳ تو حضرت زید کے بھی آپ حقیقت میں باپ نہیں کہ ان کی منکوحہ آپ کے لیے حلال نہ ہوتی قاسم و طیب و طاہر و ابراہیم حضور کے فرزند تھے مگر وہ اس عمر کو نہ پہنچے کہ انہیں مرد کہا جائے انہوں نے بچپن میں وفات پائی۔ ف۱۰۴ اور سب رسول ناصح شفیق اور واجب التوقیر و لازم الطاعۃ ہونے کے لحاظ سے اپنی امت کے باپ کہلاتے ہیں بلکہ ان کے حقوق حقیقی باپ کے حقوق سے بہت زیادہ ہیں لیکن اس سے امت حقیقی اولاد نہیں ہو جاتی اور حقیقی اولاد کے تمام احکام وراثت وغیرہ اس کے لیے ثابت نہیں ہوتے۔ ف۱۰۵ یعنی آخر الانبیاء کہ نبوت آپ پر ختم ہوگئی آپ کی نبوت کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی حتیٰ کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو اگرچہ نبوت پہلے پا چکے ہیں مگر نزول کے بعد شریعتِ محمدیہ پر عامل ہوں گے اور اسی شریعت پر حکم کریں گے اور آپ ہی کے قبلہ یعنی کعبۂ معظمہ کی طرف نماز پڑھیں گے حضور کا آخر الانبیاء ہونا قطعی ہے نصِ قرآنی بھی اس میں وارد ہے اور صحاح کی بکثرت احادیث جو حدِ تواتر تک پہنچتی ہیں ان سب سے ثابت ہے کہ حضور سب سے پچھلے نبی ہیں آپ کے بعد کوئی نبی ہونے والا نہیں جو حضور کی نبوت کے بعد کسی اور کو نبوت ملنا ممکن جانے وہ ختمِ نبوت کا منکر اور کافر خارج از اسلام ہے۔ ف۱۰۶ کیونکہ صبح اور شام کے اوقات ملائکۂ روز و شب کے جمع ہونے کے وقت ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اطرافِ لیل و نہار کا ذکر کرنے سے ذکر کی مداومت

فی حدیثٍ ذِکْرَ رفع المسیح حیًّا بجسمه العنصری، بل نجد ذکر وفاة المسیح فی البخاری والطبرانی وغیرهما من کتب الحدیث، فلیرجع إلی تلک الکتب من کان من المرتابین.

وأما ذکرُ نزول عیسٰی ابن مریم فما کان لمؤمن أن یحمل هذا الاسم المذکور فی الأحادیث علٰی ظاهر معناه، لأنه یخالف قول اللّٰه عزوجل ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ﴾[1] ألا تعلم أن الربّ الرحیم المتفضّل سمّی نبیَّنا صلی الله علیه وسلم خاتَمَ الأنبیاء بغیر استثناء، وفسّره نبیُّنا فی قوله لَا نَبِیَّ بَعْدِی ببیان واضح للطالبین؟ ولو جوّزْنا ظهورَ نبی بعد نبیّنا لجوّزْنا انفتاح باب وحی النبوة بعد تغلیقها، وهذا خُلْفٌ کما لا یخفی علی المسلمین. وکیف یجیء نبی بعد رسولنا صلعم وقد انقطع الوحی بعد وفاته وختم اللّٰه به النبیّین ـ أنعتقد

بقیة الحاشیة

کثیرًا من الجاهلین.

وأما الاختلافات التی توجد فی هذه الأحادیث فلا یخفی علی مهرة الفن تفصیلها، وقد ذکرنا شطرًا منها فی رسالتنا "الإزالة"، فلیرجع الطالب إلیها. وقد جاء فی حدیث أن المسیح والمهدی یجیئان فی زمن واحد، وجاء فی حدیث آخر أنه لا مهدی إلا عیسٰی، وجاء فی حدیث أن المسیح والمهدی یتلاقیان ویُشاور المهدی المسیح فی مهمات الخلافة، ویکون زمانهما زمانًا واحدًا. وفی حدیث آخر أن المهدی یُبعث فی وسط قرون هذه الأمة والمسیح ینزل فی آخرها، وفی حدیث من البخاری أن المسیح یجیء حکمًا عدلًا فیکسر الصلیب.. یعنی یجیء فی وقت غلبة عبدة الصلیب فیکسر شوکة الصلیب ویقتل خنازیر النصاری. وفی حدیث آخر أنه یجیء فی وقت غلبة الدجّال علی وجه الأرض فیقتله بحربته. فاعلم أن هذا المقام مقام حیرة وتعجُّب للناظرین. وتفصیله أن مجیء المسیح لکسر صلیب النصاری وقتلِ خنازیرهم یشهد بصوت عال علی أن المسیح الموعود لا یجیء إلا فی وقت غلبة النصاری

[1] الاحزاب: ۴۱

تفسير
يحيى بن سلام
التيمي البصري القيرواني
المتوفى ٢٠٠ هـ
من سورة النحل
إلى سورة الصافات
الجزء الأول
منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

قـــال: ﴿وَكَانَ ... فِيمَا فَرَضَ ٱللَّهُ لَهُۥ﴾
(38) فيما احل الله له. ...

قال بعضهم: في ...

وقال الحسن: يعن... الله (اياه)[2] بغير صداق، ولكن النبي [ص... طاها الصداق.

قال: ﴿سُنَّةَ ٱللَّهِ ... لى الانبياء حرج فيما أحل اللّه لهم، ... ان ثلثمائة امرأة وسبعمائة سرية.

قال: ﴿وَكَانَ أَمْرُ ٱللَّهِ ...

قـــال: ﴿ٱلَّذِينَ ... اْ إِلَّا ٱللَّهَ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ حَسِيبًا﴾ (39) حفيظا لا ...

قوله [عز وجل][4]: ﴿مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ﴾ (40)[5] يقول: ان محمدا لم يكن بأبي زيد وانما كان زيد دعيّا له.

قال: ﴿وَلَٰكِن رَّسُولَ ٱللَّهِ وَخَاتَمَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ﴾ (40)

الربيع بن صبيح عن محمد بن سيرين عن عائشة[6] قالت: لا تقولوا لا نبي بعد محمد وقولوا خاتم النبيين فانه ينزل عيسى ابن مريم حكما عدلا وإماما مقسطا فيقتل الدجال، ويكسر الصليب، ويقتل الخنزير، ويضع الجزية، وتضع الحرب أوزارها.

[نا][7] عثمان عن نعيم بن عبدالله عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لا تقوم الساعة حتى يخرج دجالون كذابون قريب من ثلاثين كلهم يزعم انه نبي [ولا نبي بعدي][8] وأنا خاتم النبيين».

[وحدثني][9] قرة بن خالد عن معاوية بن قرة (المزني)[10] عن ابيه قال:

---

(1) في ح: زوجه.
(2) في ح: اياها.
(3) إضافة من ح.
(4) إضافة من ح.
(5) في طرة ع: تم الجزء الحادي والأربعون.
(6) بداية [126] من ح.
(7) إضافة من ح.
(8) نفس الملاحظة.
(9) إضافة من ح.
(10) ساقطة في ح.

ﷺ ذكورٌ إبراهيم والطيِّبُ والقاسم والمطهَّر[١]، وإنمـا تأويله: مـا كان يحرم عليه مِمَّنْ تبنى به ما يحرم على الوالـد، والنبي ﷺ أبو المؤمنين في التبجيل والتعظيم. وقرئت: وخاتِمَ النبيينَ وخـاتَم النبيين[٢]، فمَنْ كَسَـرَ التاء فمعنـاه ختم النبيين، ومن قرأ وخـاتَم النبِّيينَ ـ بفتح التـاء ـ فمعناه آخر النبيين، لاَ نَبِيَّ بعده ﷺ. ويجوز: ولكن رسول اللَّهِ وخاتمُ النبيينَ. فمن نصب فالمعنى ولكن كانَ رَسُولَ اللَّهِ وكان خاتَمَ النبيينَ، ومن رفع فالمعنى ولكن هُوَ خَاتَمُ النبيين.

وقوله عز وجل: ﴿مَا كَانَ عَلَى النَّبِي مِنْ حَرَجٍ فِيما فَـرَضَ اللَّهُ لَه، سُنَّةَ اللَّهِ [في الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ]﴾.

«سـ ... لى النبي من حرج فيما ... فيها». أي لا ضِيقَ فيها و...

وقوله...

معنـا ... سنَّةُ اللَّه في التَّوْسعة عل... المَاضِين.

وقوله...

«الذي... وا من قبـل، ويجوز أن ... سالات اللَّه، ويجوز أن ي...

(١) لم يكن له...

(٢) قرأ عاصم...

معاني القرآن وإعرابه

للزجاج

أبي إسحق إبراهيم بن السري

المتوفى سنة ٣١١ هـ

شرح وتحقيق

دكتور عبد الجليل عبده شلبي

الجزء الرابع

عالم الكتب

مــا یشـاء و کــل یــوم هــو فــی شـان. یُسبّح لـه کـل نـاطـق و صـامـت.

کرتا ہے اور ہر یک دن وہ ایک کام میں ہے۔ ہر یک بولنے والا اور نہ بولنے والا اس کی تسبیح میں مشغول ہے۔

بقیه حاشیه: کام لیا ہے جو عقل سلیم فی الفور گواہی دیتی ہے کہ یہ اکمل اور اتم سلسلہ مفردات کا اسی لئے عربی میں مقرر کیا گیا تھا کہ تا قرآن کا خادم ہو یہی وجہ ہے کہ یہ سلسلہ مفردات کا قرآن کریم کے تعلیمی نظام سے جو اکمل اور اتم ہے بالکل مطابق آ گیا۔ لیکن دوسری زبانوں کے مفردات کا سلسلہ ان کتابوں کے تعلیمی نظام سے ہرگز مطابق نہیں آتا جو الٰہی کتابیں کہلاتی ہیں اور جن کا ان زبانوں میں نازل ہونا بیان کیا گیا اور نہ دوائر عشرہ مذکورہ ان کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ پس ان کتابوں کے ناقص ہونے کی وجوہ سے یہ بھی ایک بھاری وجہ ہے کہ وہ دوائر ضروریہ سے بے بہرہ اور نیز زبان کے مفردات ان کتابوں کی تعلیم سے وفا نہیں کر سکے اور اس میں بھید یہی ہے کہ وہ کتابیں **حقیقی کتابیں** نہیں تھیں بلکہ وہ صرف چند روزہ کارروائی تھی حقیقی کتاب دنیا میں **ایک ہی** آئی جو ہمیشہ کے لئے انسانوں کی بھلائی کے لئے تھی لہٰذا وہ **دوائر عشرہ** کاملہ کے ساتھ نازل ہوئی اور اس کے مفردات کا نظام **تعلیمی** نظام کا بالکل ہموزن اور ہم پلہ تھا اور ہر یک دائرہ اس کا **دوائر عشرہ** میں سے اپنے طبعی نظام کے اندازہ اور قدر پر مفردات کا نظام ساتھ رکھتا تھا جس میں الٰہی صفات کے اظہار کے لئے اور اقسام اربعہ مذکورہ کے مدارج بیان کرنے کی غرض سے الگ الگ الفاظ مفردہ مقرر تھے اور ہر یک تعلیم کے دائرہ کے موافق مفردات کا کامل دائرہ موجود تھا۔ اب ہم اسی پر اکتفا کر کے ایک اور لفظ کی چند خوبیاں بیان کرتے ہیں۔ سو وہ لفظ ربّ کا ہے جو قرآنی الفاظ میں سے ہم نے لیا ہے۔ یہ لفظ قرآن شریف کی پہلی ہی سورۃ اور پہلی ہی آیت میں آتا ہے جیسا کہ اللہ جلّ شانہ فرماتا ہے **الحمد للّٰہ رب العالمین**۔ **لسان العرب اور تاج العروس میں جو لُغت کی نہایت معتبر کتابیں ہیں** لکھا ہے کہ زبان عرب میں رب کا لفظ سات۷ معنوں پر مشتمل ہے اور وہ یہ ہیں۔ مالک۱۔ سیّد۲۔ مدبر۳۔ مربی۴۔ قیّم۵۔ منعم۶۔ متمم۷۔ چنانچہ ان سات معنوں میں سے تین معنی خدا تعالیٰ کی ذاتی عظمت پر دلالت کرتے ہیں منجملہ ان کے **مالک** ہے اور مالک لغت عرب میں اس کو کہتے ہیں جس کا اپنے مملوک پر قبضہ تامہ ہو اور جس طرح چاہے اپنے تصرف میں لا سکتا ہو اور بلا اشتراک غیر اس پر حق رکھتا ہو اور یہ لفظ حقیقی طور پر یعنی بلحاظ اس کے معنوں کے بجز خدا تعالیٰ کے کسی دوسرے پر اطلاق نہیں پا سکتا کیوں کہ قبضہ تامہ ہو اور تصرف تمام اور حقوق تامہ بجز خدا تعالیٰ کے اور کسی

کا لفظ صرف چھوڑنے یا چھوڑے جانے کے معنوں پر اطلاق پاتا ہے اور کوئی زائد امر اِس کے مفہوم میں نہیں۔ پس واضح ہو کہ ڈسچارج کا ترجمہ مقنّنین کے منشاء کے موافق فارسی میں ہو ہی نہیں سکتا۔ بلکہ اس مفہوم کے ادا کرنے کے لئے صرف بری کا لفظ ہے جو عربی ہے۔ عرب کے یہ دو مقولے ہیں کہ انا بریٔ من ذالک اور انا مُبرّء من ذالک۔ پہلے قول کے یہ معنے ہیں کہ میرے پر کوئی تہمت ثابت نہیں کی گئی اور دوسرے کے یہ معنے ہیں کہ میری صفائی ثابت کی گئی ہے۔ دیکھو لسان العرب اور تاج العروس اور دوسری لغت عرب کی مبسوط کتابیں جن میں بری کے لفظ کے معنے مختلف تصریفات کے پیرایہ میں کی گئی ہیں اور قرآن شریف میں بھی یہ دونوں تصریفات دو معنوں پر آئی ہیں۔ اوّل فرمایا ہے۔ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا[1] الجزو نمبر ۵ سورۃ النساء یعنی جو شخص کوئی خطا یا گناہ کرے اور پھر کسی ایسے شخص پر وہ گناہ لگاوے جس پر وہ گناہ ایک ثابت شدہ امر نہیں تو اُس نے ایک کھلے کھلے بہتان اور گناہ کا بوجھ اپنی گردن پر لیا۔ پس اِس جگہ خدائے عزّ وجلّ نے بَری کے لفظ سے اُس شخص کو مراد لیا ہے جس پر کوئی گناہ ثابت نہ ہوا ہو اور اگر کوئی ہمارے اِس بیان کی مخالفت کر کے یہ کہے کہ اس جگہ بَری کے لفظ سے یہ معنے مراد نہیں ہیں بلکہ یہ مراد ہے کہ ایسے شخص پر گناہ لگاوے جس نے شہادتوں کے ذریعہ سے عدالت میں اپنا بے گناہ ہونا بپایۂ ثبوت پہنچا دیا ہو۔ اور گواہوں کے ذریعہ سے اپنا پاک دامن ہونا ثابت کر دیا ہو تو یہ معنے سراسر فاسد اور قرآن شریف کی منشاء سے صریح مخالف اور ضد ہیں کیونکہ اگر یہی معنے اِس آیت کے ہیں تو پھر اس صورت میں یہ بڑی خرابی لازم آتی ہے کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے شخص پر تہمت لگانا کوئی گناہ نہ ہو

إنما جَعَلوه تَكْسير فَاعَال، وإن لم يكن في كَلامهم». وهٰذا دَليل على أَنَّ سِيبَوَيه لم يَعْرِف خاتاما[١]، (وقد تَخَتَّم به)، ومنه الحَدِيث: «إنّ التَّخَتُّم باليَاقُوت يَنْفِي الفَقْر»[٢]، يُرِيد أنه إذا ذَهَب مالُه باع خاتَمه فوَجَد فيه غِنًى، قال ابنُ الأثيرُ: والأشبَهُ - إن صَحّ الحديث - أن يكون لِخَاصَّة[٣] فيه.

(و) الخاتَم (من كُلّ شَيْء: عاقِبَتُه، وآخِرَتُه خاتِمته).

(و) الخَاتَم: (آخِرُ القَوْم كالخاتِم)، ومنه قَولُه تَعَالَى: (﴿وَخَاتَمَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ﴾)[٤] أي: آخِرهم. وقد قُرِئ بضم[٥] التَّاء، وقَولُ العجّاج:

* مُبارَكٍ للأنبياءِ خَاتِمِ[١] *

إنما حَمَله على القِراءَة المَشْهُورة فكَسَر، وقال الفَرَّاء: قرأ عليٌّ رَضِي اللّٰه تَعالى عنه (﴿خَاتَمه مِسْك﴾)[٢]، يريد آخره.

(و) الخَاتَم (من القَفا: نُقرَتُه). يقال: احْتَجَم في خاتَم القَفا، وهو مجاز.

(١) [قلت: ذكر هذا سيبويه في الكتاب ٣١٨/٢ قال: ويكون على فاعَال في الأسماء، وهو قليل نحو ساباط وخاتام... ع].
(٢) [قلت: انظر النهاية واللسان. ع].
(٣) [قلت: نص ابن الأثير: لخاصّيّة فيه. ع].
(٤) سورة الأحزاب، الآية: ٤٠.
(٥) لم يقرأ بضم التاء، ولا هي لغة في الخاتم، والصواب: بكسر التاء، وهي قراءة أكثر السبعة.
[قلت: القراءة بكسر التاء عن أبي عمرو ونافع وابن كثير وابن عامر وحمزة والكسائي من السبعة. وقرأ عاصم من السبعة والحسن البصري والشعبي وزيد ابن علي والأعرج بخلاف بفتح التاء. انظر كتابي «معجم القراءات». ع].

التراث العربي

سلسلة يصدرها المجلس الوطني للثقافة والفنون والآداب
دولة الكويت

- ١٦ -

تاج العروس

من جواهر القاموس

للسيد محمد مرتضى الحسيني الزبيدي

الجزء الثاني والثلاثون

تحقيق
عبد الكريم العزباوي

راجعه
الدكتور أحمد مختار عمر   والدكتور عبد اللطيف محمد الخطيب

١٤٢١هـ - ٢٠٠٠م

لِسَانُ العَرَبْ

للإمام العلامة أبي الفضل جمال الدين محمد بن مكرم ابن منظور الافريقي المصري

المجلد الثاني عشر

دار صادر
بيروت

كانت تتخذ من الشَّبه ، وقال في خاتم الحديد : ما لي أرى عليكَ حِلْيةَ أهلِ النار ؟ لأنه كان من زِيّ الكفار الذين هم أصحاب النار . ويقال : فلان خَتَمَ عليك بابَهُ أعرَضَ عنك . وخَتَمَ فلان لكَ بابَه إذا آثرك على غيرك . وخَتَمَ فلان القرآن إذا قرأه إلى آخره . ابن سيده : خَتَمَ الشيء يَخْتِمُه خَتْماً بلغ آخرَه ، وخَتَمَ الله له بخَيْر . وخاتِمُ كل شيء وخاتِمَته : عاقبته وآخِرُه . واخْتَتَمْتُ الشيء : نَقيض افتَتَحْتُه . وخاتِمَةُ السورة : آخِرُها ؛ وقوله أنشده الزجاج :

إن الخليفة ، إن الله سَرْبَلَه
سِرْبالَ مُلْكٍ ، به تُرْجى الخَواتِيمُ

إنما جَمَع خاتِماً على خواتيم اضطراراً . وخِتامُ كل مَشروب : آخرُه . وفي التنزيل العزيز : خِتامُه مسك ، أي آخرُه لأن آخر ما يَجدونه رائحة المسك ، وقال عَلْقَمَةُ : أي خِلْطُه مِسك ، ألم تَرَ إلى المرأة تقول للطّيب خِلْطُه مِسكٌ خِلْطُه كذا ؟ وقال مجاهد : معناه مِزاجُه مسك ، قال : وهو قريب من قول عَلْقَمَة ؛ وقال ابن مسعود : عاقِبتُه طَعْمُ المِسك ، وقال الفراء : قرأ عليٌّ ، عليه السلام ، خاتِمُه مِسك ؛ وقال : أما رأيتَ المرأةَ تقول للعطّار اجعل لي خاتِمَه مِسكاً ، تريد آخرَه ؟ قال الفراء : والخاتِمُ والخِتام متقاربان في المعنى ، إلاَّ أن الخاتِمَ الاسمُ ، والخِتام المصدر ؛ قال الفرزدق :

فبِتْنَ جَنابَتَيَّ مُصَرَّعاتٍ ،
وبِتُّ أفُضُّ أغلاقَ الخِتامِ

وقال : ومثلُ الخاتِمِ والخِتام قولك للرجل : هو كريم الطّابِع والطِّباع ؛ قال : وتفسيره أن أحدهم إذا شرب وَجَدَ آخر كأسه ريحَ المِسك . وخِتامُ الوادي : أقصاه . وخِتامُ القَوْم وخاتِمُهُم وخاتَمُهُم : آخرُهم ؛ عن اللحياني ؛ ومحمد ، صلى الله عليه وسلم ، خاتِمُ الأنبياء ، عليه وعليهم الصلاة والسلام . التهذيب : والخاتِم والخاتَم من أسماء النبي ، صلى الله عليه وسلم . وفي التنزيل العزيز : ما كان محمد أبا أحد من رجالكم ولكن رسول الله وخاتِمَ النبيّين ؛ أي آخرهم ، قال : وقد قرىء وخاتَمَ ؛ وقول العجّاج :

مُبارَكٍ للأنبياء خاتِمِ

إنما حمله على القراءة المشهورة فكسر ، ومن أسمائه

المحكم والمحيط الأعظم

تأليف
أبي الحسن علي بن إسماعيل بن سيده المرسي
المعروف بابن سيده
المتوفى سنة ٤٥٨ هـ

الجزء الخامس

منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

خَواتِم، وخواتيم.

* وقال سيبويه: ... ، وإن لم يكن فى

كلامهم، وهذا دليلٌ ...

* وقد تَخَتَّم به: ...

* وخَتم الشىء ...

* وخاتِمُ كُل شـ ...

* وقوله، أنشده ...

إنّ الخَليف ... الخَواتيمُ[1]

إنما جَمع «خاتما» ...

* وخِتَامُ كُل ... المطففين: ٢٦]؛ أى:

آخره.

* وخِتامُ الوادى: أقصاه.

* وختَام القَوم، وخاتِمُهم: آخرهم، عن اللحيانى؛ وفى التنزيل: ﴿ولكن رَسول الله وخاتِمَ النَّبيين﴾ [الأحزاب: ٤٠]؛ أى: آخرهم. وقد قُرِئ: ﴿وخاتَمَ النّبيين﴾.

وقول العجّاج:

* مُبَاركٌ للأنبياء خاتِم *[2]

إنما حَمله على القراءة المَشهورة.

* وختم زَرْعَه يَخْتِمه خَتْما، وخَتم عليه: سَقاه أوّل سَقْية.

* والخِتَام، اسمٌ له.

صلح کاری سے۔ خدا تعالیٰ جو ارحم الراحمین اور ماں باپ سے زیادہ اپنے بندوں پر رحم کرتا ہے ہرگز ممکن نہیں کہ وہ اپنے غافل اور کمزور بندوں کے لئے یہ پہلو اختیار نہ کرے کہ اُن کو تیرہ سو برس سے غافل پا کر دلائل اور براہین سے سمجھاوے اور آسمانی نشانوں سے تسکین بخشے اور یہ پہلو اختیار کرے کہ کسی کو بھیج کر غافل بندوں کو فنا کرنے کے لئے طیار ہو جائے۔ یہ عادت اس کی ان صفات کے مخالف ہے جن کی قرآن شریف میں تعلیم دی گئی ہے۔ اور قرآن شریف میں یہ وعدہ تھا کہ خدا تعالیٰ فتنوں اور خطرات کے وقت میں دین اسلام کی حفاظت کرے گا۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ[1] سو خدا تعالیٰ نے بموجب اس وعدہ کے چار قسم کی حفاظت اپنی کلام کی کی۔ **اوّل** حافظوں کے ذریعہ سے اُس کے الفاظ اور ترتیب کو محفوظ رکھا۔ اور ہر ایک صدی میں لاکھوں ایسے انسان پیدا کئے جو اُس کی پاک کلام کو اپنے سینوں میں حفظ رکھتے ہیں۔ ایسا حفظ کہ اگر ایک لفظ پوچھا جائے تو اس کا اگلا پچھلا سب بتا سکتے ہیں۔ اور اس طرح پر قرآن کو تحریف لفظی سے ہر ایک زمانہ میں بچایا۔ **دوسرے** ایسے ائمہ اور اکابر کے ذریعہ سے جن کو ہر ایک صدی میں فہم قرآن عطا ہوا ہے جنہوں نے قرآن شریف کے اجمالی مقامات کی احادیثِ نبویہ کی مدد سے تفسیر کر کے خدا کی پاک کلام اور پاک تعلیم کو ہر ایک زمانہ میں تحریف معنوی سے محفوظ رکھا۔ **تیسرے** متکلّمین کے ذریعہ سے جنہوں نے قرآنی تعلیمات کو عقل کے ساتھ تطبیق دے کر خدا کی پاک کلام کو کوتہ اندیش فلسفیوں کے استخفاف سے بچایا ہے۔ **چوتھے** رُوحانی انعام پانے والوں کے ذریعہ سے جنہوں نے خدا کی پاک کلام کو ہر ایک زمانہ میں معجزات اور معارف کے منکروں کے حملہ سے بچایا ہے۔

سو یہ پیشگوئی کسی نہ کسی پہلو کی وجہ سے ہر ایک زمانہ میں پوری ہوتی رہی ہے اور جس زمانہ میں کسی پہلو پر مخالفوں کی طرف سے زیادہ زور دیا گیا تھا اُسی کے مطابق خدا تعالیٰ کی غیرت اور حمایت[2] نے مدافعت کرنے والا پیدا کیا ہے۔ لیکن یہ زمانہ جس میں ہم ہیں یہ ایک ایسا زمانہ تھا جس میں مخالفوں نے ہر چہار پہلو کے رُو سے حملہ کیا تھا۔ اور یہ ایک سخت طوفان کے دن تھے

پہلی فصل

اس باب میں کہ ۱۳ صدیوں میں کون کون مجدّد


وین یمان بکت نشان بعون خالق کون و مکان

حصۂ اوّل
کتاب مستطاب
مسمّٰی بہ
عسلِ مصفّٰی

جس میں حضرت مسیح ناصری کی وفات اور حضرت مسیح موعود کے دعاوی کا
اثبات بدلائل عقلیہ و نقلیہ بوضاحتِ تام کیا گیا ہے

از تالیف
زبدۃ الحکماء المولوی منشی فاضل ابو العطاء مرزا خدابخش صاحب قادیانی
بزمان امیر المؤمنین خلیفۃ المسلمین سیدنا و مولانا علامہ نور الدین
بماہ اگست ۱۹۱۳ء مطابق غرہ رمضان المبارک
سنہ ۱۳۳۱ھ

در مطبع وزیر ہند امرتسر طبع گردید

ہم اوپر دکھلا چکے … وری ہے۔ کیونکہ ہر سو
سال کے بعد زمانہ کی … ضعف واقع ہوجاتا
ہے لہذا ازبس ضرور … نے کے لئے کوئی شخص
خدا تعالیٰ کی طرف سے … قدر اہل اسلام میں
فتور برپا ہوگیا ہو۔ اس … مردہ کو از سر نو زندہ کرکے
اسکو اپنی اصلی ہیئت … وسلم کے نفخ صور سے پیدا
ہوئی تھی۔ چنانچہ اس … میں جس قدر اصحاب
مجدد تسلیم کئے گئے ہیں … مجددیت کیا ہے اور
بعض نے زبان سے … اپنے اعتقاد اور علم سے
مجدد تسلیم کرلیا ہے۔ ہم … لوگ اُنکے اسمائے مبارک
سے ناواقف اور ناآشنا …

پہلی صدی میں اصحاب ذیل مجدد تسلیم کئے گئے ہیں

(۱) عمر بن عبدالعزیز (۲) سالم (۳) قاسم (۴) مکحول۔ علاوہ انکے اور بھی اس صدی میں مجدد مانے گئے ہیں۔ چونکہ جو مجدّد جامعِ صفاتِ حسنیٰ ہوتا ہے۔ وہ سب کا سردار اور فی الحقیقت وہی مجدّد فی نفسہٖ مانا جاتا ہے۔ اور باقی اُس کی ذیل سمجھے جاتے ہیں۔ جیسے انبیاء بنی اسرائیل میں ایک نبی بڑا ہوتا تھا۔ تو دوسرے اُس کے تابع ہوکر کارروائی کرتے تھے۔ چنانچہ صدی اوّل کے مجدّد مُتّصِف بجمیع صفات حسنیٰ حضرت عمر بن عبدالعزیز تھے دیکھو نجم الثاقب جلد ۲ صفحہ ۹۔ و قرۃ العیون و مجالس الابرار۔ و تعریف الاحیاء بفضائل الاحیاء صفحہ ۳۲

دوسری صدی کے مجدد صحاب ذیل ہیں

(۱) امام محمد ادریس ابوعبداللہ شافعی (۲) احمد بن محمد بن حنبل شیبانی (۳) یحییٰ ابن معین بن عون عطفانی (۴) اشہب بن عبدالعزیز بن داؤد قیس۔ (۵) ابوعمرو مالکی مصری۔ (۶) خلیفہ مامون رشید بن ہارون (۷) قاضی حسن بن زیاد حنفی (۸) جنید بن محمد بغدادی صوفی (۹) سہل بن ابی سہل بن رخلہ شافعی (۱۰) بقول امام شعرانی حارث بن اسعد محاسبی ابوعبداللہ صوفی بغدادی۔ (۱۱) اور بقول قاضی القضات علامہ عینی۔ احمد بن خالد الخلال۔ ابوجعفر حنبلی بغدادی۔ دیکھو نجم الثاقب جلد ۲ صفحہ ۱۴۔ قرۃ العیون مجالس الابرار تعریف الاحیا بفضائل الاحیا صفحہ ۳۲+

تیسری صدی کے مجدد صحاب ذیل ہیں

(۱) قاضی احمد بن شریح بغدادی شافعی (۲) ابوالحسن اشعری متکلم شافعی (۳) ابوجعفر طحاوی ازدی حنفی (۴) احمد بن شعیب (۵) ابوعبدالرحمٰن نسائی (۶) خلیفہ مقتدر باللہ عباسی (۷) حضرت شبلی صوفی (۸) عبیداللہ بن حسین (۹) ابوالحسن کرخی صوفی حنفی۔ (۱۰) امام بقی بن مخلد قرطبی مجدد اندلس اہل حدیث۔ دیکھو تعریف الاحیا بفضایل الاحیار صفحہ ۳۳ و نجم الثاقب و قرۃ العیون و مجالس الابرار+

چوتھی صدی کے مجدد صحاب ذیل ہیں

(۱) امام ابوبکر باقلانی (۲) خلیفہ قادر باللہ عباسی (۳) ابوحامد اسفرانی (۴) حافظ ابونعیم (۵) ابوبکر خوارزمی حنفی (۶) بقول شاہ ولی اللہ ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ المعروف بالحاکم نیشاپوری (۷) امام بیہقی۔ (۸) حضرت ابوطالب ولی اللہ صاحب قوت القلوب جو طبقہ صوفیا سے ہیں (۹) حافظ احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی (۱۰) ابواسحٰق شیرازی (۱۱) ابراہیم بن علی بن یوسف فقیہ و محدث+

پانچویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) محمد بن محمد ابو حامد امام غزالی (۲) بقول عینی و کرمانی حضرت راعونی حنفی۔ (۳) خلیفہ مستظہر باللہ بن مقتدی باللہ عباسی۔ (۴) عبداللہ بن محمد انصاری ابو اسمٰعیل ہروی (۵) ابو طاہر سلفی (۶) محمد بن احمد ابوبکر شمس الدین سرخسی فقیہ حنفی +

چھٹی صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) محمد بن عمر ابو عبداللہ فخرالدین رازی (۲) علی بن محمد (۳) عزالدین ابن کثیر (۴) امام رافعی شافعی صاحب زبدہ شرح شفا (۵) یحییٰ بن حبش بن میرک حضرت شہاب الدین سہروردی شہید امام طریقت (۶) یحییٰ بن اشرف بن حسن محی الدین نووی۔ (۷) حافظ عبدالرحمٰن ابن جوزی۔ حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سرتاج طریقہ قادری +

ساتویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) احمد بن عبدالحلیم تقی الدین ابن تیمیہ حنبلی (۲) تقی الدین ابن دقیق العید (۳) شاہ شرف الدین مخدوم بہائی سندی (۴) حضرت معین الدین چشتی (۵) حافظ ابن القیم جوزی شمس الدین محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد بن القیم الجوزی زرعی دمشقی حنبلی۔ (۶) عبداللہ بن اسعد بن علی بن سلیمان بن خلاج ابو محمد عفیف الدین یافعی شافعی (۷) قاضی بدرالدین محمد بن عبداللہ الشبلی حنفی دمشقی +

آٹھویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) حافظ علی بن حجر عسقلانی شافعی (۲) حافظ زین الدین عراقی شافعی (۳) صالح بن عمر بن ارسلان قاضی بلقینی (۴) علامہ ناصر الدین شاذلی ابن سنت میلی +

نویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) عبدالرحمٰن بن کمال الدین شافعی معروف بامام جلال الدین سیوطی (۲) محمد بن

عبدالرحمٰن سخاوی شافعی (۳) سید محمد جون پوری ہندی۔ اور بقول بعض دسویں صدی کے مجدد ہیں۔ حضرت امیر تیمور صاحب قرآن فاتح عظیم الشان +

دسویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) ملا علی قاری (۲) محمد طاہر فتنی گجراتی محی الدین محی السنۃ (۳) حضرت علی بن حسام الدین معروف بعلی متقی ہندی مکی +

گیارھویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) عالمگیر بادشاہ غازی اورنگ زیب (۲) حضرت آدم بنوری صوفی (۳) شیخ احمد بن عبدالاحد بن زین العابدین فاروقی سرہندی۔ معروف بامام ربانی مجدد الف ثانی +

بارھویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) محمد بن عبدالوہاب بن سلیمان نجدی (۲) مرزا مظہر جان جاناں دہلوی (۳) سید عبدالقادر بن احمد بن عبدالقادر حسنی کوکبانی۔ (۴) حضرت احمد شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی (۵) امام شوکانی (۶) علامہ سید محمد بن اسمٰعیل امیر یمن (۷) محمد حیات بن ملا ملازیہ سندھی مدنی +

تیرھویں صدی کے مجدد اصحاب ذیل ہیں

(۱) سید احمد بریلوی۔ (۲) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (۳) مولوی محمد اسمٰعیل شہید دہلوی (۴) بعض کے نزدیک شاہ رفیع الدین صاحب بھی مجدد ہیں (۵) بعض نے شاہ عبدالقادر کو مجدد تسلیم کیا ہے۔ ہم اس کا انکار نہیں کرسکتے۔ کہ بعض ممالک میں بعض بزرگ ایسے بھی ہونگے جن کو مجدد مانا گیا ہو۔ اور ہمیں اُن کی اطلاع نہ ملی ہو۔ وجہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جو جامع جمیع صفات انسانی تھے۔ کوئی کامل انسان ایسا نہیں ہوسکتا تھا۔ کہ شریعت اسلامی کے تمام محکمہ جات کی خدمات

کو سرانجام دے سکتا۔ اس لئے ضروری بلکہ اشد ضروری تھا۔ کہ شریعت حقۂ اسلام کے ہر پہلو اور ہر محکمہ کے ضعف اور کمزوری کو دور کرنے کے لئے الگ الگ افراد اس خدمت پر مامور ہوں اور مشاہدہ اور تجربہ گواہی دیتا ہے کہ ایسا ہی ہوتا رہا۔ چنانچہ فہرست مجددین سے واضح ہوتا ہے کہ کوئی مجدد فقیہہ ہے کوئی محدث ہے۔ کوئی مفسر ہے کوئی صوفی ہے کوئی متکلم ہے۔ اور کوئی بادشاہ ہے۔ الغرض جن کاموں کو ایک ذات جامع جمیع صفات انسانی صلوٰۃ اللہ وسلامہ بہمہ حسن وخوبی سرانجام دیتی تھی۔ اُن کے بعد کس کا یارا تھا کہ سب کام اُسی طرح کر سکتا۔ اس لئے مختلف زمانوں میں مختلف افراد مختلف پہلوؤں میں ان خدمات کو بجا لاتے رہے۔ اور اس سے کوئی مسلمان انکار نہیں کر سکتا +

جب یہ امر روز روشن کی طرح ظاہر ہو گیا۔ کہ ہر صدی کے سر پر کسی مجدد کا آنا ضروری ہے تو اب کوئی وجہ نہیں کہ چودھویں صدی کے سر پر کوئی مجدد نہ آوے۔ مجدد کا آنا نہایت ہی ضروری ہے۔ خاصکر ایسے پرفتن زمانہ میں جبکہ اسلام پر ہر پہلو اور ہر طرف سے مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہوں۔ اور اسلام ایسے نرغہ میں پھنس گیا ہو کہ جس سے جانبری نہایت ہی مشکل ہو گئی ہو +

مجدد کا فرض

ہاں یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ ہر صدی میں جو مجدد آتا تھا۔ اُس کا اہم کام یہی ہوتا تھا۔ کہ اسلام پر جس پہلو سے حملہ کیا گیا۔ یا جس بات میں اسلام ضعیف ہو گیا اُسی حملہ یا نقص کے دُور کرنے کے لئے وہ مجدد کھڑا ہوا کرتا تھا۔ اور مجدد کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر عالم کی اُس غلط رائے کو جو وہ اپنی کسی کتاب میں درج کر چکا ہو اُٹھائے۔ مجدد ہمیشہ جس امر میں صریح علمی ضرر دیکھتا ہے اور جس سے اُس زمانہ میں جس میں وہ مجدد ہوتا ہے اسلام یا اہل اسلام پر سخت مصیبت کا اندیشہ دامنگیر ہو جاتا ہے۔ اپنے مساعی جمیلہ سے اُسی ضرر کو دفع کرتا ہے۔ اور باقی غلطیوں کا وہ ذمہ وار نہیں ہوتا۔ کیونکہ غلطیاں جس جس زمانہ میں سر اُٹھاتی اور اسلامی شریعت کو ضرر پہنچاتی ہیں۔ اُسی زمانہ میں اُن کے دفعیہ کے لئے ایک دوسرا مجدد کھڑا کیا جاتا ہے۔ گویا وہ غلطیاں اُسی

خیال کریں گے اور یہ قول کہ پہلے اس سے ہزار ہا انبیاء ہو چکے اور معجزات بھی بکثرت ہوئے اس لئے اس امت کو خوارق اور کرامات اور برکات کی کچھ ضرورت نہیں تھی لہٰذا خدا تعالیٰ نے ان کو سب باتوں سے محروم رکھا۔ یہ صرف کہنے کی باتیں ہیں جنہیں وہ لوگ منہ پر لاتے ہیں جن کو ایمان کی کچھ بھی پرواہ نہیں ورنہ انسان نہایت ضعیف اور ہمیشہ تقویت ایمان کا محتاج ہے اور اس راہ میں اپنے خود ساختہ دلائل کبھی کام نہیں آسکتے جب تک تازہ طور پر معلوم نہ ہو کہ خدا موجود ہے ہاں جھوٹا ایمان جو بدکاریوں کو روک نہیں سکتا نقلی اور عقلی طور پر قائم رہ سکتا ہے اور اس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ دین کی تکمیل اس بات کو مستلزم نہیں جو اس کی مناسب حفاظت سے بکلی دستبردار ہو جائے مثلاً اگر کوئی گھر بنادے اور اس کے تمام کمرے سلیقہ سے طیار کرے اور اس کی تمام ضرورتیں جو عمارت کے متعلق ہیں باحسن وجہ پوری کردیوے اور پھر مدت کے بعد اندھیریاں چلیں اور بارشیں ہوں اور اس گھر کے نقش و نگار پر گرد و غبار بیٹھ جاوے اور اس کی خوبصورتی چُھپ جاوے اور پھر اس کا کوئی وارث اس گھر کو صاف اور سفید کرنا چاہے مگر اس کو منع کر دیا جاوے کہ گھر تو مکمل ہو چکا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ منع کرنا سراسر حماقت ہے افسوس کہ ایسے اعتراضات کرنے والے نہیں سوچتے کہ تکمیل شے دیگر ہے اور وقتاً فوقتاً ایک مکمل عمارت کی صفائی کرنا یہ اور بات ہے۔ یہ یاد رہے کہ مجدد لوگ دین میں کچھ کمی بیشی نہیں کرتے ہاں گمشدہ دین کو پھر دلوں میں قائم کرتے ہیں اور یہ کہنا کہ مجددوں پر ایمان لانا کچھ فرض نہیں خدا تعالیٰ کے حکم سے انحراف ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ [1] یعنی بعد اس کے جو خلیفے بھیجے جائیں پھر جو شخص ان کا منکر رہے وہ فاسقوں میں سے ہے۔

اب خلاصہ اس تمام تقریر کا کسی قدر اختصار کے ساتھ ہم ذیل میں لکھتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ دلائل مندرجہ ذیل سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ بات نہایت ضروری ہے کہ بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس امت میں فساد اور فتنوں کے وقتوں میں ایسے مصلح آتے رہیں جن کو انبیاء کے کئی کاموں میں سے یہ ایک کام سپرد ہو کہ وہ دین حق کی طرف دعوت کریں اور ہر یک بدعت جو دین سے مل گئی ہو

قرار دیدیا۔ صاحب شریعت نبی جن کا قرآن میں ذکر ہے وہ دوہی ہیں حضرت موسیٰؑ اور نبی کریمؐ [۱]
انکے سوا جتنے نبی ہیں وہ سب غیر شرعی ہیں۔ تو گویا کہ معترض کے اصل کو لیکر سوائے دو نبیوں کے
اللہ تعالیٰ کے باقی تمام نبیوں کو چھوڑنا پڑتا ہے۔ نعوذ باللہ من ذٰلک۔ خدا تو کہتا ہے کہ مومن کا
یہ قول ہونا چاہیئے کہ لا نفرق بین احد من رسلہ لیکن ہم کو یہ سنایا جاتا ہے کہ
نہیں صرف دو نبیوں کو ماننا ضروری ہے باقیوں کو نہ ماننے سے کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔ اے
کاش ہمارے مخالف اعتراض کرنے سے پہلے قرآن شریف پر تو غور کر لیتے۔ قرآن کھلے اور غیر تاویل
طلب الفاظ میں کہہ رہا ہے کہ ما نرسل المرسلین الا مبشرین ومنذرین یعنی
مرسلین کے بھیجنے سے ہمارا مطلب صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ ماننے والوں کو بشارتیں دیں اور نہ ماننے
والوں کو عذاب الٰہی سے ڈرائیں پس جب مامورین کے مبعوث کرنے کی بڑی غرض ہی انذار و تبشیر
ہوتی ہے تو شرعی اور غیر شرعی کا سوال ہی بیجا ہے۔ اور پھر ہم کہتے ہیں کہ اگر نبی کریمؐ کے بعد کسی اور کے ماننے
کی ضرورت نہیں تو کیوں خود نبی کریمؐ نے مسیح موعودؑ پر ایمان لانے کو ضروری قرار دیا اور اس کا انکار کرنے
والوں کو یہودی اور نصاریٰ ٹھہرایا۔ اگر مسیح موعودؑ پر ایمان لانے کو ضروری قرار دینا غلطی ہے تو یہ غلطی
سب سے پہلے خود نبی کریمؐ سے سرزد ہوئی نعوذ باللہ من ذٰلک۔ اور پھر یہ غلطی اللہ تعالیٰ سے سرزد
ہوئی جس نے ایک ایسے شخص کی خاطر جس پر ایمان لانا ضروری نہیں دنیا کو عذابوں سے بھر دیا۔ مجھے
تعجب پر تعجب آتا ہے کہ نبی کریمؐ تو یہ فرماویں کہ ایک وقت میری اُمت پر ایسا آئیگا کہ ان کے درمیان سے
قرآن اُٹھ جائیگا اور لوگ قرآن کو پڑھیں گے مگر وہ انکے حلق سے نیچے نہیں اُتریگا لیکن ہم کو یہ کہا
جاتا ہے کہ قرآن کے ہوتے ہوئے کسی شخص کو ماننا ضروری کیسے ہوگیا۔ ہم کہتے ہیں کہ قرآن کہاں موجود ہے
اگر قرآن موجود ہوتا تو کسی کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔ مشکل تو یہی ہے کہ قرآن دنیا سے اُٹھ گیا ہے۔
اسی لیئے تو ضرورت پیش آئی کہ محمد رسول اللہؐ کو بروزی طور پر دوبارہ دنیا میں مبعوث کرکے آپ پر
قرآن شریف اُتارا جاوے۔ معترض کو چاہیئے کہ بعثت مامورین کی اس غرض پر غور کرے کیونکہ
یہ دھوکا قلت تدبر کی وجہ سے ہی پیدا ہوا ہے ہندوستان میں چونکہ اکثر لوگ لا مذہب ہیں اسلیئے

---

[۱] حاشیہ اسجگہ موسیٰ اور انکے بعد کے انبیاء کا ذکر ہے۔ منہ

سبق نمبر 3

احادیثِ ختمِ نبوت

سابقہ اسباق میں آپ پڑھ آئے ہیں کہ مسلمانوں کے نزدیک ختم نبوت کی تعریف کیا ہے؟ سورہ احزاب کی آیت 40 (جس کو آیتِ ختم نبوت بھی کہا جاتا ہے) کے تحت خاتم کی لغات، مفسرین کی تفاسیر پیش کی گئیں اب ہم احادیثِ نبویہ ﷺ کی جانب بڑھ رہے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ وہ کونسی احادیث ہیں جو ختم نبوت کا عقیدہ سکھا رہی ہیں۔ ویسے تو ختم نبوت پر 250 کے قریب احادیث ہیں لیکن طوالت سے بچنے کے لیے ہم فقط بخاری و مسلم کی 10 احادیث آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں جس سے عقیدہ ختم نبوت کی وضاحت ہوتی ہے۔ احادیث کے عربی متون وار دو تراجم درج ذیل ویب سائٹ سے لیے گئے ہیں۔

(www.islamicurdubooks.com)

اس کے علاوہ ہم نے قادیانیوں کے کئے گئے بخاری و مسلم کے تراجم بھی پیش کئے ہیں۔ تاکہ تصویر کے دونوں رخ قارئین کے سامنے آسکیں۔ یاد رکھنے کے لیے ہم نے ہر حدیث کو ایک عنوان دیا ہے تاکہ حدیث یاد رکھنے میں آسانی رہے۔

بنی اسرائیل کے انبیاء کی فوتگی کے بعد نیا نبی

(مرفوع) سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، قَالَ: قَاعَدْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ خَمْسَ سِنِينَ فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ تَسُوسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ

بَعْدِي وَسَيَكُونُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُونَ، قَالُوا: فَمَا تَأْمُرُنَا. قَالَ: فُوا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ أَعْطُوهُمْ حَقَّهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ".

انہوں نے ابوحازم سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مجلس میں پانچ سال تک بیٹھا ہوں۔ میں نے انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کرتے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بنی اسرائیل کے انبیاء ان کی سیاسی رہنمائی بھی کیا کرتے تھے، جب بھی ان کا کوئی نبی ہلاک ہو جاتا تو دوسرے ان کی جگہ آموجود ہوتے، لیکن یاد رکھو میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ ہاں میرے نائب ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ صحابہ نے عرض کیا کہ ان کے متعلق آپ کا ہمیں کیا حکم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے جس سے بیعت کرلو، بس اسی کی وفاداری پر قائم رہو اور ان کا جو حق ہے اس کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ ان سے قیامت کے دن ان کی رعایا کے بارے میں سوال کرے گا۔"

(صحیح بخاری 3455، کتاب احادیث الانبیاء، باب ماذکر عن بنی اسرائیل)

(قادیانی صحیح البخاری، جلد ششم، صفحہ 442، مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ) سکین صفحہ 101

لانبی بعدی کا ترجمہ اور مرزا قادیانی

یہاں یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ لانبی بعدی کا ترجمہ "میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا" نہیں کرنا چاہیے بلکہ "میرے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا" یہ ترجمہ زیادہ مناسب ہے اور ہمارے عقیدہ کی وضاحت کرتا ہے کیوں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ابھی آنا ہے، اس کی

مفصل گفتگو سابقہ اسباق میں گزر چکی ہے۔

قادیانی عقیدہ کے مطابق لانبی بعدی

قادیانی عقیدہ کے مطابق لانبی بعدی کا مفہوم یہ ہے کہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد نبوت کا سلسلہ جاری ہے چنانچہ اس ضمن میں مرزا قادیانی کی چند تحاریر قارئین کے خدمت میں پیش کی جارہی ہیں ملاحظہ فرمائیں:

آنے والا ابن مریم ہرگز وہ مسیح ابن مریم نہیں ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی۔ چنانچہ اوّل قرینہ یہ لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ لانبی بعدی۔ صفحہ ۶۳۳۔ دوم قرینہ یہ ہے کہ آنے والے مسیح کی نسبت اِمامکم منکم کا قولؔ استعمال کیا گیا ہے جس سے صاف طور پر جتلا دیا ہے کہ وہ مسیح آنے والا اصل مسیح نہیں ہے بلکہ وہ تمہارا ایک امام ہوگا اور تم میں سے ہوگا۔

(روحانی خزائن جلد 3، صفحہ 591) سکین صفحہ 102

یہاں پر مرزا قادیانی لانبی بعدی کی غلط تشریح کر کے اپنے آپ کو اس کے مفہوم میں داخل کرنے کی کوشش کر رہا ہے کیونکہ مرزا قادیانی اپنے آپ کو عیسیٰ، امام مہدی، محمد تینوں کا معجون مرکب سمجھتا تھا یعنی یہ تین شخصیات خود مرزا قادیانی ہی تھا۔ آئیے مزید معجون مرکب کے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

مرزا قادیانی معجون مرکب

اس وحی الٰہی میں خدا نے میرا نام رسل رکھا کیونکہ جیسا کہ براہین احمدیہ میں لکھا گیا ہے خدا تعالیٰ نے مجھے تمام انبیا علیہم السلام کا مظہر ٹھہرایا ہے اور تمام نبیوں کے نام میری طرف منسوب کئے ہیں۔ مَیں آدم

ہوں مَیں شیث ہوں مَیں نوح ہوں مَیں ابراہیم ہوں مَیں اسحٰق ہوں
مَیں اسمٰعیل ہوں مُیں یعقوب ہوں مَیں یوسف ہوں مَیں موسیٰ ہوں
مَیں داوٗد ہوں مَیں عیسیٰ ہوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کا
مَیں مظہر اتم ہوں یعنی ظلی طور پر محمدؐ اور احمدؐ ہوں ۔منہ

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22صفحہ 76) سکین صفحہ 103

ایک شریف قوم سے جو سید تھے کیا اور خود تمہارے نسب کو شریف بنایا جو فارسی خاندان اور سادات سے معجون مرکب ہے۔

(روحانی خزائن جلد 15صفحہ 273) سکین صفحہ 104

شاہی خاندان ہے اور بنی فارس اور بنی فاطمہ کے خون سے ایک معجون مرکب ہے یا شہرت عام کے لحاظ سے یوں کہو کہ وہ خاندان مغلیہ اور خاندان سیادت سے ایک ترکیب یافتہ خاندان ہے۔

(روحانی خزائن جلد 15صفحہ 287) سکین صفحہ 105

سو مجھے دو بروز عطا ہوئے ہیں بروز عیسیٰ و بروز محمدؐ۔غرض میرا وجود ان دونوں نبیوں کے وجود سے بروزی طور پر ایک معجون مرکب ہے۔

(روحانی خزائن جلد 17صفحہ 28) سکین صفحہ 106

غرض موجودہ زمانہ میں دجال کا بروز ایک معجون مرکب ہے۔ایک حملہ خدا پر ہو رہا ہے ایک نبوت پر ۔ایک خدا کو انسان بناتا ہے دوسرا آپ ہی خدا بنتا ہے؟

کیا یہ بات سچ نہیں ہے۔کتابیں دیکھو،اخبارات پڑھو تو پتہ لگے گا کہ کس قدر فساد برپا ہو رہا ہے۔اور یہ دورنگی ظلم ڈھا رہی ہے۔

(ملفوظات جلد 1صفحہ 299) سکین صفحہ 107

بالکل ٹھیک مرزا صاحب! تم نے خدائی کا دعویٰ کر کے خدا پر حملہ کیا، تم نے نبوت کا دعویٰ کر کے نبوت پر حملہ کیا اور یہ سب کچھ تمہاری کتب میں لکھا ہے اور تمہارے اخبارات بھرے پڑے ہیں ان غلاظتوں اور خرافات سے ۔ یہی دو رنگی ہے جو ظلم ڈھا رہی ہے ۔ اب مزید آگے دیکھئے لا نبی بعدی کے بارے مرزا قادیانی کیا کہتا ہے ۔

وقد قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: ''لا نبی بعدی'' وسمّاہ اللّٰہ تعالی خاتم الأنبیاء فمِن أین یظھر نبی بعدہ؟ ألا تتفکرون یا معشر المسلمین؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو خاتم النبیین کہا ہے تو ان کے بعد کوئی نبی کہاں سے آئے گا؟ اے امت مسلمہ کیا تم نہیں سوچتے ؟

(روحانی خزائن جلد 7، صفحہ 34) سکین صفحہ 108

میں سمجھتا ہوں کہ یہ مرزا قادیانی کا حتمی موقف ہے اور یہی موقف مسلمانوں کا بھی ہے کہ نبی عالم ﷺ کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا لیکن حیرت اس بات پر ہے کہ مرزا قادیانی تسلیم بھی کرتا ہے اور ساتھ دعویٰ نبوت بھی کرتا ہے ہمیں کہنا پڑ رہا ہے کہ: اے امت قادیانیہ تم سوچتے کیوں نہی؟

بخاری کا باب خاتم النبیین ﷺ

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب المناقب میں مکمل باب خاتم النبیین ﷺ کا باندھا ہے ۔ ترجمۃ الباب سے امام بخاری کا عقیدہ ختم نبوت واضح ہو رہا ہے ۔ اس باب میں آپ دو احادیث لے کر آئے ہیں اور یہ دونوں احادیث ہی عقیدہ ختم نبوت پر دلیل ہیں ۔ آئیے اس

باب کی دونوں احادیث کا مطالعہ کرتے ہیں۔

انبیاء ایک عمارت کی مثل ہیں

(مرفوع) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَرَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَكْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُونَهَا وَيَتَعَجَّبُونَ، وَيَقُولُونَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ".

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”میری اور دوسرے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسی کسی شخص نے کوئی گھر بنایا، اسے خوب آراستہ پیراستہ کرکے مکمل کردیا۔صرف ایک اینٹ کی جگہ خالی چھوڑ دی۔لوگ اس گھر میں داخل ہوتے اور تعجب کرتے اور کہتے کاش یہ ایک اینٹ کی جگہ خالی نہ رہتی تو کیسا اچھا مکمل گھر ہوتا۔“

(صحیح بخاری 3534،کتاب المناقب،باب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم)

(قادیانی صحیح البخاری، جلد ہشتم، صفحہ 52، مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ) سکین صفحہ 109

آخری اینٹ

(مرفوع) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" إِنَّ مَثَلِي وَمَثَلَ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بَيْتًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ بِهِ وَيَعْجَبُونَ لَهُ وَيَقُولُونَ هَلَّا وُضِعَتْ

هَذِهِ اللَّبِنَةُ، قَالَ: فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتِمُ النَّبِيِّينَ".

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میری اور مجھ سے پہلے کے تمام انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے ایک گھر بنایا اور اس میں ہر طرح کی زینت پیدا کی لیکن ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹ گئی۔ اب تمام لوگ آتے ہیں اور مکان کو چاروں طرف سے گھوم کر دیکھتے ہیں اور تعجب میں پڑ جاتے ہیں لیکن یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ یہاں پر ایک اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ تو میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔"

(صحیح بخاری 3535، کتاب المناقب، باب خاتم النبیین ﷺ)

(قادیانی صحیح البخاری، جلد ہشتم، صفحہ 53،52، مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ) سکین 109 صفحہ 111

مرزا قادیانی نبوت کی آخری اینٹ

جیسا کہ بخاری ومسلم کی احادیث اس پر شاہد ہیں کہ حضور خاتم النبیین ﷺ نے واضح طور پر ارشاد فرمادیا کہ نبوت کی عمارت میں ایک اینٹ کی جگہ باقی تھی اور جب میں آیا تو وہ نبوت کی عمارت تکمیل کو پہنچی۔ مگر مرزا قادیانی کہتا ہے کہ وہ آخری اینٹ جو نبوت کی عمارت میں باقی تھی وہ میرے آنے سے پوری ہوئی لہذا وہ آخری اینٹ میں خود ہوں۔ اس پر ہم چند حوالہ جات لکھ رہے ہیں کاش قادیانی امت ان پر غور کرے اور مرزا قادیانی کذاب پر لعنت ڈال کر اسلام قبول کرلے۔ مرزا قادیانی لکھتا ہے کہ:

فأراد الله أن يُتمّ النبأ ويُكمِل البناء باللبنة الأخيرة، فأنا تلك اللبنة أيها الناظرون.

پس خدا نے ارادہ فرمایا کہ اس پیشگوئی کو پورا کرے اور آخری اینٹ کے ساتھ بنا کو کمال تک پہنچا دے۔ پس میں وہی اینٹ ہوں۔

(خطبہ الہامیہ، روحانی خزائن جلد 16 صفحہ 178) سکین صفحہ 112

پھر ایک اور جگہ اس آخری اینٹ کو بڑی وضاحت سے بیان کرتا ہے کہ میں نبوت کی آخری اینٹ کیسے بنا، ملاحظہ کی جئے یہ حوالہ:

آخری زمانہ میں یہ مشابہت ہے کہ خدا تعالیٰ نے ملتِ موسوی کے آخری زمانہ میں ایک ایسا نبی مبعوث فرمایا جو جہاد کا مخالف تھا اور دینی لڑائیوں سے اُسے کچھ سروکار نہ تھا بلکہ عفو اور درگذر اس کی تعلیم تھی۔ اور وہ ایسے وقت میں آیا تھا جبکہ بنی اسرائیل کی اخلاقی حالتیں بہت بگڑ چکی تھیں اور اُن کے چال چلن میں بہت فتور واقع ہو گیا تھا اور اُن کی سلطنت جاتی رہی تھی اور وہ رومی سلطنت کے ماتحت تھے اور وہ حضرت موسیٰ سے ٹھیک ٹھیک چودھویں صدی پر ظاہر ہوا تھا اور اس پر سلسلہ اسرائیلی نبوت کا ختم ہو گیا تھا اور وہ اسرائیلی نبوت کی آخری اینٹ تھی۔ ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری زمانہ میں مسیح ابن مریم کے رنگ اور صفت میں اس راقم کو مبعوث فرمایا اور میرے زمانہ میں رسم جہاد کو اُٹھا دیا جیسا کہ پہلے سے خبر دی گئی تھی کہ مسیح موعود کے زمانہ میں جہاد کو موقوف کر دیا جائے گا۔ اسی طرح مجھے عفو اور درگذر کی تعلیم دی گئی اور میں ایسے وقت میں آیا جب کہ اندرونی حالت اکثر مسلمانوں کی یہودیوں کی طرح خراب ہو چکی تھی اور روحانیت گم ہو کر صرف رسوم اور رسم پرستی اُن میں باقی رہ گئی تھی اور

قرآن شریف میں ان امور کی طرف پہلے سے اشارہ کیا گیا تھا۔ جیسا کہ ایک جگہ مسلمانوں کے آخری زمانہ کے لئے قرآن شریف نے وہ لفظ استعمال کیا ہے جو یہود کے لئے استعمال کیا تھا۔ یعنی فرمایا 3 ۲۔ جس کے یہ معنی ہیں کہ تم کو خلافت اور سلطنت دی جائے گی مگر آخری زمانہ میں تمہاری بداعمالی کی وجہ سے وہ سلطنت تم سے چھین لی جائے گی جیسا کہ یہودیوں سے چھین لی گئی تھی اور پھر سورہ نور میں صریح اشارہ فرماتا ہے کہ ہر ایک رنگ میں جیسے بنی اسرائیل میں خلیفے گذرے ہیں وہ تمام رنگ اس اُمت کے خلیفوں میں بھی ہوں گے۔ چنانچہ اسرائیلی خلیفوں میں سے حضرت عیسیٰؑ ایسے خلیفے تھے جنہوں نے نہ تلوار اُٹھائی اور نہ جہاد کیا۔ سو اِس امت کو بھی اسی رنگ کا مسیح موعود دیا گیا۔ دیکھو آیت ...... اس آیت میں فقرہ 33 قابل غور ہے۔ کیونکہ اِس سے سمجھا جاتا ہے کہ محمدی خلافت کا سلسلہ موسوی خلافت کے سلسلہ سے مشابہ ہے اور چونکہ موسوی خلافت کا انجام ایسے نبی پر ہوا یعنی حضرت عیسیٰؑ پر جو حضرت موسیٰؑ سے چودھویں صدی کے سر پر آیا اور نیز کوئی جنگ اور جہاد نہیں کیا اس لئے ضروری تھا کہ آخری خلیفہ سلسلہ محمدی کا بھی اِسی شان کا ہو۔

(لیکچر سیالکوٹ، روحانی خزائن جلد 20، صفحہ 213، 214) سکین 113 صفحہ 114

اس تفصیلی بحث سے آپ کو پتہ چل گیا ہو گا کہ مرزا قادیانی بڑی ڈھٹائی اور سینہ زوری سے اپنے آپ کو نبوت کی عمارت کی آخری اینٹ بتا رہا ہے۔ لیکن آپ کو حیرت ہو گی کہ مرزا قادیانی اس آخری اینٹ کو خدا کا غضب بھی تسلیم کرتا تھا، چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین

کرتے ہوئے آپ کو اسرائیلی نبوت کی آخری اینٹ بطور خدا کے غضب قرار دے رہا ہے:

خدا کے غضب نے عیسیٰ مسیح کو اسرائیلی نبوت کے لئے آخری اینٹ کر دیا۔

(تریاق القلوب، روحانی خزائن جلد 15، صفحہ 522) سکین صفحہ 115

مرزا قادیانی ایسا کذاب و دجال انسان تھا کہ ایک منہ میں دو زبانیں رکھتا تھا دوپہر کے بارہ بجے کہتا تھا کہ سورج نکلا ہوا ہے چند لمحوں بعد کہتا تھا کہ سورج غروب ہو چکا ہے۔ ایسا ہی اس نبوت کی آخری اینٹ کے متعلق حضور خاتم النبیین ﷺ کے بارے کہتا ہے کہ در حقیقت وہ آخری اینٹ حضور ﷺ ہیں، ملاحظہ فرمائیں یہ حوالہ:

جو دیوار نبوت کی آخری اینٹ ہے وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

(سرمہ چشم آریہ، روحانی خزائن جلد 2، صفحہ 246) سکین صفحہ 116

مسلم شریف کا باب خاتم النبیین ﷺ

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی طرح امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی صحیح مسلم میں حضور ﷺ کی ختم نبوت پر کتاب الفضائل میں ایک مکمل باب "بَاب ذِكْرِ كَوْنِهِ ﷺ خَاتَمَ النَّبِيِّينَ" باندھا ہے۔ جس سے آپ کا عقیدہ ختم نبوت پتہ چلتا ہے۔ اس باب کی تمام احادیث کو ہم یہاں درج کر رہے ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ، كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ، فَجَعَلَ النَّاسُ يُطِيفُونَ بِهِ يَقُولُونَ: مَا رَأَيْنَا بُنْيَانًا أَحْسَنَ مِنْ هَذَا إِلَّا هَذِهِ اللَّبِنَةَ، فَكُنْتُ أَنَا تِلْكَ اللَّبِنَةَ ".

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میری مثال اور پیغمبروں کی مثال ایسی ہے، جیسے ایک شخص نے ایک محل بنایا نہایت عمدہ اور خوبصورت۔ لوگ اس کے گرد پھرنے لگے اور کہنے لگے: ہم نے اس سے بہتر عمارت نہیں دیکھی مگر ایک اینٹ کی جگہ خالی ہے، اور میں وہی اینٹ ہوں۔" (جس سے نبوت کا محل پورا ہوگیا اب دوسرا کوئی نبی نیا میرے بعد نہ ہوگا)۔

(صحیح مسلم 5959، کتاب الفضائل، باب ذکر کونہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین)

سکین صفحہ 117 (قادیانی صحیح مسلم 4223، جلد دوازدھم، صفحہ 193، نور فاونڈیشن)

نبوت کی عمارت مکمل ہوئی

حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا، وَقَالَ أَبُ وَالْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي، كَمَثَلِ رَجُلٍ ابْتَنَى بُيُوتًا فَأَحْسَنَهَا وَأَجْمَلَهَا وَأَكْمَلَهَا، إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا، فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ وَيُعْجِبُهُمُ الْبُنْيَانُ، فَيَقُولُونَ: أَلَّا وَضَعْتَ هَاهُنَا لَبِنَةً، فَيَتِمَّ بُنْيَانُكَ، فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَكُنْتُ أَنَا اللَّبِنَةَ ".

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا: ”میری مثال اور دوسرے پیغمبروں کی مثال جو مجھ سے پہلے ہو چکے ایسی ہے جیسے کسی شخص نے کئی گھر بنائے اور ان کی زیبائش کی، آرائش دی اور پورا کیا، مگر ایک کونے پر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی، اب لوگ اس کے گرد پھرنے لگے، اور ان کو وہ عمارت پسند آئی، وہ کہنے لگے، مکان والے سے: تو نے ایک اینٹ یہاں رکھ دی ہوتی، تو تیری عمارت پوری ہو جاتی۔“ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”وہ اینٹ میں ہوں۔“

(صحیح مسلم 5960، کتاب الفضائل، باب ذکر کونہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین)

سکین صفحہ 118 (قادیانی صحیح مسلم 4224، جلد دوازدھم، صفحہ 194، نور فاونڈیشن)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي، كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ، إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهُ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ بِهِ، وَيَعْجَبُونَ لَهُ وَيَقُولُونَ: هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ؟، قَالَ: فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ"

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میری مثال اور دوسرے پیغمبروں کی مثال جو مجھ سے پہلے ہو چکے ایسی ہے جیسے کسی شخص نے کئی گھر بنائے۔ اور ان کی زیبائش کی، آرائش کی اور مکمل کیا۔ مگر ایک کونے پر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔ اب لوگ اس کے گرد گھومنے لگے۔ ان کو وہ عمارت

پسند آئی، وہ مکان والے سے کہنے لگے: تو نے ایک اینٹ یہاں رکھ دی ہوتی تو تیری عمارت مکمل ہو جاتی۔" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس میں یہ ہے کہ "میں وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم الانبیاء ہوں۔"

(صحیح مسلم 5961،کتاب الفضائل، باب ذکر کونہ ﷺ خاتم النبیین)

سکین صفحہ 118 119 (قادیانی صحیح مسلم 4225، جلد دوازدھم، صفحہ 194، نور فاونڈیشن)

حدیث شریف میں جو حضور ﷺ نے فرمایا کہ" انا خاتم النبیین" مرزا قادیانی ایک جگہ کہتا ہے کہ" میں خاتم الانبیاء ہوں" ملاحظہ فرمائیں یہ حوالہ:

مرزا قادیانی خاتم الانبیاء

اور نہ اس سے مہر ختمیت ٹوٹتی ہے کیونکہ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب آیت 33 بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وجود قرار دیا ہے پس اس طور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے میں میری نبوت سے کوئی تزلزل نہیں آیا کیونکہ ظل اپنے اصل سے علیحدہ نہیں ہوتا اور چونکہ میں ظلی طور پر محمد ہوں صلی اللہ علیہ وسلم پس اس طور سے خاتم النبیین کی مُہر نہیں ٹوٹی۔

سکین صفحہ (ایک غلطی کا ازالہ، روحانی خزائن جلد 18، صفحہ 212)

بروز کا مطلب ہوتا ہے کہ جو چیز پہلے چُھپی ہوئی تھی مگر اب ظاہر ہو گئی ہے جیسے ضمائر کے بیان میں آپ نے پڑھا ہو گا کہ ایک ضمیر مستتر ہوتی ہے جیسے قُل کے اندر انت ضمیر مستتر ہے یعنی چھپی ہوئی ہے۔ دوسری ضمیر بارز ہوتی ہے جیسے قل ھو اللہ کے اندر ھو ضمیر بارز ہے جو کہ

ظاہر ہوگئی ہے۔لہٰذا بروزی کا مطلب ہوگا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پہلے چھپے ہوئے تھے اب مرزا قادیانی کی شکل میں ظاہر ہوگئے ہیں (معاذ اللہ) اس لیے مرزا قادیانی اپنے آپ کو بروزی خاتم الانبیاء کہتا ہے۔لعنۃ اللہ علی الکاذبین

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَثَلِي وَمَثَلُ النَّبِيِّينَ. فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

سیدنا ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میری مثال اور پہلے نبیوں کی مثال۔“ پھر مذکورہ حدیث کی طرح بیان کیا۔

(صحیح مسلم 5962،کتاب الفضائل، باب ذکر کونہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین)

(قادیانی صحیح مسلم 4225، جلد دوازدھم، صفحہ 194، نور فاونڈیشن)

سکین صفحہ 119

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ، كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَتَمَّهَا وَأَكْمَلَهَا، إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُونَهَا وَيَتَعَجَّبُونَ مِنْهَا، وَيَقُولُونَ: لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَأَنَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ، جِئْتُ فَخَتَمْتُ الْأَنْبِيَاءَ ".

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میری مثال اور دوسرے پیغمبروں کی مثال اس شخص کی مثال ہے، جس نے ایک گھر بنایا، اس کو پورا کیا اور تمام کیا، پر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔لوگوں نے اس کے اندر جانا شروع کیا، اور

لگے تعجب کرنے اور کہنے لگے: کاش! یہ اینٹ بھی خالی نہ ہوتی۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں اس اینٹ کی جگہ ہوں، میں آیا اور پیغمبروں کو ختم کر دیا۔"

(صحیح مسلم 5963، کتاب الفضائل، باب ذکر کونہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین)

سکین صفحہ 119 (قادیانی صحیح مسلم 4226، جلد دوازدھم، صفحہ 195، نور فاونڈیشن)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " فُضِّلْتُ عَلَى الأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ، أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَجُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا، وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ ".

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مجھ کو چھ باتوں کی وجہ سے اور پیغمبروں پر فضیلت دی گئی۔ پہلی تو مجھ کو وہ کلام ملا جس میں لفظ تھوڑے اور معنی بہت ہیں (یعنی کلام اللہ یا خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کلمات) اور میں مدد دیا گیا رعب سے اور میرے لئے غنیمتیں حلال کی گئیں اور میرے لئے ساری زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ کی گئی۔ اور میں تمام مخلوقات کی طرف (خواہ جن ہوں یا آدمی عرب ہوں یا غیر عرب کے) بھیجا گیا اور میرے اوپر نبوت ختم کی گئی۔"

(صحیح مسلم 1167، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب المساجد ومواضع الصلاۃ)

سکین صفحہ 122 (قادیانی صحیح مسلم 804، جلد سوم، صفحہ 3، نور فاونڈیشن)

(مرفوع) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ، عَنْ أَبِيهِ

رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَحْمَدُ وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِي الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي وَأَنَا الْعَاقِبُ.

محمد بن جبیر بن مطعم نے اوران سے ان کے والد (جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میرے پانچ نام ہیں ۔میں محمد، احمد اور ماحی ہوں (یعنی مٹانے والا ہوں) کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائے گا اور میں حاشر ہوں کہ تمام انسانوں کا (قیامت کے دن) میرے بعد حشر ہو گا اور میں عاقب ہوں یعنی خاتم النبین ہوں ۔میرے بعد کوئی نیا پیغمبر دنیا میں نہیں آئے گا۔"

(صحیح بخاری 3532، کتاب المناقب، باب ماجاء فی اسماء رسول اللہ)

(قادیانی صحیح البخاری، جلد ہشتم صفحہ 49،48، مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ) سکین 123 صفحہ 124

یہ دس عدد احادیث بخاری ومسلم سے لی گئی ہیں اگر چہ ان امہات الکتب میں دیگر اور بھی ختم نبوت پر احادیث ہیں لیکن طوالت کا خدشہ ہے اسی پر ہم اکتفاء کرتے ہیں، مزید یہ کہ اسی موضوع پر مفصل کتاب ہم نے مرتب کی ہے بنام "قادیانی کلمہ" جس کا مطالعہ کرنے سے آپ کو دسیوں قادیانی حوالہ جات ملیں گے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی اپنے آپ کو حقیقی محمد سمجھتا تھا اور قادیانی عقیدہ کے مطابق محمد نے دو دفعہ جنم لینا تھا لہذا مرزا قادیانی محمد کا دوسرا جنم ہے (نقل کفر کفر نہ باشد) یہاں ہمارے سبق کا اختتام ہو رہا ہے مزید تفصیلات اگلے اسباق میں ملاحظہ فرمائیں۔

سلسلہ سوالات سبق نمبر 3

(1) وہ کونسی احادیث ہیں جس میں آپ ﷺ نے فرمایا" انا خاتم النبیین" ؟

(2) نبوت کی عمارت کی آخری اینٹ والی ایک حدیث کا حوالہ دیں؟

(3) بخاری و مسلم میں ختم نبوت پر باب باندھے گئے ہیں کتابوں کا نام لکھیں؟

(4) مرزا قادیانی نے کہاں کہا کہ میں تمام انبیاء کا معجون مرکب ہوں؟

(5) مرزا قادیانی نے اپنے آپ کو خاتم الانبیاء کہا کتاب کا حوالہ دیں؟

(6) حضور ﷺ فرماتے ہیں میں محمد اور احمد ہوں، مرزا قادیانی کہتا ہے کہ میں محمد اور احمد ہوں، حدیث اور مرزا کی کتاب کے حوالہ جات بتائیں؟

أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوْا.

نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجدیں بنا لیا ہے۔ آپ اپنی امت کو ہوشیار کرتے تھے، اس فعل سے جو انہوں نے کیا (مبادا وہ بھی ایسا کرنے لگیں۔)

اطراف الحدیث ۳۴۵۳: ٤٣٥، ١٣٣٠، ١٣٩٠، ٤٤٤١، ٤٤٤٣، ٥٨١٥۔
اطراف الحدیث ۳۴۵۴: ٤٣٦، ٤٤٤٤، ٥٨١٦

٣٤٥٥: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ قَالَ قَاعَدْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ خَمْسَ سِنِيْنَ فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ تَسُوْسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَيَكُوْنُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُوْنَ قَالُوْا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ فُوا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ أَعْطُوْهُمْ حَقَّهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ.

۳۴۵۵: محمد بن بشار نے مجھے بتایا۔ محمد بن جعفر نے ہم سے بیان کیا کہ شعبہ نے ہمیں بتایا۔ انہوں نے فرات قزاز سے روایت کی کہ انہوں نے کہا: میں نے ابوحازم سے سنا۔ انہوں نے کہا: میں حضرت ابوہریرہؓ کے ساتھ پانچ سال بیٹھتا رہا اور میں نے ان سے سنا وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت بیان کرتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا: بنی اسرائیل کی نگرانی نبی کیا کرتے تھے۔ جب کوئی نبی فوت ہو جاتا تو ایک اور نبی اس کا جانشین ہوتا اور دیکھو میرے بعد کوئی نبی نہیں مگر خلفاء ضرور ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ صحابہؓ نے پوچھا: پھر آپؐ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: جو پہلے ہو اس کی بیعت پہلے پوری کرو۔ پھر اس کے بعد جو ہو، اُن کا حق انہیں دو۔ کیونکہ اللہ بھی ان سے ضرور پوچھے گا اس (رعیت) کے بارے میں جس کی نگرانی اس نے ان کے سپرد کی۔

٣٤٥٦: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ

۳۴۵۶: سعید بن ابی مریم نے ہمیں بتایا کہ ابوغسان نے ہم سے بیان کیا، کہا: زید بن اسلم نے مجھے بتایا۔ انہوں نے عطاء بن یسار سے، عطاء نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ

کہ مسیح ابن مریم فوت ہو گیا اور فوت شدہ بندوں میں جاملا۔ پھر اس پیشگوئی کی نسبت جو اُن کی صحیح میں درج ہے کہ ابن مریم نازل ہوگا۔ تین قوی قرینے قائم کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ آنے والا ابن مریم ہرگز وہ مسیح ابن مریم نہیں ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی۔ چنانچہ اوّل قرینہ یہ لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ **لانبی بعدی**۔ صفحہ ۶۳۳۔ دوم قرینہ یہ ہے کہ آنے والے مسیح کی نسبت **اِمامکم منکم** کا قول استعمال کیا گیا ہے جس سے صاف طور پر جتلا دیا ہے کہ وہ مسیح آنے والا اصل مسیح نہیں ہے بلکہ وہ تمہارا ایک امام ہوگا اور تم میں سے ہوگا۔ اور کسی اَور امام کا مسیح کے ساتھ ہونا ہرگز ذکر نہیں کیا۔ بلکہ امامت کی وجہ سے ہی مسیح موعود کا نام **حَکَم** رکھا **عدل** رکھا **مُقسط** رکھا۔ اگر وہ امام نہیں تو یہ صفات جو امامت سے ہی تعلق رکھتی ہیں کیوں کر اس کے حق میں بولی جاسکتی ہیں۔ اور اگر کہو کہ امامت سے مراد نمازخوانی کی امامت ہے جیسا کہ ہریک مسجد میں ملّاں ہوا کرتے ہیں تو یہ عجیب عقل کی بات ہے۔ کیونکہ یہ تو ہرگز ممکن نہیں کہ ۲۰ بیس کروڑ مسلمانوں کے لئے جو مختلف بلاد میں جابجا سکونت رکھتے ہیں پنجوقت نماز ادا کرنے کے لئے ایک ہی امام کافی ہو۔ بلکہ بڑے بڑے لشکروں کے لئے بھی جو جابجا حسب مصالح جنگی متفرق ہوں ایک امام کافی نہیں ہوسکتا۔ سو نماز پڑھانے کی امامت جیسا کہ آج کل لاکھوں آدمی کر رہے ہیں یہی تعداد ہریک زمانہ کے لئے لابدی اور لازمی ہے جو صرف ایک سے انجام پذیر نہیں ہوسکتی۔ بلکہ امام سے مراد رہنما اور پیشوا اور خلیفہ ہے جس کی صفات میں سے **حَکَم** اور **عدل** اور **مقسط** ہونا بیان کیا گیا ہے۔ اب آنکھ کھول کر دیکھنا چاہیئے کہ یہ صفات بخاری کے سیاق سباق دیکھنے سے مسیح موعود کے حق میں اطلاق پائے ہیں یا کسی اور کے حق میں۔ اے بندگانِ خدا کچھ تو ڈرو۔ دیکھو تمہارا دل ہی تمہیں ملزم کرے گا کہ تم حق پر پردہ ڈال رہے ہو۔ ڈرو۔ اے لوگو ڈرو اور خدا اور رسول کے فرمودہ سے عمدًا انحراف مت کرو اور الحاد اور تحریف سے باز آجاؤ۔ اللہ اور رسول کے کلمات کو

لَاَغْلِبَنَّ اَنَا ورُسُلِی ۔ وَھم من بعد غلبھم سیغلبون☆
مَیں اور میرے رسول غالب رہیں گے۔ اور وہ مغلوب ہونے کے بعد جلد غالب ہو جائیں گے۔
اِنّ اللّٰہ مع الّذین اتّقوا والّذین ھم محسنون ۔
خدا اُن کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور وہ جو نکو کار ہیں۔
اریک زلزلۃ السَّاعَۃ ۔ انّی احافظ کُلّ مَنْ فی الدّار ۔
قیامت کے مشابہ ایک زلزلہ آنے والا ہے جو تمہیں دکھاؤں گا اور مَیں ہر ایک کو جو اس گھر میں ہے نگہ
رکھوں گا۔ وَ امتازوا الیوْم اَیُّھا المُجْرِمُوْن۔ جآء الحق و زھق
اے مجرمو ! آج تم الگ ہو جاؤ۔ حق آیا اور باطل بھاگ
الباطل ۔ ھٰذا الذی کنتم بہٖ تستعجلون ۔
گیا یہ وہی ہے جس کے بارے میں تم جلدی کرتے تھے۔
بشارۃ تلقاھا النّبیّون ۔ اَنْتَ علٰی بیّنۃٍ مِن رَّبّک ۔
یہ وہ بشارت ہے جو نبیوں کو ملی تھی۔ تُو خدا کی طرف سے کھلی کھلی دلیل کے ساتھ ظاہر ہوا ہے
کفیناک المستھْزئین ۔ ھَل اُنبّئکم علٰی مَن تنزّل
وہ لوگ جو تیرے پر ہنسی ٹھٹھا کرتے ہیں اُن کے لئے ہم کافی ہیں۔ کیا مَیں تمہیں بتلاؤں کہ کن لوگوں پر
الشیاطین. تنزّل علٰی کُلّ افّاکٍ اثیم. ولا تیئس
شیطان اُترا کرتے ہیں۔ ہر ایک کذّاب بدکار پر شیطان اُترتے ہیں۔ اور تُو خدا کی
من رّوح اللّٰہ ۔ اَلا انّ روح اللّٰہ قریب ۔ اَلا انّ نصر
رحمت سے نومید مت ہو۔ خبردار ہو کہ خدا کی رحمت قریب ہے۔ خبردار ہو کہ خدا کی مدد

☆ اس وحی الٰہی میں خدا نے میرا نام رُسُل رکھا کیونکہ جیسا کہ براہین احمدیہ میں لکھا گیا ہے خدا تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء علیہم السلام کا مظہر ٹھہرایا ہے اور تمام نبیوں کے نام میری طرف منسوب کئے ہیں۔ مَیں آدم ہوں مَیں شیث ہوں مَیں نوح ہوں مَیں ابراہیم ہوں مَیں اسحٰق ہوں مَیں اسمٰعیل ہوں مَیں یعقوب ہوں مَیں یوسف ہوں مَیں موسیٰ ہوں مَیں داؤد ہوں مَیں عیسیٰ ہوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کا مَیں مظہر اتم ہوں یعنی ظلّی طور پر محمدؐ اور احمدؐ ہوں۔ منہ

ایک شریف قوم سے جو سید تھے کیا اور خود تمہارے نسب کو شریف☆ بنایا جو فارسی خاندان اور سادات سے معجون مرکب ہے۔ اس پیشگوئی کو دوسرے الہامات میں اور بھی تصریح سے بیان کیا گیا ہے یہاں تک کہ اُس شہر کا نام بھی لیا گیا تھا جو دہلی ہے۔ اور یہ پیشگوئی بہت سے لوگوں کو سنائی گئی تھی جن میں سے ایک شیخ حامد علی اور میاں جان محمد اور بعض دوسرے دوست ہیں۔ اور ایسا ہی ہندوؤں میں سے شرمپت اور ملاوامل کھتریان ساکنانِ قادیان کو قبل از وقت یہ پیشگوئی بتلائی گئی تھی۔ اور جیسا کہ لکھا تھا ایسا ہی ظہور میں آیا کیونکہ بغیر سابق تعلقاتِ قرابت اور رشتہ کے دہلی میں ایک شریف اور مشہور خاندان سیادت میں میری شادی ہوگئی اور یہ خاندان خواجہ میر درد کی لڑکی کی اولاد میں سے ہے جو مشاہیر اکابر سادات دہلی میں سے ہے۔ جن کو سلطنت چغتائی کی طرف سے بہت سے دیہات بطور جاگیر عطا ہوئے تھے۔ اور اب تک اس

☆ **حاشیہ۔** ہمارے خاندان کی قومیت ظاہر ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ قوم کے برلاس مغل ہیں اور ہمیشہ اس خاندان کے اکابر امیر اور والیان ملک رہے ہیں وہ سمرقند سے کسی تفرقہ کی وجہ سے بابر بادشاہ کے وقت میں پنجاب میں آئے اور اس علاقہ کی ایک بڑی حکومت ان کو ملی اور کئی سو دیہات ان کی ملکیت کے تھے جو آخر کم ہوتے ہوتے ۸۴ رہ گئے اور سکھوں کے زمانہ میں وہ بھی ہاتھ سے جاتے رہے اور پانچ گاؤں باقی رہ گئے اور پھر ایک گاؤں ان میں سے جس کا نام بہادر حسین۞ تھا جس کو حسین نامی ایک بزرگ نے آباد کیا تھا انگریزی سلطنت کے عہد میں ہاتھ سے جاتا رہا کیونکہ ہم نے خود اپنی غفلت سے ایک مدت تک اس گاؤں سے کچھ وصول نہیں کیا تھا اور جیسا کہ مشہور چلا آتا ہے ہماری قوم کو سادات سے یہ تعلق رہا ہے کہ بعض دادیاں ہماری شریف اور مشہور خاندان سادات سے ہیں لیکن مغل قوم کے ہونے کے بارے میں خدا تعالیٰ کے الہام نے مخالفت کی ہے جیسا کہ براہین احمدیہ صفحہ ۲۴۲ میں یہ الہام ہے خذوا التوحید التوحید یا ابناء الفارس یعنی توحید کو پکڑو توحید کو پکڑو اے فارس کے بیٹو۔ اس الہام سے صریح طور پر سمجھا جاتا ہے کہ ہمارے بزرگ دراصل بنی فارس ہیں۔

۞ یہ گاؤں بٹالہ سے شمالی طرف بفاصلہ تین کوس واقعہ ہے۔ منہ

	شاہی خاندان ہے اور بنی فارس اور بنی فاطمہ کے خون سے ایک معجون مرکب ہے یا شہرت عام کے لحاظ سے یوں کہو کہ وہ خاندان مغلیہ اور خاندان سیادت سے ایک ترکیب یافتہ خاندان ہے مگر میں اس پر ایمان لاتا اور اِسی پر یقین رکھتا ہوں کہ ہمارے خاندان کی ترکیب بنی فارس اور بنی فاطمہ سے ہے کیونکہ اِسی پر الہامِ الٰہی کے تواتر نے مجھے یقین دلایا ہے اور گواہی دی ہے۔
۵۰	ایک دفعہ جس کو قریباً اکیس برس کا عرصہ ہوا ہے مجھ کو یہ الہام ہوا **اشکر نعمتی رئیت خدیجتی انّک الیوم لذو حظٍّ عظیم** ۔ترجمہ۔ میری نعمت کا شکر کر۔ تونے میری خدیجہ کو پایا آج تو ایک **حظّ عظیم** کا مالک ہے۔ براہین احمدیہ صفحہ ۵۵۸ اور اس زمانہ کے قریب ہی یہ بھی الہام ہوا تھا **بکر و ثیب** یعنی ایک کنواری اور ایک بیوہ تمہارے نکاح میں آئے گی۔ یہ مؤخر الذکر الہام مولوی محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر **اشاعۃُ السنہ** کو بھی سنا دیا گیا تھا لیکن الہام مذکورہ بالا جس میں خدیجہ کے پانے کا وعدہ ہے براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۸ میں درج ہوکر نہ صرف محمد حسین بلکہ لاکھوں انسانوں میں اشاعت پاچکا تھا۔ ہاں شیخ محمد حسین مذکور ایڈیٹر **اشاعۃ السنّہ** کو سب سے زیادہ اس پر اطلاع ہے کیونکہ اُس نے براہین احمدیہ کے چاروں حصوں کا ریویو لکھا تھا اور اس کو خوب معلوم تھا کہ ان صفات کی ایک باکرہ بیوی کا وعدہ دیا گیا ہے جو خدیجہ کی اولاد میں سے یعنی سید ہوگی جیسا کہ الہام موصوفہ بالا میں آیا ہے کہ تو میرا شکر کر اِس لئے کہ تو نے خدیجہ کو پایا یعنی تو خدیجہ کی اولاد کو پائے گا۔ اِسی کی تائید میں وہ الہام ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۲ حاشیہ دوم اور صفحہ ۴۹۶ میں درج ہے اور وہ یہ ہے۔ **اردتُ ان استخلف فخلقت اٰدم.**

اور مجھے خو اور بو اور رنگ اور روپ کے لحاظ سے حضرت عیسیٰ مسیح کا اوتار کرکے بھیجا ایسا ہی اُس نے حقوق خالق کے تلف کے لحاظ سے میرا نام محمد اور احمد رکھا اور مجھے توحید پھیلانے کے لئے تمام خو اور بو اور رنگ اور روپ اور جامہ محمدی پہنا کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اوتار بنا دیا۔ سو میں ان معنوں کر کے عیسیٰ مسیح بھی ہوں اور محمد مہدی بھی۔ مسیح ایک لقب ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیا گیا تھا جس کے معنے ہیں خدا کو چھونے والا اور خدائی انعام میں سے کچھ لینے والا۔ اور اس کا خلیفہ اور صدق اور راستبازی کو اختیار کرنے والا۔ اور مہدی ایک لقب ہے جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا گیا تھا جس کے معنے ہیں کہ فطرتاً ہدایت یافتہ اور تمام ہدایتوں کا وارث اور اسم ہادی کے پورے عکس کا محل۔ سو خدا تعالیٰ کے فضل اور رحمت نے اس زمانہ میں ان دونوں لقبوں کا مجھے وارث بنا دیا اور یہ دونوں لقب میرے وجود میں اکٹھے کر دیئے سو میں ان معنوں کے رو سے عیسیٰ مسیح بھی ہوں اور محمد مہدی بھی اور یہ وہ طریق ظہور ہے جس کو اسلامی اصطلاح میں بروز کہتے ہیں سو مجھے دو بروز عطا ہوئے ہیں بروز عیسیٰ و بروز محمدؐ۔ غرض میرا وجود ان دونوں نبیوں کے وجود سے بروزی طور پر ایک معجون مرکب ہے۔ عیسیٰ مسیح ہونے کی حیثیت سے میرا کام یہ ہے کہ مسلمانوں کو وحشیانہ حملوں اور خونریزیوں سے روک دوں جیسا کہ حدیثوں میں صریح طور سے وارد ہو چکا ہے کہ جب مسیح دوبارہ دنیا میں آئے گا تو تمام دینی جنگوں کا خاتمہ کر دے گا۔ سو ایسا ہی ہوتا جاتا ہے۔ آج کی تاریخ تک تیس ہزار کے قریب یا کچھ زیادہ میرے ساتھ جماعت ہے☆ جو برٹش انڈیا کے متفرق مقامات میں آباد ہے اور ہر ایک شخص جو میری بیعت کرتا ہے اور مجھ کو مسیح موعود مانتا ہے اُسی روز سے اُس کو یہ عقیدہ رکھنا پڑتا ہے کہ اس زمانہ میں جہاد قطعاً حرام ہے کیونکہ مسیح آ چکا۔ خاص کر میری تعلیم

☆ اگرچہ خاص آدمی جو علم اور فہم سے کافی بہرہ رکھتے ہیں دس ہزار کے قریب ہوں گے مگر ہر ایک قسم کے لوگ جن میں ناخواندہ بھی ہیں تیس ہزار سے کم نہیں ہیں بلکہ شائد زیادہ ہوں۔ منه

بلکہ اُن کی تو کوشش یہ ہو رہی ہے کہ جو کچھ دُنیا میں ہو رہا ہے وُہ سب ہمارے ہی قبضہ میں آجاوے۔

اگرچہ مَیں اس بات کو مانتا ہوں کہ تدبیر کرنا منع نہیں ہے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ گناہ ہمیشہ افراط یا تفریط سے پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً اگر انسان کو صرف ہاتھ لگا دو، تو گناہ نہیں ہے، لیکن اگر اس کو ایک مُکا مار دو تو یہ گناہ ہے۔ یہ افراط ہے اور تفریط یہ ہے کہ کسی کو اگر ایک پیالہ پانی دینے کی ضرورت ہو، تو وُہ اس کو ایک قطرہ دے۔ غرض موجودہ زمانہ میں دجّال کا بُروز ایک معجُونِ مرکب ہے۔ ایک حملہ خدا پر ہو رہا ہے ایک نبوت پر۔ ایک خدا کو انسان بناتا ہے دُوسرا آپ ہی خدا بنتا ہے؟ کیا یہ بات سچ نہیں ہے۔ کتابیں دیکھو، اخبارات پڑھو تو پتہ لگے گا کہ کس قدر فساد برپا ہو رہا ہے۔ اور یہ دو رنگی ظلم ڈھا رہی ہے۔ یاجُوج ماجوج کے فساد کی نسبت مَیں نے بتا دیا ہے کہ اس کا اثر دل پر پڑتا ہے۔ اُس کو شوکت ہے۔ خدا کی طرف رجُوع کرنا، امانت دیانت کا اختیار کرنا، شراب، زنا، بدنظری، بدکاری، قمار بازی سے بچنا مشکل ہو رہا ہے۔ بہت ہی تھوڑے شاید ایک آدمی فی ہزار جو بچتے ہوں گے۔

نیکی کے دُو بُروز

اب یہ بات کیسی صاف ہے کہ جبکہ بَدی کے دو بُروز تھے، تو ایسا ہی نیکی کے بھی دُو بُروز بَدی کے مقابل ضروری تھے؛ چنانچہ دُو بُروز نیکی کے بھی رکھے۔ دراصل وُہ بھی ایک ہی چیز ہے جس کے دُو نام ہیں۔ جیسے ایک ہی حالت میں مجسٹریٹ اور کلکٹر دو جداگانہ عُہدے ہوتے ہیں۔ وہ نیکی کے بروز یہ ہیں کہ ایک تو اُندرونی لحاظ سے ہے اور دُوسرا بیرُونی لحاظ سے۔ اندرونی لحاظ سے وُہ مہدی اور بیرُونی لحاظ سے مسیح ابنِ مریم۔

مسیح بن مریم

بیرونی طور پر مسیح کا کام کیا ہے؟ جو اس کا یہ نام رکھا۔ مسیح ابن مریم کا کام دفعِ شر ہوگا اور مہدی کا کام کسبِ خیر؛ چنانچہ غور کرو کہ مسیح کا کام یَقۡتُلُ الۡخِنۡزِیۡر اور یَکۡسِرُ الصَّلِیۡب بتایا ہے۔ یہی دفعِ شر ہے، لیکن ہمارا یہ مذہب ہرگز نہیں ہے کہ وہ دفعِ شر کے لیے تیغ و سنان لے کر جنگ کے واسطے نکلے گا۔ عُلما جو یہ کہتے ہیں کہ وہ جنگ کرے گا یہ صحیح نہیں بلکہ بالکل غلط ہے۔ یہ کیا اصلاح ہوئی کہ ابھی آپ آتے اور آتے ہی تلوار پکڑ کر لڑائی کے واسطے میدان میں نکل آتے۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ صحیح اور سچّی بات وہی ہے جو خدا تعالیٰ نے ہم پر کھولی، جو احادیث کے منشاء کے موافق ہے کہ مسیح کوئی خونی جنگ نہ کرے گا اور نہ تلوار پکڑ کر لڑنا اس کا منصب ہے۔ بلکہ وُہ تو اصلاح کے لیے آئے گا۔ ہاں یہ ہم مانتے ہیں کہ اس کا کام دفعِ شر ہے اور وہ حجج اور براہین سے کرے گا۔

مہدی

اور مہدی کا کام کسبِ خیر ہے۔ یعنی جو بد عادات اور فسق و فجور پھیلا ہوا ہوگا۔ وہ اس کو ہدایت سے بدل دے گا۔ عیسٰی کا لفظ عُوس سے لیا ہے، جو دفعِ شر کی طرف ایما ہے۔ ان ہر دو بروزوں میں بہتر یہ ہے کہ مہدی کا بروز اکمل ہے، کیونکہ اس کا کام اِفاضۂ خیر اور اِفاضۂ خیر دفعِ شر کی نسبت اکمل بات ہے۔ ایک شخص ہے جو کسی کی راہ سے صرف کانٹے اُٹھا دے۔ یہ بے شک بڑا کام ہے، لیکن جو اس کو سواری دے اور

بـعـض الأحـاديث وإنكار بعضها بلاءٌ عام أحاطت الفقهاء والأئمة والمحدثين أجمعين.

ومّع ذلک. إذا کـان نبيّـنا صلى اللّٰه عليه وسلم خاتم الأنبياء فلا شک أنـه مَـن آمـنَ بـنـــزول الـمسيـح الذى هو نبى من بنى إسرائيل فقد کفَر بخاتم النبيين. فيا حسرة عـلـى قومٍ يقولون إن المسيح عيسى بن مريم نازلٌ بعد وفاة رسـول الـلّٰـه ويـقـولـون إنه يجىء وينسخ من بعض أحكام الفرقان ويزيد عليها وينـزل عليه الوحى أربعين سنة وهو خاتم المرسلين. وقد قال رسول اللّٰه صلى الـلّٰـه عليه وسلم: ”لا نبى بعدى“ وسمّاه اللّٰه تعالى خاتم الأنبياء فمِن أين يظهر نبـى بـعـده؟ ألا تتـفـكـرون يـا مـعشـر الـمسلمين؟ تتبعون الأوهام ظلما وزورًا وتتخذون القرآن مهجورًا وصرتم من البطّالين.

وإنَّا نؤمن بملا ئكة اللّٰه ومقاماتهم وصفوفهم ونؤمن أن نزولهم کنـزول الأنـوار لا کتـرحُّـل الإنسـان مـن الـديـار إلـى الديار لا يبرحون مقاماتهم ومع ذلک کـانوا نازلين وصاعدين. وهم جند اللّٰه وجِيرةُ السماوات وخلطاؤها لا يُـفـارقـون مـقاماتهم وإنْ منهم إلا له مقام معلوم يفعلون ما يؤمرون ولا يشغلهم شأن عن شأن ويؤدّون طاعة رب العالمين.

ولـو کـان مـدار انصرام مهماتهم تباعُدَهم من مقاماتهم لما جاز أن تُتوفَّى الأنفس فى آنٍ واحد بل وجب أن لا يموت ميّت فى المشرق فـى الآن الـذى قـدّر الـلّٰـه له قبل أن يفرغ مَلَکُ الموت مِن قبض نفس رجـلٍ فـى الـمغرب الذى هو شريک بالمائت الأوّل فى الآن المذكور وقبـل أن يـرحـل إلـى الـمشـرق وإنْ هـذا إلا کـذب مبين. إنمـا أمرهم

گرفتاری اور ہجرت ۱۹۴۷ء قادیان میں رہ گئیں، ورنہ اصل حوالہ جات نقل کئے جاتے۔ اَلْعَاقِب کے تعلق میں اسی قدر کافی ہے جو لکھا گیا ہے۔

باب ۱۷ کی دوسری روایت سے بتایا گیا ہے کہ قریش نے بغض کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام محمد ﷺ کی بجائے مذمم رکھا ہوا تھا لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس تبدیلی سے متاثر نہیں ہوئے کیونکہ نام کی تبدیلی سے حقیقت بدل نہیں سکتی۔ آپ سراپا حمد تھے۔ جس کے شواہد نہ صرف آپؐ کے مکارمِ اَخلاق سے ہویدا بلکہ آپؐ سے تعلق رکھنے والوں اور آپؐ کے فیوض سے فیض یافتہ نفوس میں بھی نمایاں تھے۔ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۚ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ (الفتح: ۳۰) ان کی شناخت ان کے چہروں پر نشانہائے سجدہ سے ہوتی تھی۔ ان کی یہ حالت تورات میں بھی بیان ہوئی ہے اور انجیل میں بھی۔ آپؐ کے ذاتی وصفاتی نام محمد یم وغیرہ سے متعلق ذکر اس سورۃ کی تفسیر میں ہوگا۔

بَاب۱۸: خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

۳۵۳۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا سَلِيْمُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَرَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَكْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَهَا وَيَتَعَجَّبُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ.

۳۵۳۴: محمد بن سنان نے ہم سے بیان کیا کہ سلیم بن حیان نے ہمیں بتایا کہ سعید بن میناء نے ہم سے بیان کیا۔ انہوں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی۔ انہوں نے کہا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری مثال اور دوسرے نبیوں کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے گھر بنایا اور اس نے اس کو مکمل کر دیا ہو اور خوب آراستہ کر دیا ہو مگر ایک اینٹ کی جگہ خالی رہ گئی ہو تو لوگ اس میں داخل ہونے لگے اور وہ تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے: کیسا اچھا گھر ہوتا اگر اس میں اینٹ کی جگہ خالی نہ ہوتی۔

۳۵۳۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ

۳۵۳۵: قتیبہ بن سعید نے ہم سے بیان کیا کہ اسماعیل بن جعفر نے ہمیں بتایا۔ انہوں نے

عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مَثَلِي وَمَثَلَ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بَيْتًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِّنْ زَاوِيَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ بِهِ وَيَعْجَبُوْنَ لَهُ وَيَقُوْلُوْنَ هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ قَالَ فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ.	عبد اللہ بن دینار سے، عبد اللہ نے ابوصالح سے، ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری مثال اور ان انبیاء کی مثال جو مجھ سے پہلے تھے ایسی ہے جیسے کسی شخص نے گھر بنایا اور اسے خوب آراستہ پیراستہ کیا ہو سوائے اس جگہ کے جہاں کونے کی ایک اینٹ رکھی جاتی ہے۔ لوگ اس گھر میں پھرنے لگے اور اس سے تعجب کرتے اور کہتے: یہ اینٹ کیوں نہیں رکھی گئی۔ آپؐ فرماتے تھے: میں وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیینؐ ہوں۔

تشریح: خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ: امام ابن حجر لکھتے ہیں أَنَّ الْمُرَادَ بِالْخَاتَمِ فِيْ أَسْمَائِهِ أَنَّهُ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَلَمَحَ بِمَا وَقَعَ فِي الْقُرْآنِ۔ (فتح الباری جزء۶ صفحہ ۶۸۳) یعنی خاتم سے مراد آپؐ کا وہ لقب ہے جو آپؐ کے ناموں میں شامل ہے اور اس سے قرآنِ مجید کی اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں یہ نام وارد ہوا ہے اور وہ یہ آیت ہے: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا۝ (الاحزاب:۴۱) یعنی محمدؐ تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور (اس سے بڑھ کر وہ) نبیوں کی مہر ہیں اور اللہ ہر شے کا خوب علم رکھتا ہے۔

قرآن مجید میں لفظ خَاتَم (تاء کی زبر سے) ہے جس کے معنی مہر کے ہیں جو دو مقصد کے لئے ہوتی ہے: (۱) تصدیق کے لئے (۲) زینت کے لئے۔ یہ لفظ تاء کی زیر سے بھی اگر ہو تو خَاتِم کے معنی بھی مہر ہی کے ہوتے ہیں۔ خَاتِم اسم فاعل ہونے کی صورت میں بمعنی مہر لگانے والے کے ہوں گے جس سے غرض تصدیق ہی ہے نہ کہ ختم کر دینا، یعنی ان معنوں میں جو اردو میں رائج ہے۔ یہ نام عربی ہے اور اس کا مفہوم وہی لیا جائے گا جو زبان عربی میں ہے۔ سوال یہ ہے کہ عنوانِ باب میں یہ نام کن معنوں میں وارد ہوا ہے۔ سو واضح ہو کہ باب کی دونوں روایتوں میں اس سوال کا جواب شافی موجود ہے۔ ان میں بالبداہت واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ آپؐ کی آمد سے پہلے نبوت کی عمارت ناتمام تھی اور آپؐ کے وجود سے وہ عمارت مکمل ہو گئی اور اپنی کمال خوبصورتی کو پہنچ گئی۔

غرض ختم نبوت سے مراد تکمیل نبوت ہے نہ سلسلہ نبوت کو بند کرنا کہ بند کرنے کا فعل قابل تعریف نہیں۔ آپؐ کے نام خاتم النبیین کا وہ مفہوم درست ہوگا جو آپؐ کے محمدؐ (سراپا حمد) نام کے عین مناسب ہو۔ وَفِي الْحَدِيثِ ضَرْبُ الْأَمْثَالِ لِلتَّقْرِيبِ لِلْأَفْهَامِ (فتح الباری جزء۶ صفحہ ۶۸۴) اور مندرجہ بالا حدیث میں مثال دی گئی ہے تا مثال و تشبیہ سے مقصود سمجھنے میں آسانی ہو۔

غرض روایات زیر باب نے خاتم النبیین کا اصل مفہوم و مقصود واضح کر دیا ہے۔ أَنَّ اللّٰهَ خَتَمَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ وَأَكْمَلَ بِهِ شَرَائِعَ الدِّيْنِ (فتح الباری جزء۶ صفحہ ۶۸۴) کہ اللہ نے آپؐ کے ذریعہ سے نبیوں کی تصدیق فرمائی اور دین کی شریعتیں مکمل کر دیں۔ اس مفہوم سے تجاوز کرنا اور یہ حاشیہ آرائی کرنا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپؐ آخری نبی ہیں اور آپؐ کی آمد سے نبیوں کی بعثت کا دروازہ بند کر دیا گیا ہے فحوائے خاتم کے منافی ہے۔ چنانچہ خود آپؐ ہی نے یہ اطلاع بھی دی ہے کہ آپؐ کے بعد فتنہ دجال کا قلع قمع کرنے اور کسر صلیب کے لئے مسیح نازل ہوگا۔ آپؐ کے اس ارشاد کی موجودگی میں ختم کا معنی بند کرنا درست نہیں۔ اس تعلق میں دیکھئے کتاب احادیث الأنبیاء باب ۴۸، ۴۹۔

امام ابن حجرؒ نے حدیث زیر باب کے تعلق میں یہ سوال بھی اُٹھایا ہے کہ کیا اس خیال سے یہ سمجھا جائے گا کہ پہلے نبی ناقص تھے۔ فرماتے ہیں: لَيْسَ كَذٰلِكَ فَإِنَّ شَرِيْعَةَ كُلِّ نَبِيٍّ بِالنِّسْبَةِ إِلَيْهِ كَامِلَةٌ۔ ایسا نہیں کیونکہ ہر نبی کی شریعت اس کی نسبت سے اور بلحاظ ضرورتِ زمانہ کامل تھی۔ فَالْمُرَادُ هُنَا النَّظْرُ إِلَى الْأَكْمَلِ بِالنِّسْبَةِ إِلَى الشَّرِيْعَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ مَعَ مَا مَضَى مِنَ الشَّرَائِعِ الْكَامِلَةِ۔ (فتح الباری جزء۶ صفحہ ۶۸۳، ۶۸۴) پس یہاں مراد شریعت محمدیہ ہے جو بہ نسبت سابقہ کامل شریعتوں کے کامل ترین شریعت ہے۔ اس تبصرہ سے ظاہر ہے کہ جب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان معنوں میں خاتم النبیین قرار پائے اور آپؐ کی شریعت اکمل شریعت ٹھہری تو اس کی اطاعت کے نتائج و ثمرات بھی طبعاً کامل ہوں گے ورنہ خالی تکمیل شریعت کا کیا فائدہ۔ اس تعلق میں دیکھئے کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ المائدۃ، باب ۲۔

بَاب ۱۹: وَفَاةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا بیان

۳۵۳۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ

۳۵۳۶: عبد اللہ بن یوسف نے ہم سے بیان کیا کہ لیث نے ہمیں بتایا۔ انہوں نے عقیل سے، عقیل نے ابن شہاب سے، ابن شہاب نے عروہ بن زبیر سے، عروہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

فأراد اللّٰـه أن يُتمّ النبأ ويُكمِل البناء باللبنة
پس خدا ارادہ کرد کہ پیشگوئی را بکمال رساند و بخشت آخری بنا را
پس خدا نے ارادہ فرمایا کہ اس پیشگوئی کو پورا کرے اور آخری اینٹ کے ساتھ

الأخيرة، فأنا تلك اللبنة أيها الناظرون. وكان
تمام کند۔ پس من ہماں خشت ہستم و چنانچہ
بنا کو کمال تک پہنچا دے۔ پس میں وہی اینٹ ہوں اور

عيسىٰ عَلَمًا لبنى إسرائيل وأنا عَلَمٌ لكم أيها
عیسیٰ نشانے برائے بنی اسرائیل بود ہمچناں من برائے شما اے تبہ کاران
جیسا کہ عیسیٰ بنی اسرائیل کے لئے نشان تھا ایسا ہی میں تمہارے لئے اے تبہ کارو

المفرطون. فسارِعوا إلى التوبة أيها الغافلون.
یک نشان ہستم پس اے غافلان بسوئے توبہ بشتابید
ایک نشان ہوں۔ پس اے غافلو! توبہ کی طرف جلدی کرو۔

وإنّى جُعِلْتُ فردًا أكمَلَ من الذين أُنعِمَ عليهم فى
و من از گروہ منعم علیہم فرد اکمل کردہ شدم
اور میں منعم علیہم گروہ میں سے فرد اکمل کیا گیا ہوں

آخر الزمان، ولا فخر ولا رياء، واللّٰهُ فعَل كيف
و ایں از فخر و ریا نیست و خدا چنانکہ
اور یہ فخر اور ریا نہیں۔ خدا نے جیسا

أراد وشاء، فهل أنتم تحاربون اللّٰه وتزاحمون.
خواست کرد پس آیا شما باخدا جنگ و پیکار مے کنید
چاہا کیا۔ پس کیا تم خدا کے ساتھ لڑتے ہو

ہلاک کر کے اسلام کو جزیرہ عرب میں قائم کر دیا اور اس نصرت الٰہی سے یہ پیشگوئی پوری ہوئی کہ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاھِدًا عَلَیْکُمْ کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا[1] اور آخری زمانہ میں یہ مشابہت ہے کہ خدا تعالیٰ نے ملتِ موسوی کے آخری زمانہ میں ایک ایسا نبی مبعوث فرمایا جو جہاد کا مخالف تھا اور دینی لڑائیوں سے اُسے کچھ سروکار نہ تھا بلکہ عفو اور درگذر اس کی تعلیم تھی۔ اور وہ ایسے وقت میں آیا تھا جبکہ بنی اسرائیل کی اخلاقی حالتیں بہت بگڑ چکی تھیں اور اُن کے چال چلن میں بہت فتور واقع ہو گیا تھا اور اُن کی سلطنت جاتی رہی تھی اور وہ رومی سلطنت کے ماتحت تھے اور وہ حضرت موسیٰؑ سے ٹھیک ٹھیک چودھویں صدی پر ظاہر ہوا تھا اور اس پر سلسلہ اسرائیلی نبوت کا ختم ہو گیا تھا اور وہ اسرائیلی نبوت کی آخری اینٹ تھی۔ ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری زمانہ میں مسیحؑ ابن مریم کے رنگ اور صفت میں اس راقم کو مبعوث فرمایا اور میرے زمانہ میں رسم جہاد کو اُٹھا دیا جیسا کہ پہلے سے خبر دی گئی تھی کہ مسیح موعود کے زمانہ میں جہاد کو موقوف کر دیا جائے گا۔ اسی طرح مجھے عفو اور درگذر کی تعلیم دی گئی اور میں ایسے وقت میں آیا جب کہ اندرونی حالت اکثر مسلمانوں کی یہودیوں کی طرح خراب ہو چکی تھی اور روحانیت گم ہو کر صرف رسوم اور رسم پرستی اُن میں باقی رہ گئی تھی اور قرآن شریف میں ان امور کی طرف پہلے سے اشارہ کیا گیا تھا۔ جیسا کہ ایک جگہ مسلمانوں کے آخری زمانہ کے لئے قرآن شریف نے وہ لفظ استعمال کیا ہے جو یہود کے لئے استعمال کیا تھا۔ یعنی فرمایا فَیَنْظُرَ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ[2] جس کے یہ معنی ہیں کہ تم کو خلافت اور سلطنت دی جائے گی مگر آخری زمانہ میں تمہاری بداعمالی کی وجہ سے وہ سلطنت تم سے چھین لی جائے گی جیسا کہ یہودیوں سے چھین لی گئی تھی اور پھر سورہ نور میں صریح اشارہ فرماتا ہے کہ ہر ایک رنگ میں جیسے بنی اسرائیل میں خلیفے گذرے ہیں وہ تمام رنگ اس اُمت کے خلیفوں میں بھی ہوں گے۔ چنانچہ اسرائیلی خلیفوں

میں سے حضرت عیسیٰؑ ایسے خلیفے تھے جنہوں نے نہ تلوار اُٹھائی اور نہ جہاد کیا۔ سو اِس امت کو بھی اسی رنگ کا **مسیح موعود** دیا گیا۔ دیکھو آیت وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِىْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ [1] اس آیت میں فقرہ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قابلِ غور ہے۔ کیونکہ اِس سے سمجھا جاتا ہے کہ محمدی خلافت کا سلسلہ موسوی خلافت کے سلسلہ سے مشابہ ہے اور چونکہ **موسوی خلافت کا انجام** ایسے نبی پر ہوا یعنی حضرت عیسیٰؑ پر جو حضرت موسیٰؑ سے چودھویں صدی کے سر پر آیا اور نیز کوئی جنگ اور جہاد نہیں کیا اس لئے ضروری تھا کہ آخری خلیفہ سلسلہ محمدی کا بھی اِسی شان کا ہو۔

اسی طرح احادیثِ صحیحہ میں بھی ذکر تھا کہ آخری زمانہ میں اکثر حصہ مسلمانوں کا یہودیوں سے مشابہت پیدا کرلے گا اور سورۃ فاتحہ میں بھی اسی کی طرف اشارہ تھا۔ کیونکہ اس میں یہ دعا سکھلائی گئی ہے کہ اے خدا ہمیں ایسے یہودی بننے سے محفوظ رکھ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت میں تھے اور اُن کے مخالف تھے جن پر خدا تعالیٰ کا غضب اِسی دنیا میں نازل ہوا تھا اور یہ عادت اللہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ کسی قوم کو کوئی حکم دیتا ہے یا ان کو کوئی دُعا سکھلاتا ہے تو اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ بعض لوگ ان میں سے اس گناہ کے مرتکب ہوں گے جس سے ان کو منع کیا گیا ہے۔ پس چونکہ آیت غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ [2] سے مراد وہ یہودی ہیں جو ملتِ **موسوی** کے آخری زمانہ میں یعنی حضرت مسیحؑ کے وقت میں بباعث نہ قبول کرنے حضرت مسیحؑ کے موردِ غضب الٰہی ہوئے تھے۔ اس لئے اس آیت میں سنت مذکورہ کے لحاظ سے یہ پیشگوئی ہے کہ امتِ محمدیہ کے آخری زمانہ میں بھی اسی اُمت میں سے **مسیح موعود** ظاہر ہوگا اور بعض مسلمان اس کی مخالفت

دوسروں کوقتل کر کے بڑا ثواب سمجھتے تھے گویا بہشت کی کنجی بے گناہ انسانوں کوقتل کرنا تھا۔ تب خدا نے حضرت موسیٰ سے چودہ سو برس بعد اپنا مسیح اُن میں بھیجا جولڑائیوں کا سخت مخالف تھا وہ درحقیقت صلح کا شہزادہ تھا اورصلح کا پیغام لایا لیکن بدقسمت یہودیوں نے اس کا قدر نہ کیا اس لئے خدا کے غضب نے عیسیٰ مسیح کو اسرائیلی نبوت کے لئے آخری اینٹ کردیا۔ اور اُس کو بے باپ پیدا کر کے سمجھا دیا کہ اب نبوت اسرائیل میں سے گئی۔ تب خداوند نے یہودیوں کو نالائق پاکر ابراہیم کے دوسرے فرزند کی طرف رخ کیا یعنی اسماعیل کی اولاد میں سے پیغمبر آخر الزمان پیدا کیا۔ یہی مثیل موسیٰ تھا جس کا نام محمدؐ ہے۔ اس نام کا ترجمہ یہ ہے کہ نہایت تعریف کیا گیا۔ خدا جانتا تھا کہ بہت سے نافہم مذمت کرنے والے پیدا ہوں گے اس لئے اس نے اس کا نام محمدؐ رکھ دیا۔ جبکہ آنحضرت شکم آمنہ عفیفہ میں تھے تب فرشتہ نے آمنہ پر ظاہر ہوکر کہا تھا کہ تیرے پیٹ میں ایک لڑکا ہے جو عظیم الشان نبی ہوگا۔ اس کا نام محمدؐ رکھنا۔

بقیہ حاشیہ: آگے یوسف کا مصنوعی طور پر خون آلودہ کرتہ ڈال دیا گیا اور پھر مدت دراز تک یعقوب کو ایک مسلسل غم میں ڈالا گیا کیا یہ نظارہ بھی کچھ کم تھا؟ اور جب یوسف کو مشکیں باندھ کر کوئیں میں پھینک دیا گیا تو کیا یہ دردناک نظارہ اس نظارہ سے کچھ کم تھا جب مسیح کو صلیب پر چڑھایا گیا؟ اور پھر کیا نبی آخر الزمان کی مصیبت کا وہ نظارہ کہ جب غار ثور کا ننگی تلواروں کے ساتھ محاصرہ کیا گیا کہ اسی غار میں وہ شخص ہے جو نبوت کا دعویٰ کرتا ہے اس کو پکڑ و اور قتل کرو تو کیا یہ نظارہ اپنی رُعب ناک کیفیت میں صلیبی نظارہ سے کچھ کم تھا؟ اور کیا ابھی اِسی زمانہ کا یہ نظارہ کہ جب ڈاکٹر مارٹن کلارک نے مثیل مسیح پر جو یہی عاجز ہے اقدام قتل کا ایک جھوٹا دعویٰ کیا۔ اور تینوں قوموں ہندوؤں اور مسلمانوں اور عیسائیوں میں سے سربرآوردہ علماء کوشش کرتے تھے کہ یہ سزا پاوے۔ تو کیا یہ نظارہ مسیح کے صلیبی نظارہ سے کچھ مشابہت

۳۔ علوم حاصل کردہ کے محفوظ رکھنے کی ایک قوت۔

۴۔ محبت الٰہی کی ایک قوت۔

۵۔ لذّت وصال الٰہی اٹھانے کی ایک قوت۔

۶۔ مکاشفات کی ایک قوت۔

۷۔ مؤثر اور متأثر ہونے کی یا یوں کہو کہ باہم عامل اور معمول ہونے کی ایک قوت۔

۸۔ تعلق اجسام قبول کرنے کی ایک قوت۔

۹۔ تخلق باخلاق اللہ کی ایک قوت۔

۱۰۔ مورد الہام الٰہی ہونے کی ایک قوت۔

۱۱۔ بسطی و قبضی حالت پیدا ہونے کی ایک قوت۔

۱۲۔ معارف غیر متناہیہ کے قبول کرنے کی ایک قوت۔

۱۳۔ رنگین برنگ تجلّی الوہیت ہونے کی ایک قوت۔

۱۴۔ عقلی قوت جس سے امتیاز حسن و قبح ان پر ظاہر ہوتا ہے۔

۱۵۔ القائے اثر و قبول اثر کی ایک قوت بمقابلہ اپنے اجسام متعلقہ کے۔

بقیہ حاشیہ

خدائے تعالیٰ نے پیش از ظہور بلکہ ہزارہا برس پہلے اس انسان کامل کا پتہ و نشان بیان کر دیا ہے پس جس شخص کے دل کو خدائے تعالیٰ اپنی توفیق خاص سے اس طرف ہدایت دے گا کہ وہ الہام اور وحی پر ایمان لاوے اور ان پیش گوئیوں پر غور کرے کہ بائبل میں درج ہیں تو اسے ضرور ماننا پڑے گا کہ وہ انسان کامل جو آفتاب روحانی ہے جس سے نقطہ ارتفاع کا پورا ہوا ہے اور جو دیوار نبوت کی آخری اینٹ ہے وہ حضرت **محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم** ہیں۔

جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اب بھی مکرر ظاہر کرتے ہیں کہ انسان کامل

قَالَ فَذَلِكُمْ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ أَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ فَتَغْلِبُونِي تَقَحَّمُونَ فِيهَا[5957]

اس پر غالب آنے لگے اور وہ اس میں داخل ہونے لگے: حضورؐ نے فرمایا یہ میری اور تمہاری مثال ہے میں تمہیں آگ سے بچانے کے لئے تمہاری کمروں سے پکڑتا ہوں کہ آگ سے پرے ہٹ جاؤ آگ سے پرے ہٹ جاؤ لیکن تم مجھ پر غالب آتے ہو اور اس (آگ) میں پڑ جاتے ہو۔

4222{19}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سَلِيمٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَوْقَدَ نَارًا فَجَعَلَ الْجَنَادِبُ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيهَا وَهُوَ يَذُبُّهُنَّ عَنْهَا وَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَأَنْتُمْ تَفَلَّتُونَ مِنْ يَدِي[5958]

4222:حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری مثال اور تمہاری مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے آگ جلائی اور ٹڈیاں اور پروانے اس میں گرنے لگے اور وہ انہیں اس سے ہٹاتا ہے اور میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑ کر آگ سے بچاتا ہوں اور تم میرے ہاتھ سے نکل نکل جاتے ہو۔

[7]7:بَاب: ذِكْرُ كَوْنِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمَ النَّبِيِّينَ

باب:حضور ﷺ کے خَاتَمَ النَّبِيِّينَ ہونے کا ذکر

4223{20}حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ

4223:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے ایک عمارت بنائی اور اسے بہت اچھا اور خوبصورت بنایا اور لوگ اس کا یہ

4222:**اطراف**: **مسلم** کتاب الفضائل باب شفقته علی امته ومبالغته فی تحذیرهم مما یضرهم 4220 ،4221

تخریج:**بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ ووهبنا لداود سلیمان 3426 کتاب الرقاق باب الانتهاء عن المعاصی 6483 **ترمذی** کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل ابن آدم 2874

4223 : **اطراف**:**مسلم** کتاب الفضائل باب ذکر کونه خاتم النبیین ﷺ 4224 ، 4225 ،4226

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب خاتم النبیین ﷺ 3535

رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ فَجَعَلَ النَّاسُ يُطِيفُونَ بِهِ يَقُولُونَ مَا رَأَيْنَا بُنْيَانًا أَحْسَنَ مِنْ هَذَا إِلَّا هَذِهِ اللَّبِنَةَ فَكُنْتُ أَنَا تِلْكَ اللَّبِنَةَ [5959]	کہتے ہوئے طواف کرنے لگے کہ ہم نے اس سے اچھی عمارت نہیں دیکھی سوائے اس اینٹ (کی کمی) کے۔پس میں وہ اینٹ ہوں۔
4224{21} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ ابْتَنَى بُيُوتًا فَأَحْسَنَهَا وَأَجْمَلَهَا وَأَكْمَلَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ وَيُعْجِبُهُمُ الْبُنْيَانُ فَيَقُولُونَ أَلَّا وَضَعْتَ هَاهُنَا لَبِنَةً فَيَتِمَّ بُنْيَانُكَ فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَنَا اللَّبِنَةَ[5960]	4224:ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔جن میں سے ایک یہ ہے کہ ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے کمرے بنائے۔پھر انہیں اچھا بنایا، انہیں خوبصورت بنایا اور انہیں مکمل کیا،سوائے ان کے کونوں میں سے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ کے۔لوگ طواف کرنے لگے اور وہ عمارت انہیں پسند آئی تو وہ کہنے لگے تو نے یہاں اینٹ کیوں نہیں رکھی کہ تیری عمارت مکمل ہو جاتی۔محمد ﷺ نے فرمایا: پس وہ اینٹ میں ہوں۔
4225{22} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ	4225: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور مجھ سے قبل انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس

4224:اطراف:مسلم كتاب الفضائل باب ذكر كونه خاتم النبيين ﷺ 4223 ، 4225 ، 4226

تخريج : بخاری كتاب المناقب باب خاتم النبيين ﷺ 3535

4225:اطراف:مسلم كتاب الفضائل باب ذكر كونه خاتم النبيين ﷺ 4223 ، 4224 ، 4226

تخريج:بخاری كتاب المناقب باب خاتم النبيين ﷺ 3535

أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهُ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ بِهِ وَيَعْجَبُونَ لَهُ وَيَقُولُونَ هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ قَالَ فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُ النَّبِيِّينَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ[5961,5962]

نے ایک عمارت بنائی اور اسے عمدہ بنایا اور خوبصورت بنایا سوائے اس کے کونوں میں سے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ کے۔ لوگ اس کا طواف کرنے لگے اور اسے پسند کرنے لگے اور کہنے لگے کہ یہ اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ آپؐ نے فرمایا: وہ اینٹ میں ہوں اور میں خاتم النبیین ؐ ہوں۔

ایک اور روایت میں (مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ کی بجائے) مَثَلِي وَمَثَلُ النَّبِيِّينَ کے الفاظ ہیں۔

4226{23}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَتَمَّهَا وَأَكْمَلَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُونَهَا وَيَتَعَجَّبُونَ مِنْهَا وَيَقُولُونَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ جِئْتُ فَخَتَمْتُ الْأَنْبِيَاءَ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا

4226: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا میری مثال اور انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے ایک گھر بنایا اسے ہر طرح سے مکمل کیا سوائے ایک اینٹ کی جگہ کے۔ پھر لوگ اس میں داخل ہونے لگے اور اس سے تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے کہ اس اینٹ کی جگہ کیوں پُر نہیں کی گئی؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اس اینٹ کی جگہ ہوں اور میں آیا اور میں نے نبیوں کو ختم کر دیا۔

ایک اور روایت میں (أَتَمَّهَا کی بجائے) أَحْسَنَهَا کے الفاظ ہیں۔

4226 : اطراف: مسلم كتاب الفضائل باب ذكر كونه خاتم النبيين ﷺ 4223 ، 4224 ، 4225

تخریج: بخاری كتاب المناقب باب خاتم النبيين ﷺ 3535

ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سَلِيمٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ بَدَلَ أَتَمَّهَا أَحْسَنَهَا[5961,5962]

[8]8:بَاب: إِذَا أَرَادَ اللَّهُ تَعَالَى رَحْمَةَ أُمَّةٍ قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا

اللہ جب کسی امت پر رحمت کا اِرادہ فرماتا ہے تو اس سے قبل اس کے نبی (کی روح) کو قبض کر لیتا ہے

4227{24}قَالَ مُسْلِم وَحُدِّثْتُ عَنْ أَبِي أُسَامَةَ وَمِمَّنْ رَوَى ذَلِكَ عَنْهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا أَرَادَ رَحْمَةَ أُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهِ قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا فَجَعَلَهُ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا بَيْنَ يَدَيْهَا وَإِذَا أَرَادَ هَلَكَةَ أُمَّةٍ عَذَّبَهَا وَنَبِيُّهَا حَيٌّ فَأَهْلَكَهَا وَهُوَ يَنْظُرُ فَأَقَرَّ عَيْنَهُ بِهَلَكَتِهَا حِينَ كَذَّبُوهُ وَعَصَوْا أَمْرَهُ[5965]

4227: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جب اپنے بندوں میں سے کسی جماعت پر رحمت کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے قبل اس کے نبی (کی رُوح) کو قبض کر لیتا ہے اور اسے اس امت کے لئے آگے جانے والا اور پیش رو بنا دیتا ہے اور جب کسی امت کی ہلاکت کا ارادہ فرماتا ہے تو وہ اسے عذاب دیتا ہے جبکہ اس کا نبی زندہ ہوتا ہے اور اسے اس طرح ہلاک کرتا ہے کہ وہ (نبی) دیکھ رہا ہوتا ہے اور ان کی ہلاکت سے اس کی آنکھ ٹھنڈی کرتا ہے کیونکہ انہوں نے اس کی تکذیب کی ہوتی ہے اور اس کے حکم کی نافرمانی کی ہوتی ہے۔

[9]9:بَاب إِثْبَاتِ حَوْضِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِفَاتِهِ

ہمارے نبی ﷺ کا حوض اور اس کی صفات کا بیان

4228{25}حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ

4228: حضرت جندبؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں حوض پر

4228 : اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبینا ﷺ وصفاتہ 4229 ،4230 ،4231 ،4232 ،4233 ،4234 ،4235 ،4236 ،4237 ،4238 ،4239 ،4240 ،4241 ،4242 ،4243 ،4244 ،4245 ،4246 ،4247 ،4248 ،4249 =

میرے مخالف حضرت عیسیٰ ابن مریم کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دوبارہ دنیا میں آئیں گے۔ اور چونکہ وہ نبی ہیں اس لئے ان کے آنے پر بھی وہی اعتراض ہوگا جو مجھ پر کیا جاتا ہے یعنی یہ کہ خاتم النبیّین کی مہر ختمیت ٹوٹ جائے گی۔ مگر میں کہتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جو درحقیقت خاتم النبیّین تھے مجھے رسول اور نبی کے لفظ سے پکارے جانا کوئی اعتراض کی بات نہیں۔ اور نہ اس سے مہر ختمیت ٹوٹتی ہے کیونکہ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وجود قرار دیا ہے پس اس طور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے میں میری نبوت سے کوئی تزلزل نہیں آیا کیونکہ ظل اپنے اصل سے علیحدہ نہیں ہوتا اور چونکہ میں ظلی طور پر محمد ہوں صلی اللہ علیہ وسلم پس اس طور سے خاتم النبیّین کی مُہر نہیں ٹوٹی کیونکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت محمد تک ہی محدود رہی یعنی بہرحال محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی نبی رہا نہ اور کوئی یعنی جبکہ میں بروزی طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوں اور بروزی رنگ میں تمام کمالات محمدی مع نبوت محمدیہ کے میرے آئینہ ظلیت میں منعکس ہیں تو پھر کونسا الگ انسان ہوا جس نے علیحدہ طور پر نبوت کا دعویٰ کیا۔ بھلا اگر مجھے قبول نہیں کرتے تو یوں سمجھ لو کہ تمہاری حدیثوں میں لکھا ہے کہ مہدی موعود خَلق اور خُلق میں ہمرنگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا اور اس کا اسم آنجناب کے اسم سے مطابق ہوگا یعنی اس کا نام بھی محمد اور احمد ہوگا اور اس کے اہل بیت میں سے ہوگا ☆ اور بعض حدیثوں میں ہے کہ مجھ میں سے ہوگا۔ یہ عمیق اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ وہ روحانیت کے رو سے اسی نبی میں سے نکلا ہوا ہوگا اور اسی کی روح کا روپ ہوگا اس پر نہایت قوی قرینہ یہ ہے کہ جن الفاظ کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلق بیان کیا یہاں تک کہ دونوں کے نام ایک کر دیئے ان الفاظ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس موعود کو اپنا بروز بیان فرمانا چاہتے ہیں جیسا کہ حضرت موسیٰ کا یشوعا بروز تھا اور بروز

☆ حاشیہ: یہ بات میرے اجداد کی تاریخ سے ثابت ہے کہ ایک دادی ہماری شریف خاندان سادات سے اور بنی فاطمہ میں سے تھی اس کی تصدیق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی کی اور خواب میں مجھے فرمایا کہ سلمان منا اهل البیت علٰی مشرب الحسن۔ میرا نام سلمان رکھا یعنی دو سِلم۔ اور سِلم عربی میں صلح کو کہتے ہیں یعنی مقدر ہے کہ دو صلح میرے ہاتھ پر ہوں گی۔ ایک اندرونی کہ جو اندرونی بغض اور شحنا کو دور کرے گی دوسری بیرونی کہ جو بیرونی عداوت کے وجوہ کو پامال کر کے اور اسلام کی عظمت

803 {4} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُضِّلْنَا عَلَى النَّاسِ بِثَلَاثٍ جُعِلَتْ صُفُوفُنَا كَصُفُوفِ الْمَلَائِكَةِ وَجُعِلَتْ لَنَا الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدًا وَجُعِلَتْ تُرْبَتُهَا لَنَا طَهُورًا إِذَا لَمْ نَجِدِ الْمَاءَ وَذَكَرَ خَصْلَةً أُخْرَى حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ حَدَّثَنِي رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [1166,1165]

803: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہمیں لوگوں پر تین باتوں میں فضیلت دی گئی ہے ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں جیسی بنائی گئی ہیں۔ ہمارے لئے تمام زمین مسجد بنائی گئی ہے اور جب ہمیں پانی نہ ملے تو اس کی مٹی ہمارے لئے پاک کرنے کا ذریعہ بنائی گئی ہے اور ایک اور خصوصیت کا ذکر کیا۔

804 {5} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ [1167]

804: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے انبیاء پر چھ باتوں میں فضیلت دی گئی ہے مجھے جوامع الکلم ☆ دیئے گئے ہیں اور رعب سے مجھے مدد دی گئی ہے اور غنیمتیں میرے لئے جائز کی گئی ہیں اور زمین میرے لئے پاکیزگی کا ذریعہ اور مسجد بنائی گئی ہے اور مجھے سب مخلوق کی طرف بھیجا گیا ہے اور میرے ذریعہ نبیوں پر مہر لگائی گئی ہے۔

☆: جوامع الکلم سے مراد حضور ﷺ کی زبانِ مبارک سے نکلے ہوئے مختصر الفاظ ہیں جن میں کثیر معانی ہوتے ہیں۔

أَدْلَعَ لِسَانَهُ فَجَعَلَ يُحَرِّكُهُ فَقَالَ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَفْرِيَنَّهُمْ بِلِسَانِيْ فَرْيَ الْأَدِيْمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَعْجَلْ۔[1] حضرت حسانؓ نے کہا کہ اب مجھ شیر کو کہلا بھیجا ہے جو اپنی دم ہلاتا اور زمین پر پر اسے پٹختا ہے۔ یہ کہہ کر اپنی زبان نکالی اور ہلائی اور پھر کہا: اسی ذات کی قسم ہے جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ میں اپنی اس زبان کے ساتھ انہیں ایسا کاٹوں گا جیسے دھوڑی کاٹی جاتی ہے۔ فرمایا: جلدی نہ کر۔ اسی مفہوم کی روایتیں امام احمد بن حنبلؒ اور بزارؒ نے حضرت عمار بن یاسرؓ سے نقل کی ہیں۔ جن میں مذکور ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قُوْلُوْا لَهُمْ كَمَا يَقُوْلُوْنَ لَكُمْ[2] ان سے ویسا ہی کہو جیسا وہ تمہیں کہتے ہیں۔ ان روایات کی سند امام بخاریؒ کے معیار صحت کی نہیں۔ (فتح الباری جزء۶ صفحہ۶۷۷) یہ امر روایت کے اسلوب بیان سے بھی ظاہر ہے۔ عنوانِ باب اور اس کی روایت سے پایا جاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی خاندان یا قوم کی ہجو پسند نہیں کی۔ دوسرے کو خاندان کا طعنہ دینا گویا اپنی ہجو کے لئے دعوت دینا ہے جس سے آپؐ نے منع فرمایا ہے۔ امام مسلمؒ کی روایت کے آخری فقرہ سے بھی اسی ممانعت کی تائید ہوتی ہے۔

بَاب۱۷: مَا جَاءَ فِي أَسْمَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں سے متعلق جو روایتیں منقول ہیں

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ (الفتح: ۳۰) وَقَوْلُهُ: مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ (الصف: ۷).

اور اللہ عزوجل کا یہ فرمانا: محمد اللہ کا رسول ہے اور جو لوگ اس کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں نہایت مضبوط ہیں۔ نیز اللہ تعالیٰ کا فرمانا: (حضرت عیسیٰؑ کا قول) ...... میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہوگا۔

۳۵۳۲: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنِي مَعْنٌ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۳۵۳۲: ابراہیم بن منذر نے ہم سے بیان کیا، کہا: معن نے مجھے بتایا۔ انہوں نے مالک سے، مالک نے ابن شہاب سے، ابن شہاب نے محمد بن جبیر بن مطعم سے، انہوں نے اپنے باپ (حضرت جبیر) رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔ انہوں نے کہا:

---

۱ (صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابۃ، باب فضائل حسان بن ثابت)

۲ (مسند احمد بن حنبل، مسند الکوفیین، حدیث عمار بن یاسر، جزء۴ صفحہ ۲۶۳)

وَسَلَّمَ لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَنَا أَحْمَدُ وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللهُ بِي الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي وَأَنَا الْعَاقِبُ.

طرفہ: ۴۸۹۶۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پانچ نام ہیں: میں محمد ہوں اور احمد ہوں، میں ماحی یعنی مٹانے والا ہوں جس کے ذریعہ سے اللہ کفر کو مٹائے گا، میں حاشر ہوں یعنی اکٹھا کرنے والا، جس کے قدموں پر لوگ اکٹھے کئے جائیں گے اور میں عاقب ہوں یعنی سب سے پیچھے آنے والا۔

۳۵۳۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا تَعْجَبُوْنَ كَيْفَ يَصْرِفُ اللهُ عَنِّي شَتْمَ قُرَيْشٍ وَلَعْنَهُمْ يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا وَأَنَا مُحَمَّدٌ.

۳۵۳۳: علی بن عبد اللہ نے ہم سے بیان کیا کہ سفیان (بن عیینہ) نے ہمیں بتایا۔ انہوں نے ابوزناد سے، ابوزناد نے اعرج سے، اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں تعجب نہیں کہ اللہ قریش کی گالیوں اور ان کی لعنتوں کو مجھ سے کیونکر دور کرتا ہے۔ وہ مذمم (مذمت کیا ہوا) کو گالیاں دیتے ہیں اور مذمم پر لعنت کرتے ہیں حالانکہ میں تو محمد ہوں۔

تشریح: مَا جَآءَ فِيْ أَسْمَآءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: عنوانِ باب سے ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں کی نسبت جہاں تک روایات کا تعلق ہے، وہ نام روایت نمبر ۳۵۳۲ میں مذکور ہیں جو صفاتی نام ہیں۔ محمد کے معنی ہیں غایت درجہ سراہا گیا اور احمد کے معنی ہیں غایت درجہ حمد کرنے والا۔ اسی طرح ماحی، حاشر اور عاقب بھی جو اسم فاعل ہیں اور وصف پر دلالت کرتے ہیں۔ غرض یہ پانچوں نام اسماءِ وصفیہ ہیں۔ ان میں سے محمد نام وہ ہے جو بوقت پیدائش آپؐ کے دادا وغیرہ کی طرف سے رکھا گیا تھا اور توریت و انجیل کی پیشگوئی میں آپؐ کا جو نام بتایا گیا ہے اس میں بھی حمد کا مفہوم پایا جاتا ہے۔

محمد اور احمد دو نام اسماء متقابلہ میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی غایت درجہ حمد کرنے کی وجہ سے آپؐ احمد کہلائے جو صیغہ افعل التفضیل ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس غایت درجہ حمد کرنے کی وجہ سے آپؐ کا نام محمدؐ یعنی سراپا ستائش

سبق نمبر 4

بزرگانِ دین اور عقیدہ ختم نبوت

شیخ ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ ختم نبوت

قادیانیوں کی کتاب قندیل صداقت میں شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب فتوحات مکیہ سے ایک اقتباس پیش کر کے یہ فریب دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ ختم نبوت کے قائل نہیں تھے بلکہ اجرائے نبوت کے قائل تھے یعنی شیخ کے نزدیک نبوت جاری ہے۔آیئے پہلے قادیانیوں کی کتاب قندیل صداقت کی عبارت کو دیکھیں اور بعد میں ہم شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے عقیدہ ختم نبوت کو وضاحت سے پیش کریں گے۔

فأن النبوة التي انقطعت بوجود رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هي نبوة التشريع لا مقامها فلا شرع يكون ناسخالشرعه صلى الله عليه وسلم ولا يزيد فى حكم شرعا آخر وهذا معنى قوله صلى الله عليه وسلم ان الرسالة والنبوة قد انقطعت فلار سول بعدى ولا نبي أى لا نبي بعدى يكون على شرع مخالف شرعي بل اذا كان يكون تحت حكم شريعتي

(الفتوحات المکیہ ،جلد 2،صفحہ 3)

حضرت امام محی الدین ابن عربی فرماتے ہیں :۔وہ نبوت جو رسول

کریم ﷺ کے آنے سے منقطع ہوگئی ہے۔ وہ صرف تشریعی نبوت ہے نہ کہ مقام نبوت پس اب کوئی شرع نہ ہوگی جو آنحضرت ﷺ کی شرع کی ناسخ ہو اور نہ آپ کی شرع میں کوئی نیا حکم بڑھانے والی شرع ہوگی اور یہی معنے رسول کریم ﷺ کے اس قول کے ہیں کہ نبوت اور رسالت منقطع ہوگئی ہے۔ پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا نہ نبی۔ یعنی مراد آنحضرت ﷺ کے اس قول سے یہ ہے کہ اب کوئی ایسا نبی نہیں ہوگا جو میری شریعت کے مخالف شریعت پر ہو بلکہ جب کبھی کوئی نبی ہوگا تو وہ میری شریعت کے حکم کے ماتحت ہوگا۔

(قندیل صداقت صفحہ 202) سکین صفحہ 160

یہاں قادیانی کا دجل ملاحظہ فرمائیں کہ شیخ ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی بات کر رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے کہ جب آپ علیہ السلام آسمان سے نزول کریں گے تو شریعت محمدیہ ﷺ کی اتباع فرمائیں گے کسی نئی شریعت کو فروغ نہیں دیں گے، اسی ضمن میں شیخ نے یہ تحریر لکھی اور قادیانی مربی نے درمیان سے ایک اقتباس لے کر عبارت کا نقشہ ہی بیگاڑ دیا اور لوگوں کو یہ فریب دینے کی کوشش کی کہ شیخ اجرائے نبوت کے قائل تھے۔ پھر شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب فصوص الحکم کے ایک اقتباس کو لکھا ہے کہ:

وأما نبوة التشريع والرسالة فمنقطعه . وفي محمد صلى الله عليه وسلم قد انقطعت فلا نبي بعده : يعني مشرعاً أو مشرعاً له ، ولا رسول وهو المشرع . أن الله لطيف بعباده ، فأبقى لهم النبوة

العامة التي لا تشريع فيها

(فصوص الحکم،صفحہ 134،135)

حضرت امام محی الدین ابن عربی فرماتے ہیں ۔کہ جو نبوت اور رسالت شریعت والی ہوتی ہے ۔پس وہ تو آنحضرت ﷺ پر ختم ہوگئی ہے پس آپ کے بعد شریعت والا نبی کوئی نہیں آسکتا۔۔۔ہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر مہربانی کر کے ان میں عام نبوت جس میں شریعت نہ ہو باقی رہنے دی ہے۔

(قندیل صداقت صفحہ 212) سکین صفحہ 161

نبوت عامہ کونسی ہے جس کو اللہ نے بعد از حضور خاتم النبیین ﷺ باقی رکھا اس کی مفصل تشریح شیخ کی اپنے عبارات میں موجود ہے جو کہ آئندہ صفحات میں آپ پڑھ لیں گے سر دست اتنا سمجھ لیں کہ شیخ کے نزدیک غیب پر مطلع ہونا نبوت ہے اور یہ غیب پر اطلاع پانا جانوروں میں بھی ہوتا ہے اور عام لوگوں میں بھی جیسے ہم لوگ کہتے ہیں کہ" میرے دل میں یہ بات آئی تھی کہ یہ کام ایسے ہوگا" ۔مزید تفصیلات آگے آرہی ہیں۔

پھر آگے فتوحات مکیہ کی یہ عبارت لکھی ہے

ومعلوم أن : آل إبراهيم ، ، من النبيين والرسل : (هم) الذين كانوا بعده : مثل إسحق ، ويعقوب ، ويوسف ، ومن انتسل منهم من الأنبياء والرسل ، بالشرائع الظاهرة ، الدالة على أن لهم النبوة عند الله . أراد رسول الله صلى الله عليه وسلم ! أن يُلْحِقَ آله : العلماء والصالحون منهم

، بمرتبة النبوة عند الله ، وإن فقال : لم يُشرعوا . ولكن أبقى لهم من شرعه ضربا من التشريع قُولُوا : اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ ، أي صَلِّ عليه من حيث مالَهُ : آل : (كما صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إبراهيم أى من حيث إنك أعطيت آل إبراهيم النبوة، تشريفا لإبراهيم . فظهرت نبوتهم بالتشريع ، وَقَدْ قَضَيْتَ أن لا شرع بعدى ، فصل على وعلى ، الى : بأن تجعل لهم مرتبة النبوة عندك ، وإن لم يُشرعوا . فكان من كمال رسول الله صلى الله عليه وسلم ! أن الحق(الله) و آله ، بالأنبياء فى المرتبة ، وزاد على إبراهيم بأن شرعه لا ينسخ .وبعض شرع إبراهيم ومن بعده ، نسخت الشرائع ، بعضها بعضا .

(فتوحات مکیہ،السفر الثامن،باب فی اسرار الصلوۃ،صفحہ 177،178)

حضرت محی الدین ابن عربی فرماتے ہیں :۔ اور یہ معلوم ہے کہ آل ابراہیم نبیوں رسولوں میں سے ہے ۔ اور وہ وہ لوگ ہیں جو آپ کے بعد ہوئے جیسے اسحاق ،یعقوب ، یوسف اور جو ان کی نسل سے انبیاء اور رسول ظاہری شریعت کے ساتھ تھے ۔ جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اللہ کے نزدیک ان کو نبوت حاصل تھی ۔ آنحضرت ﷺ نے ارادہ

کیا کہ اپنی امت کو جو اس کی آل ہیں یعنی ان میں سے علماء اور صالحین کو اللہ کے نزدیک نبوت کے مرتبہ سے ملادے اگر چہ وہ شریعت والے نہیں ہوں گے۔لیکن ان کے لئے اپنی شرع سے شریعت کی ایک قسم رکھ دی۔سو فرمایا! اللھم صلی علی محمد و علی ال محمد یعنی آپ پر اور آپ کی آل پر رحمتیں نازل فرما۔ کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم یعنی جس طرح تو نے ابراہیم کی آل کو نبوت عطا فرمائی ہے ابراہیم کو سر بلندی عطا فرمائی ہے۔۔۔ چنانچہ ان میں نبوت شریعت کے ساتھ ظاہر ہوئی۔اور تو نے فیصلہ کر دیا ہے کہ میرے بعد کوئی شریعت نہیں ہو گی۔پس مجھ پر اور میری آل پر رحمتیں نازل فرما۔یعنی ان کو اپنے پاس سے نبوت کا مرتبہ عطا فرما۔اگر چہ وہ شریعت نہیں لائیں گے۔ آنحضرت ﷺ کی فضیلت یہ ہے کہ اللہ نے آپ کی آل کو مرتبہ میں انبیاء کے ساتھ ملا دیا۔اور ابراہیم پر آپ کو یہ امتیاز بخشا کہ آپ کی شریعت منسوخ نہیں ہوگی۔

(قندیل صداقت صفحہ 235،234)

سکین 162 صفحہ 163

ایک عام سا قاری بھی شیخ کی اس عبارت کا مفہوم با آسانی سمجھ سکتا ہے کہ شیخ کے نزدیک کونسی نبوت جاری ہے شیخ جس قسم کی نبوت کا اجراء مان رہے ہیں یہ تو تمام صحابہ، اہل بیت اطہار، اولیاء اللہ، علماء، فقہاء، عام مسلمانوں کے اندر جاری ہے۔

اولیاء کی نبوت بمعنیٰ معارف جاری

" فما بقی للاولیاء الیوم بعد ارتفاع النبوۃ

الاالتعریف وانسدت ابواب الاوامر الالهیة والنواهی ، فمن ادعاها بعد محمد فهو مدع شریعة أوحی بها الیه سواء وافق بها شرعنا او خالف"

پس نبوت ختم ہو جانے کے بعد اولیاء کے لئے صرف معارف باقی رہ گئے ہیں اور اللہ کے اوامر ونواہی کے دروازے بند ہو چکے پس اگر کوئی محمد ﷺ کے بعد یہ دعویٰ کرے کہ (اللہ نے اسے کوئی حکم دیا ہے یا کسی بات سے منع کیا ہے) تو وہ مدعی شریعت ہی ہے خواہ اس کی وحی شریعت محمدیہ کے موافق ہو یا خلاف ہو (وہ مدعی شریعت ضرور ہے)۔

سکین صفحہ 164 (الفتوحات المکیة، جلد 3 صفحہ 39 طبع دار الکتب العربیة الکبریٰ مصر)

نبی عیسیٰ علیہ السلام نے ابھی نازل ہونا ہے

"واعلم أن لنا من الله الالهام لا الوحی فان سبیل الوحي قد انقطع بموت رسول الله صلى الله علیه وسلم وقد کان الوحي قبله ولم یجيء خبر الهي أن بعده وحیاً کما قال ولقد أوحي الیک والی الذین من قبلک ولم یذکر وحیاً بعده وان لم یلزم ہذا وقد جاء الخبر النبوی الصادق فی عیسیٰ علیه السلام وقد کان ممن أوحي الیه قبل رسول الله صلى الله علیه وسلم لا یؤمّنا الّا مِنّا

أی بسنتنا فله الکشف اذا نزل والالهام کما لهذه الامة"

جان لو کہ ہمارے لئے (یعنی اس امت کے لئے) اللہ تعالی کی طرف سے صرف الہام ہے وحی نہیں۔ وحی کا سلسلہ آنحضرت ﷺ کی وفات پر ختم ہو چکا ہے۔ آپ سے پہلے بے شک یہ وحی کا سلسلہ موجود تھا۔ اور ہمارے پاس کوئی ایسی خبر الٰہی نہیں پہنچی کہ آنحضرت ﷺ کے بعد بھی کوئی وحی ہے جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے: اور وحی کی گئی تیری طرف اور تجھ سے پہلوں کی طرف۔ [الزمر:65]، اللہ تعالی نے آنحضرت ﷺ کے بعد کسی وحی کا ذکر نہیں فرمایا۔ ہاں آنحضرت ﷺ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں سچی خبر پہنچی ہے، اور آپ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی طرف آنحضرت ﷺ سے پہلے وحی کی گئی تھی۔ آپ جب اس امت کی قیادت کریں گے تو ہماری شریعت کے مطابق عمل کریں گے۔ آپ جب نازل ہوں گے تو آپ کے لئے مرتبۂ کشف بھی ہوگا اور الہام بھی جیسا کہ یہ مقام (اولیاء) امت کے لئے ہے۔

(الفتوحات المکیۃ، جلد 3 صفحہ 238 طبع دار الکتب العربیۃ الکبری، مصر) سکین صفحہ 165

نیک خواب نبوت کے اجزاء میں سے ہے

"فاخبر رسول الله ﷺ ان الرؤيا جزء من اجزاء النبوة فقد بقي للناس من النبوة ہذا وغيره ومع ہذا لا يُطلق اسم النبوة ولا النبي الا

على المشرع خاصة فحجر ہذا الاسم لخصوص وصف معين فى النبوة وماحجر النبوة التى ليس فيها ہذا الوصف الخاص وان كان حجر الاسم"

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اچھا خواب نبوت کے اجزاء میں سے ایک جزو ہے۔ پس نبوت میں سے لوگوں کے لئے یہ رؤیا وغیرہ باقی رہ گیا ہے مگر اس کے باوجود نبوت اور نبی کا نام صرف اس پر بولا جاتا ہے جو صاحب دین وشریعت ہو۔ ایک خاص وصف معین کی بناء پر اس نام (نبی) کی بندش کر دی گئی ہے۔

(الفتوحات المکیۃ، جلد 2 صفحہ 276 طبع دار الکتب العربیۃ الکبری، مصر) سکین صفحہ 166

ہر قسم کی نبوت کا دروازہ بند ہے

" ولهذا قال ﷺ ان الرسالة والنبوةقد انقطعت وما انقطعت الا من وجه خاص انقطع منها مسمى النبى والرسول ولذلک قال فلا رسول بعدى ولا نبى ثم ابقى منها المبشرات وابقى حكم المجتهدين وازال عنهم الاسم "

آپ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک رسالت ونبوت ختم ہو چکی، یہ ختم ہونا ایک خاص وجہ سے ہے، اب نبی اور رسول کا نام ختم ہو چکا ہے (یعنی اب کسی کو نبی یا رسول نہیں کہا جا سکتا) اسی لئے آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد اب نہ کوئی رسول ہے اور نہ کوئی نبی، پھر آپ ﷺ نے مبشرات کو باقی رکھا اور مجتہدین کے حکم کو باقی رکھا لیکن ان سے (نبی

اور رسول) کا نام دور کر دیا۔

(الفتوحات المکیۃ، جلد 2 صفحہ 252 طبع دار الکتب العربیۃ الکبری، مصر)

سکین صفحہ 167

نبوت کا دروازہ بند اور ولایت کا دروازہ کھلا ہے

" كان شيخنا ابو العباس بن العريف الصنهاجي يقول فى دعاء ه الهم انک سددتً باب النبوة والرسالة دوننا ولم تسد باب الولاية الّٰهم مهما عينتَ اعلى رتبة فى الولاية لأعلى ولى عندک فاجعلنى ذلک الولى فهذا من المحققين الذين طلبوا ما يمكن أن يكون حقاً لهم وان كانت النبوة والرسالة مما يستحقه الانسان عقلاً لكون ذاته قابلة لها لكن لما علم ان الله قد سدد بابها شرعاً وسد باب الشرائع لم يسئلها وسأل ما يستحقه فان الله ما حجر الولاية علينا "

ہمارے شیخ ابو العباس بن عریف صنہاجی یوں دعاء فرمایا کرتے تھے: اے اللہ تو نے نبوت و رسالت کا دروازہ تو بند فرما دیا ہے لیکن ولایت کا دروازہ بند نہیں فرمایا۔ اے اللہ تو نے اپنے جس ولی کا جو سب سے اونچا مرتبہ اپنے ہاں مقرر کر رکھا ہے مجھے وہ ولی بنا دے۔ (آگے شیخ ابن عربی فرماتے ہیں) انہوں نے وہی مانگا جو ان کا حق تھا۔ اگر چہ نبوت و رسالت بھی ایسی چیز ہے کہ عقلاً انسان اس کا مستحق ہے لیکن انہیں علم تھا کہ اللہ نے شرعاً نبوت کا دروازہ بند کر دیا ہے اور

شرائع کا دروازہ بھی اس لئے آپ نے نبوت نہیں مانگی بلکہ وہی مانگا جو آپ کا حق تھا۔ اللہ نے ولایت ہم پر بند نہیں کی (جبکہ نبوت بند کردی ہے۔ ناقل)۔

(الفتوحات المکیۃ، جلد 2 صفحہ 97 طبع دارالکتب العربیۃ الکبری، مصر) سکین صفحہ 168

وحی کا دروازہ بند ہو چکا ہے

" وانما انقطع الوحی الخاص بالرسول والنبی من نزول الملک علی اذنه وقلبه وتحجیر اسم النبی والرسول "

جو وحی نبی اور رسول کے ساتھ خاص تھی کہ فرشتہ ان کے کان یا دل پر (وحی لے کر) نازل ہوتا تھا وہ وحی بند ہو چکی، اور اب کسی کو نبی یا رسول کا نام دینا ممنوع ہوگیا۔

(الفتوحات المکیۃ، جلد 2 صفحہ 253 طبع دارالکتب العربیۃ الکبری، مصر) سکین صفحہ 169

حضور ﷺ آخری نبی ہیں

شیخ ابن عربی اپنی دوسری کتاب فصوص الحکم میں اپنا عقیدہ یوں بیان فرماتے ہیں:

" لأنه اکمل موجود فی ہذا النوع الانساني ولهذا بُدیء به الامر وخُتم ، فکان نبیاً وآدم بین الماء والطین ثم کان بنشئته خاتم النبیین "

آپ ﷺ نوع انسانی میں سب سے زیادہ کامل انسان ہیں، اسی لئے نبوت کا معاملہ آپ سے ہی شروع ہوا، اور آپ ہی پر ختم ہوا، آپ نبی تھے اور آدم (علیہ السلام) ہنوز آب و گل میں تھے، پھر آپ ﷺ اپنی تخلیق کے لحاظ سے بھی خاتم النبیین ہیں (یعنی آخری نبی ہیں)۔

(فصوص الحکم،صفحہ 214،دارالکتاب العربی،بیروت) سکین صفحہ 170

نبوت حیوانات میں بھی جاری ہے

" وہذہ النبوۃ ساریۃ فی الحیوان مثل قولہ تعالٰی
واوحی ربک الی النحل "
اور یہ نبوت حیوانات میں بھی جاری ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:
تیرے رب نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی۔

(الفتوحات المکیۃ،جلد 2 صفحہ 254 طبع مصر) سکین صفحہ 171

نبوت تمام موجودات میں جاری ہے

" علم أن النبوۃ ساریۃ فی کل موجود یعلم ذلک
اہل الکشف والوجود " معلوم ہوا کہ نبوت ہر موجود چیز میں
جاری وساری ہے یہ بات اہل کشف خوب جانتے ہیں۔

(الفتوحات المکیۃ،جلد 2 صفحہ 254 طبع دارالکتب العربیۃ الکبری،مصر) سکین صفحہ 171

الہام والقاء کا دروازہ کھلا ہے

" وکذلک اسم النبي زال بعد رسول اللہ ﷺ
فانہ زال التشریع المنزل من عند اللہ بالوحی
بعدہ ﷺ"
آنحضرت ﷺ کے بعد نبی کسی پر نہیں بولا جاسکتا، کیونکہ آپ کے بعد
جو وحی تشریعی صورت میں اللہ کی طرف سے آتی ہے ہمیشہ کے لئے ختم
ہو چکی۔

(الفتوحات المکیۃ،جلد 2 صفحہ 58 طبع دارالکتب العربیۃ الکبری،مصر) سکین صفحہ 172

شیخ ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ درج بالا عبارات سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کے

نزدیک نبوت کا مطلب ہے کہ اللہ کی طرف سے کسی جاندار یا بے جان کو کسی کام کا حکم ملنا ۔اب اگر یہ حکم انبیاء علیھم السلام کے لیے ہو تو اس کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو چکا ہے مگر بعد از حضور خاتم النبیین قیامت تک کے لیے جس جس کے دل میں بھی اللہ کوئی چیز ڈالے تو اس کا دروازہ کھلا ہے ۔لہٰذا شیخ کی اس تشریح کے بعد پھر کسی بھی ایک فرد کو اعلانِ نبوت کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی جیسا کہ مرزا قادیانی اپنے لیے نبوت کا دعویٰ پیش کرتا ہے کیونکہ اگر شیخ کے عقیدہ کو لے کر مرزا قادیانی نبی بنتا ہے تو پھر تو دنیا کی ہر چیز جمادات، حشرات الارض، چوپائے، انسان سبھی نبی ہی بن گئے حالانکہ ایسا نہیں ہے ۔

قادیانیوں کا من گھڑت قاعدہ

عربی زبان میں خاتم بفتحہ تا جب کسی جمع کے صیغہ کی طرف مضاف ہو مثلاً خاتم الشعراء ، خَاتَمُ الْفُقَهَاءِ ، خَاتَمُ الاَكَابِرِ ، خَاتَمُ الْمُحَدِّثِيْنَ، خَاتَمُ الْأَوْلِيَاءِ ، خَاتَمُ المهاجرین وغیرہ ہو تو اس کے معنے ہمیشہ بعد میں آنے والوں سے افضل کے ہوتے ہیں ہمارا غیر احمدی علماء کو چیلنج ہے کہ وہ عربی زبان کا کوئی مستعمل محاورہ پیش کریں جس میں خاتم کسی جمع کے صیغے کی طرف مضاف ہوا ہو اور پھر اس کے معنے بند کرنے والے کے ہوں ۔

(پاکٹ بک، قادیانی ملک عبدالرحمٰن، صفحہ 280,279) سکین 173 صفحہ 174

یہ قاعدہ جس نحوی کتاب میں لکھا ہے وہ ہمیں دکھا دیں اس کے اگلے صفحہ پر ہم آپ کو خاتم کی اضافت جمع کی طرف دکھا دیں گے ۔آپ اپنے دعویٰ کی دلیل دے دیں ہم آپ کے اعتراض کا جواب دے دیں گے ۔

قادیانی پتہ نہیں کون سی لٹرین میں بیٹھ کر اس قسم کے قاعدے کلیے سوچتے ہیں؟ دنیا کی کسی کتاب میں آپ کو یہ قاعدہ نہیں ملے گا۔ اور اگر بالفرض ہم اس قاعدہ کو تسلیم بھی کر لیں پھر مرزا قادیانی ان عبارات (خاتم الاولاد، خاتم کتب سماوی، خاتم الخلفاء) کا کیا جواب دو گے؟ کیا مرزا قادیانی کے بعد بھی اس کے بہن بھائی پیدا ہوئے؟ کیا قرآن کے بعد بھی آسمانی کتب نازل ہوتی رہیں؟ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد بھی موسوی نبی آتے رہے؟

ہم نے سبق نمبر 1 میں خاتم کی لغات بیان کرتے ہوئے خاتم کی اضافت قوم کی جانب کا ثبوت دیا تھا قوم اسم جمع ہے جو کہ ایک جماعت کے لیے بولا جاتا ہے۔

لسان العرب، تاج العروس غیر معتبر ہے

کسی لغات کی کتاب لسان العرب، تاج العروس وغیرہ کا حوالہ دے دینا کافی نہ ہو گا جب تک اہلِ زبان میں اس محاورہ کا استعمال نہ دکھایا جائے لغت کی کتابیں لکھنے والے انفرادی حیثیت رکھتے ہیں۔

(پاکٹ بک، قادیانی ملک عبدالرحمٰن، صفحہ 280) سکین صفحہ 174

ہم تو سابقہ اسباق میں بیان کر آئے ہیں کہ مرزا قادیانی لسان العرب، تاج العروس وغیرہ کتبِ لغت کو انتہائی معتبر تسلیم کرتا ہے، اور اس نے کئی مقامات پر اپنے دعویٰ جات کو ثابت کرنے کے لیے ان لغات کا سہارا لیا ہے جیسے یہ دیکھیں:

لسان العرب اور تاج العروس میں جو لُغت کی نہایت معتبر کتابیں ہیں لکھا ہے کہ زبان عرب میں رب کا لفظ ے سات معنوں پر مشتمل ہے اور وہ یہ ہیں۔ مالکؔ۔ سیّد۔ مدبر۔ مربی۔ قیّم۔ منعم۔ متمم۔ چنانچہ ان سات معنوں میں سے تین معنی خدا تعالیٰ کی ذاتی عظمت پر دلالت کرتے ہیں منجملہ ان کے مالک ہے اور مالک لغت عرب میں اس کو کہتے

ہیں جس کا اپنے مملوک پر قبضہ تامہ ہو اور جس طرح چاہے اپنے تصرف میں لاسکتا ہو اور بلا اشتراک غیر اس پر حق رکھتا ہو اور یہ لفظ حقیقی طور پر یعنی بلحاظ اس کے معنوں کے بجز خدا تعالیٰ کے کسی دوسرے پر اطلاق نہیں پاسکتا۔

(منن الرحمٰن، روحانی خزائن جلد 9، صفحہ 152) سکین صفحہ 175

دلیل کے طور پر تو ایک ہی حوالہ کافی ہے کہ جہاں پر مرزا قادیانی نے اپنے موقف کے اثبات کے لیے لسان العرب اور تاج العروس وغیرہ کا سہارا لیا ہے لیکن ہم دیگر چند حوالہ جات بھی دے رہے ہیں ملاحظہ فرمائیں:

اگر اخطل اور دیوان حماسہ اور سبعہ معلقہ اور اغانی کے وہ اشعار جو جاہلیت کے شعرا کے صاحب اغانی نے لکھے ہیں اور جو لسان العرب اور صحاح جوہری وغیرہ پرانی کتابوں میں موجود ہیں نظر کے سامنے رکھے جائیں۔

(روحانی خزائن جلد 9، صفحہ 346) سکین صفحہ 176

لغت: تاج العروس۔ لسان العرب۔ مجمع البحار۔ مجمع البحرین۔ نہایۃ ابن اثیر۔ مختصر النہایۃ لسیوطی۔ مشارق الانوار لغۃ۔ صحاح جوہری۔ و شاح۔ مصباح المنیر۔ القول المانوس۔ الجاسوس علی القاموس۔ اقرب الموارد۔ ذیل اقرب۔ اساس البلاغۃ۔ کامل مبرد۔ مقدمہ اللغۃ۔ بلغہ فی اصول اللغہ۔ مزہر۔ فرائد اللغۃ۔ سر اللیال۔ صراح۔ المبتکر۔ فروق اللغۃ۔ غیاث۔ شمس اللغات۔ امثال سیدانی۔ امثال ہلال عسکری۔ مخزن الامثال۔ نجم الامثال۔ فقہ اللغۃ۔ کفایۃ المتحفظ۔ الفاظ الکتابۃ۔

التلویح فی الفصیح ۔ المثلثات ۔تجنیس اللغات ۔تعطیر الانام ۔ ابن شاہین ۔امیر اللغات ۔ارمغان ۔محاورات ہند ۔

سکین صفحہ 177 (روحانی خزائن جلد13 صفحہ 461)

دیکھو کتب لغت ۔لسان العرب، صحاح جوہری، قاموس، محیط، تاج العروس وغیرہ ۔منہ

سکین صفحہ 178 (روحانی خزائن جلد15 صفحہ 18)

دیکھو اس جگہ اس فاضل نے حضرت عیسیٰ کو نہ صرف سیاح بلکہ سیاحوں کا امام لکھا ہے ۔ایسا ہی لسان العرب کے صفحہ ۴۳۱ میں لکھا ہے ۔ ''قیل سُمِّيَ عیسٰی بمسیح لانّہٗ کان سائحًا فی الارض لا یستقرّ'' ۔یعنی عیسیٰ کا نام مسیح اس لئے رکھا گیا کہ وہ زمین میں سیر کرتا رہتا تھا اور کہیں اور کسی جگہ اس کو قرار نہ تھا۔ یہی مضمون تاج العروس شرح قاموس میں بھی ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ مسیح وہ ہوتا ہے جو خیر اور برکت کے ساتھ مسح کیا گیا ہو یعنی اس کی فطرت کو خیر و برکت دی گئی ہو ۔

سکین صفحہ 179 (روحانی خزائن جلد15 صفحہ 71)

پہلے قول کے یہ معنے ہیں کہ میرے پر کوئی تہمت ثابت نہیں کی گئی اور دوسرے کے یہ معنے ہیں کہ میری صفائی ثابت کی گئی ہے ۔ دیکھو لسان العرب اور تاج العروس اور دُوسری لغتِ عرب کی مبسوط کتابیں جن میں بری کے لفظ کے معنے مختلف تصریفات کے پیرایہ میں کی گئی ہیں ۔

سکین صفحہ 180 (روحانی خزائن جلد15 صفحہ 317)

اس کے علاوہ ہم دسیوں حوالہ جات دے سکتے ہیں۔

خاتم المھاجرین فی الھجرۃ

ہمارا دعوی ہے کہ اس طریق پر یہ لفظ ہمیشہ افضل کے معنوں میں آتا ہے۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے استعمال فرمایا ہے۔

اِطْمَئِنَّ يَا عَمِ فَإِنَّكَ خَاتَمُ الْمُهَاجِرِينَ فِي الهِجْرَةِ كَمَا أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ في النبوة.

(کنز العمال جلد 6، صفحہ 178 حرف العین فی ذکر العباس)

اے چچا (عباس رضی اللہ عنہ) آپ مطمئن رہتے کہ آپ اس طرح خاتم المہاجرین میں جس طرح میں خاتم النبیین ہوں۔

اب کیا حضرت عباس کے بعد کوئی مہاجر نہیں ہوا؟ حضرت مولوی رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی کے علاوہ آج تک ہزاروں لوگوں نے ہجرت کی اور قیام پاکستان کے بعد تو ایسی ہجرت ہوتی جس کی مثال ہی نہیں ملتی۔

(پاکٹ بک، قادیانی ملک عبد الرحمٰن، صفحہ 280) سکین صفحہ 174

قادیانی اس روایت میں دجل اور فریب سے کام لیتے ہیں اصل واقعہ یہ ہے کے حضرت عباس رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ روانہ ہو گئے تھے مکہ مکرمہ سے چند ہی میل کا سفر کیا تھا کہ آپ نے دیکھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ طیبہ سے دس ہزار قدسیوں کا لشکر لے کر مکہ مکرمہ فتح کرنے کے لیے تشریف لا رہے ہیں راستے میں ملاقات ہوئی تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے افسوس ظاہر کیا کہ میں ہجرت کی فضیلت سے محروم رہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو تسلی اور حصول ثواب کی بشارت دیتے ہوئے فرمایا

اس لئے کہ مکہ مکرمہ سے مدینہ شریف کی جانب ہجرت کرنے والے آخری مہاجر حضرت عباس رضی اللہ عنہ تھے کیوں کہ ہجرت دارالکفر سے دارالسلام کی طرف کی جاتی ہے۔مکہ مکرمہ حضور خاتم النبیین ﷺ کے ہاتھوں ایسا فتح ہوا کہ قیامت کی صبح تک دارالسلام رہے گا۔لہذا مکہ مکرمہ سے آخری مہاجر حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہوئے۔آپ ﷺ کا فرمانا کہ اے چچا تم آخری مہاجر ہو تمھارے بعد جو بھی مکہ مکرمہ چھوڑ کر آئے گا اسے مہاجر کا لقب نہیں ملے گا اسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ روایت نقل فرماتے ہیں:

لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ فتح مکہ کے بعد اب کوئی ہجرت نہیں۔

(صحیح بخاری،2783،2825،3078،3899،4311) سکین صفحہ 181

علامہ شمس الدین ابوعبداللہ الذھبی متوفیٰ 748ھ فرماتے ہیں کہ:

ثمَّ لم نَعْرِف أَن أَبَاهُ هَاجر إِلَى الْمَدِينَة حَتَّى يطرد مِنْهَا فَإِن الطُّلَقَاء لَيْسَ فيهم من هَاجر فَإِن النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم قَالَ لَا هِجْرَة بعد الْفَتْح وَلما قدم صَفْوَان بن أُميَّة مُهَاجرا أمره النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم بِالرُّجُوعِ إِلَى مَكَّة

پھر ہمیں یہ معلوم نہ تھا کہ ان کے والد نے مدینہ کی طرف ہجرت کی تاکہ انہیں وہاں سے نکال دیا جائے، جیسا کہ ان میں سے کسی بھی آزاد نے ہجرت نہیں کی، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ کے بعد کوئی ہجرت نہیں ہوگی۔جب صفوان بن امیہ ہجرت کر کے آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مکہ واپس آنے کا حکم دیا۔

(المنتقی من منہاج الاعتدال صفحہ 395) سکین صفحہ 182

اور منجملہ دلائل قویہ قطعیہ کے جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں جو مسیح موعود اسی اُمتِ محمدیہ میں سے ہوگا قرآن شریف کی یہ آیت ہے۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ[1] الخ یعنی خدا تعالیٰ نے ان لوگوں کے لئے جو ایماندار ہیں اور نیک کام کرتے ہیں وعدہ فرمایا ہے جو ان کو زمین پر اُنہی خلیفوں کی مانند جو اُن سے پہلے گذر چکے ہیں خلیفے مقرر فرمائے گا اِس آیت میں پہلے خلیفوں سے مُراد حضرت موسیٰ کی امت میں سے خلیفے ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کی شریعت کو قائم کرنے کے لئے پے در پے بھیجا تھا اور خاص کر کسی صدی کو ایسے خلیفوں سے جو دینِ موسوی کے مجدد تھے خالی نہیں جانے دیا تھا اور قرآن شریف نے ایسے خلیفوں کا شمار کر کے ظاہر فرمایا ہے کہ وہ باراں[۱۲] ہیں اور تیرھواں حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں جو موسوی شریعت کا مسیح موعود ہے۔ اور اس مماثلت کے لحاظ سے جو آیت ممدوحہ میں کَمَا کے لفظ سے مستنبط ہوتی ہے ضروری تھا کہ محمدی خلیفوں کو موسوی خلیفوں سے مشابہت و مماثلت ہو۔ سو اسی مشابہت کے ثابت اور متحقق کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں بارہ موسوی خلیفوں کا ذکر فرمایا جن میں سے ہر ایک حضرت موسیٰ کی قوم میں سے تھا اور تیرھواں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر فرمایا جو موسیٰ کی قوم کا خاتم الانبیاء تھا مگر درحقیقت موسیٰ کی قوم میں سے نہیں تھا اور پھر خدا نے محمدی سلسلہ کے خلیفوں کو موسوی

دشمنوں کو ہلاک کیا یا اُن کے مقابل پر مجھے ہر ایک قسم کے انعام سے مشرف کیا اور اُن کو ذلّت کی زندگی میں ڈالا یا ذلّت کے ساتھ دنیا سے اٹھالیا۔

اور خدا نے میری تائید میں اِس قسم کے نشان بھی ظاہر کئے کہ میرے وجود سے بھی پہلے بعض صلحاء نے میرا نام لے کر میرے ظہور کی خبر دی تھی اور بعض نے میرے ظہور سے تیس۳۰ برس پہلے میرا نام لے کر اور میرے گاؤں کا نام لے کر میرے ظہور کی خبر دی۔

اور خدا نے میرے لئے ایک یہ بھی نشان ٹھہرایا کہ پہلے تمام نبیوں نے مسیح موعود کے ظہور کے لئے جس زمانہ کی خبر دی تھی اور جو تاریخی طور پر مسیح موعود کے ظہور کے لئے مدت مقرر کی تھی خدا نے ٹھیک ٹھیک مجھے اُسی زمانہ میں پیدا کیا☆۔

ایسا ہی اسلام کے تمام اولیاء کا اس پر اتفاق تھا کہ اس مسیح موعود کا زمانہ چودھویں۱۴ صدی سے تجاوز نہیں کرے گا۔ اور حدیث الآیَاتُ بَعدَ المئتین بھی اس پر دلالت کرتی تھی سو خدا نے چودھویں۱۴ صدی کے سر پر مجھے مامور اور مخاطب فرمایا۔

خدا نے قرآن شریف میں ایک جگہ یہ بھی فرمایا تھا کہ آخری زمانہ میں مذاہب کے جنگ ہوں گے اور دریا کی لہروں کی طرح ایک مذہب دوسرے مذہب پر گرے گا تا اُس کو نابود

☆ حاشیہ۔ بعض ناواقف یہ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ مسیح موعود کا قرآن شریف میں کہاں ذکر ہے؟ اس کا یہ جواب ہے کہ خدا کی کتابوں میں مسیح موعود کے کئی نام ہیں منجملہ اُن کے ایک نام اس کا خاتم الخلفاء ہے یعنی ایسا خلیفہ جو سب سے آخر آنے والا ہے سو اس نام کے ساتھ قرآن شریف میں مسیح موعود کے بارہ میں پیشگوئی موجود ہے چنانچہ سُورۃ نور میں خدا تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ مسلمانوں میں سے آخری دنوں تک اُن کے دین کی تقویت کے لئے خلیفے پیدا کرتا رہے گا اور اُن کے ذریعہ سے خوف کے بعد امن کی صورت پیدا کردے گا۔ آخری دنوں تک خلیفوں کا پیدا ہونا اس قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بموجب نص صریح قرآن شریف کے اسلام کا دور دُنیا کے آخری دنوں تک ہے پس ماننا پڑا کہ اسلام میں بھی ایک خاتم الخلفاء ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ کے سلسلہ میں حضرت عیسیٰ خاتم الخلفاء تھے۔ اور یہ عجیب راز ہے کہ جیسا کہ حضرت عیسیٰ ؑ حضرت موسیٰ ؑ سے بموجب قول یہود کے چودھویں۱۴ صدی میں پیدا ہوئے اسی طرح اسلام کا خاتم الخلفاء اسی مدت کے بعد مبعوث ہوا۔ منہ

خاتم النبیّین وخیر المرسلین ہیں جن کے ہاتھ سے اکمال دین ہو چکا اور وہ نعمت بمرتبہ اتمام پہنچ چکی جس کے ذریعہ سے انسان راہ راست کو اختیار کر کے خدائے تعالیٰ تک پہنچ سکتا ہے اور ہم پختہ یقین کے ساتھ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ قرآن شریف خاتم کتب سماوی ہے اور ایک شُعشہ یا نقطہ اس کی شرائع اور حدود اور احکام اور اوامر سے زیادہ نہیں ہوسکتا اور نہ کم ہوسکتا ہے اور اب کوئی ایسی وحی یا ایسا الہام منجانب اللہ نہیں ہوسکتا جو احکامِ فرقانی کی ترمیم یا تنسیخ یا کسی ایک حکم کے تبدیل یا تغییر کر سکتا ہو اگر کوئی ایسا خیال کرے تو وہ ہمارے نزدیک جماعت مومنین سے خارج اور مُلحد اور کافر ہے اور ہمارا اس بات پر بھی ایمان ہے کہ ادنیٰ درجہ صراط مستقیم کا بھی بغیر اتباع ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہرگز انسان کو حاصل نہیں ہوسکتا چہ جائیکہ راہِ راست کے اعلیٰ مدارج بجز اقتدا اُس امام الرّسل کے حاصل ہوسکیں کوئی مرتبہ شرف وکمال کا اور کوئی مقام عزت اور قرب کا بجز سچی اور کامل متابعت اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم ہرگز حاصل کر ہی نہیں سکتے۔ ہمیں جو کچھ ملتا ہے ظلّی اور طفیلی طور پر ملتا ہے اور ہم اس بات پر بھی ایمان رکھتے ہیں کہ جو راستباز اور کامل لوگ شرف صحبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو کر تکمیل منازل سلوک کر چکے ہیں اُن کے کمالات کی نسبت بھی ہمارے کمالات اگر ہمیں حاصل ہوں بطور ظل کے واقع ہیں اور اُن میں بعض ایسے جُزئی فضائل ہیں جو اَب ہمیں کسی طرح سے حاصل نہیں ہوسکتے۔ غرض ہمارا اُن تمام باتوں پر ایمان ہے جو قرآن شریف میں درج ہیں اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدائے تعالیٰ کی طرف سے لائے اور تمام محدثات اور بدعات کو ہم ایک فاش ضلالت اور جہنم تک پہنچانے والی راہ یقین رکھتے ہیں مگر افسوس کہ ہماری قوم میں ایسے لوگ بہت ہیں جو بعض حقائق اور معارف قرآنیہ اور دقائق آثار نبویہ کو جو اپنے وقت پر بذریعہ کشف والہام زیادہ تر صفائی سے کھلتے ہیں محدثات اور بدعات میں ہی داخل کر لیتے ہیں حالانکہ معارف مخفیہ قرآن وحدیث ہمیشہ اہل کشف پر کھلتے رہے ہیں

کرتے تھے میں مٹھیاں بھرتا تھا۔ اور وہ مجھ سے پیار کیا کرتے تھے۔ مرزا صاحب نے کہا تھا کہ ۲۰، ۳۰ ثار کا پتھر اٹھا کر سوتے وقت یا اور موقعہ پا کر کلارک صاحب کو مارنا اور مار دینا۔ میں نے یہ سب حال قطب الدین کو بتلایا تھا۔ اور اس نے کہا تھا کہ بیشک تو یہ کام کر اور میرے پاس چلا آ۔ (بسوال عدالت) اس وقت برہان الدین اور سلطان محمود مجھ سے ناراض ہیں کہ میرا روپیہ و جائداد ان کے پاس ہے اور وہ دینا نہیں چاہتے۔ مولوی نورالدین کے پاس اس واسطے خط بھیجا تھا کہ مرزا صاحب اور وہ ایک ہی ہیں۔ جب میں امرتسر ہسپتال میں تھا میرا کوئی تعلق قطب الدین سے نہیں رہا تھا اور نہ کسی کے پاس میں نے کوئی خط لکھا تھا۔ خط ۱۴ میں نے بیاس میں

بقیہ حاشیہ

غیر معقول بات ہرگز مقصود نہ تھی کہ ایک نبی جو اپنی زندگی کے دن پورے کر کے عادۃ اللہ کے موافق خدا تعالیٰ اور نعیم آخرت کی طرف بلایا گیا پھر وہ اس دار تکالیف اور دار الفتن میں بھیجا جائے گا اور وہ نبوت جس پر مہر لگ چکی ہے اور وہ کتاب جو خاتم الکتب ہے فضیلت ختمیت سے محروم رہ جائے گی۔ بلکہ نہایت لطیف استعارہ کے طور پر یہ پیشگوئی کی گئی کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جب عیسائی لوگ اپنی مخلوق پرستی اور صلیب کے باطل خیالات میں انتہا درجہ کے تعصب تک پہنچ جائیں گے اور اپنی کمال تحریف اور دجل کی وجہ سے مسیح دجّال ہو جائیں گے تب خدا تعالیٰ اپنی رحمت سے ان کی اصلاح کے لئے ایک آسمانی مسیح پیدا کرے گا جو دلائل شافیہ سے ان کی صلیب کو توڑ دے گا۔

اس پیشگوئی کے سمجھنے میں اہل عقل اور تدبر کرنے والوں کے لئے کچھ بھی دقت نہ تھی کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ مقدسہ ایسے صاف تھے کہ خود اس مطلب کی طرف رہبری کرتے تھے کہ ہرگز اس پیشگوئی میں نبی اسرائیلی کا دوبارہ دنیا میں آنا مراد نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار فرما دیا تھا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور حدیث لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ ایسی مشہور تھی کہ کسی کو اس کی صحت میں کلام نہ تھا اور قرآن شریف جس کا لفظ لفظ قطعی ہے اپنی آیت کریمہ

ڈاکٹر صاحب کو لکھا تھا۔ (بسوال وکیل ملزم) لقمان جب میں چھ سال کی عمر کا تھا مر گیا تھا۔ میں نے [illegible] روپیہ بغیر علم سلطان محمود کے گھر سے لئے تھے۔ گھر والی عورتوں کو اطلاع کر دی تھی اور نہر پر چلا گیا تھا۔ میرے دو بھائی اور محمد کامل و محمد عالم گھر پر ہیں۔ میں نے محمد عالم کا زیور نہیں لیا۔ اس نے جھوٹا دعویٰ کیا تھا کہ اس کے پاس میرا روپیہ تھا۔ پانچ چھ سال کی بات ہے۔ باپ کی زمین پر دوسرے بھائی میرے قابض ہیں۔ حصہ پیداوار لیتا ہوں وہ میری طرف سے کاشت کرتے ہیں۔ جائداد کی وجہ سے اور سوتیلے بھائی ہونے کی وجہ سے مجھ سے خفا رہتے ہیں۔ سات ماہ سے جہلم سے نکلا ہوا ہوں۔ برہان الدین کا لڑکا محمد کامل کی لڑکی سے منسوب ہے

حاشیہ

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ [1] سے بھی اس بات کی تصدیق کرتا تھا کہ فی الحقیقت ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ پھر کیونکر ممکن تھا کہ کوئی نبی نبوت کے حقیقی معنوں کے رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تشریف لاوے۔ اس سے تو تمام تار و پود اسلام درہم برہم ہو جاتا تھا۔ اور یہ کہنا کہ ”حضرت عیسیٰ نبوت سے معطل ہو کر آئے گا“۔ نہایت بے حیائی اور گستاخی کا کلمہ ہے۔ کیا خدا تعالیٰ کے مقبول اور مقرب نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسے اپنی نبوت سے معطّل ہو سکتے ہیں؟ پھر کون سا راہ اور طریق تھا کہ خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں آتے۔ غرض قرآن شریف میں خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام خاتم النبیین رکھ کر اور حدیث میں خود آنحضرت نے لَا نَبِیَّ بَعْدِی فرما کر اس امر کا فیصلہ کر دیا تھا کہ کوئی نبی نبوت کے حقیقی معنوں کے رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نہیں آ سکتا اور پھر اس بات کو زیادہ واضح کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرما دیا تھا کہ آنے والا مسیح موعود اسی امت میں سے ہوگا۔ چنانچہ صحیح بخاری کی حدیث اِمَامُکُمْ مِنْکُمْ اور صحیح مسلم کی حدیث فامّکم منکم جو عین مقام ذکر مسیح موعود میں ہے صاف طور پر بتلا رہی ہے کہ وہ مسیح موعود اسی امت میں سے ہوگا۔!!!

پھر دوسرا فیصلہ کہ جو اس بارے میں قرآن اور حدیث نے کر دیا یہ موجود تھا کہ

اخبار الحکم نمبر ۱ جلد ۳ ۸ قادیان ۱۷ر جنوری ۱۸۹۹ء

اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتیں اور ہیں۔ لیکن اس میں کونسی روشنی مل سکتی ہے جو ہی رفیق ... کے لئے مطلب ہے


الحکم
نمبر ۱ | قادیان دار الامن والامان مورخہ ۱۷ر جنوری سنہ ۱۸۹۹ | جلد ۳

... ہیں اگر ... کو لیا وہ عرب پر اپنا ... اثر ڈال سکتے۔ عرب سے وہ آفتاب نکلا کہ اُس نے ہر قوم کو روشن کیا۔ اور ہر ایک پر اپنا نور ڈالا۔ یہہ قرآن کریم ہی کو فخر حاصل ہے کہ وہ توحید اور نبوت کے مسئلہ میں کل دنیا کے مذاہب پر فتحیاب ہو سکتا ہے۔ یہہ فخر کا مقام ہے کہ ایسی کتاب مسلمانوں کو ملی ہے۔ جو لوگ حملہ کرتے ہیں۔ اور تعلیم و مذہب اسلام پر معترض ہوتے ہیں وہ بالکل کور باطنی اور بے ایمانی ہے اور بعیتہ ہیں۔ مثلاً کثرت ازدواج پر اعتراض کرتے ہیں کہ اسلام نے بہت عورتوں (شادی) اجازت دی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ کیا کوئی ایسا دلیر اور مرد میدان معترض ہے جو ہمکو یہہ دکھلا سکے۔ کہ قرآن کہتا ہے ضرور ضرور ایک سے زیادہ عورتیں کرو۔ ہاں یہہ ایک سچی بات ہے۔ اور بالکل طبعی امر ہے کہ اکثر اوقات انسان کو ضرورت پیش آجاتی ہے۔ کہ وہ ایک سے زیادہ عورتیں کرے۔ مثلاً عورت اندہی ہو گئی یا کسی اور خطرناک مرض میں مبتلا ہو کر اس قابل ہو گئی کہ خانہ داری کے امور سرانجام نہیں دے سکتی۔ اور مرد از راہ ہمدردی یہہ بھی نہیں چاہتا کہ اُسے علیحدہ کرے۔ یا رحم کی خطرناک بیماریوں کا شکار ہو کر مرد کی طبعی ضرورتوں کو پورا نہیں کر سکتی۔ تو ایسی صورت میں اگر نکاح ثانی کی اجازت نہ ہو تو بتلاؤ کیا اُس سے بدکاری اور بد اخلاقی کو ترقی نہ ہو گی؟ پھر اگر کوئی مذہب کثرت ازدواج کو روکتا ہے تو یقیناً وہ بدکاری اور بد اخلاقی کی موید ہے۔ لیکن اسلام جو دنیا سے بد اخلاقی اور بدکاری کو دور کرنا چاہتا ہے اجازت دیتا ہے کہ ایسی ضرورتوں کے لحاظ سے ایک سے زیادہ بیویاں کرے۔ ایسا ہی اولاد کی

نہ ہونے پر جبکہ لا ولد کے پس مرگ خاندان میں بہت سے جھگڑے اور کشت و خون ہونے تک نوبت پہنچ جاتی ہے ...

علاوہ ... آنحضرت سے ... نہیں کیا گیا۔ لنڈن کی عورتوں کا زور ایک باعث ہو گیا کہ دوسری عورت نکریں۔ پھر اسکے نتایج خود دیکھ لو کہ لنڈن۔ اور پیرس میں عفت اور تقوے کی کیسی قدر ہے۔ ایسا ہی دوسرے مسائل غلامی اور جہاد پر بھی اُن کے اعتراض درست نہیں۔ کیونکہ توریت میں ایک لمبا سلسلہ ایسی جنگوں کا چلتا ہے۔ حالانکہ اسلام کی لڑائیاں ڈیفنسو (دفاعی) تہیں۔ اور وہ صرف دس سال ہی کے اندر ختم ہو گئیں میں دعوے سے یہہ کہتا ہوں کہ یہہ مسائل اُن کی کتابوں میں نکال سکتا ہوں۔ اور ایسے ہی میرا دعوے ہے کہ تمام صداقتیں قرآن کریم میں موجود ہیں۔ اگر کوئی مدعی ایسی صداقت پیش کرے کہ وہ قرآن میں نہیں ہیں اُسے نکال کر دکھانے کو تیار ہوں۔ اسلامی شریعت نے وہ مسائل لئے ہیں جو طبعی اور فطرتی طور پر انسان کے لئے مطلوب ہیں اور جو ہر پہلو سے اُسکے قوائے کی تربیت کرتے ہیں اُن پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ ہاں! اسلام کی جو اعتراض غیر مذاہب پر ہیں وہ اُن کا جواب نہیں دے سکتے۔ پس میں پھر کہتا ہوں کہ بڑی باتوں کو استخفاف اور استہزاء کی نظر کر نہ دیکھیں۔ استہزاء سے کفر کا اندیشہ ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی آیات کا ادب اور خوف ہونا چاہئیے۔ ہر ایک لطیف ان باتوں کے ہزارہا جواب دے سکتا ہے کیا ... دل میں ایسی علامات نہیں ہوتیں۔ جنکو دیکھکر ہم ایک سعید اور شقی۔ بد معاش اور خوش اطوار میں تمیز کر سکتے ہیں۔ اور پہچان لیتے ہیں ❊ ❊ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت لکھا ہے کہ ایک شخص نے

آپکو دیکھکر کہا کہ یہہ جھوٹوں کا مونہہ نہیں۔ اب وہ کونسا نشان تہا جو جھوٹوں میں ہوتا ہے۔ اور آپ میں نہ تہا۔ ایک امتیاز تو تہا جسکو بصیرت والا انسان دیکھہ سکتا ہے۔ ایسا ابلہ اور احمق کون ہے۔ جو نیک اور بد کو چہرہ سے دیکھکر تمیز نہیں کر سکتا مومن کا چہرہ اور ہر شئی اسکو ایک امتیاز بخشتا ہے۔ اور اُس کے باخدا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ پھر اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت میں ایک خصوصیت ہو تو بتلاؤ اس سے کیا استبعاد لازم آتا ہے۔ سب کچھ ممکن ہے۔ بالآخر یاد رکھو کہ یہہ ایک فرعی بات ہے۔ ہم کو ضرورت نہیں کہ اِن باتوں میں پڑیں۔ اصول جو بحث ہونی چاہئیے۔ اصول کے اثبات پر فرع خود ہی ثابت ہو جاتی ہے۔ ایمان لانا ضروری ہے اُسکی کیفیت اور کنہہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا ضروری نہیں۔ دشمن اگر گفتگو کرے تو ہم اُس کو روک سکتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ اور اُسکی صفات پر ملائکہ اور اللہ تعالےٰ کی کتابوں اور انبیاء علیہم السلام وغیرہ امور ایمانی پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اور ان سب باتوں کا ماننا اصول ہے۔ اور باقی امور ان پر متفرع ہیں۔ اور یہہ سب صفائی کے ساتھ ثابت شدہ صداقتیں ہیں۔ تعلیم اسلام ایسی تھا ہے کہ ہر قوت کو اعتدال اور عین محل پر رکھتی اور تربیت کرتی ہے۔ اور عظیم الشان معجزہ ہے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسری تعلیمیں ایسی نہیں کسی کا ناک نہیں تو کسی کے کان نہیں ہیں۔ غرض وہ ناقص اور ادہوری ہیں۔ مکمل خلقت تعلیم اسلام ہی کی ہے توحید صفات باریتعالےٰ۔ نبوت اور اخلاق فاضلہ تکمیل نفس وغیرہ ضروری امور جنکا انسان محتاج ہے۔ وہ ایسے کامل اور روشن طور پر بیان ہوئے ہیں کہ ان میں زیادہ بحث کی ضرورت نہیں پڑتی۔ باقی امور کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیونکر کہاتے تہے۔ کتنے بڑے نوالے لیتے تہے؟ ان جھگڑوں میں پڑنے کی مومن کو کیا ضرورت ہے؟ مدار نجات ان باتوں پر نہیں ہے۔ ایسی باتیں جو تاریخ کے طور پر لکھی گئی ہیں۔ اگر وہ نبوت حقہ کے خلاف نہیں بلکہ مشابہہ ہیں تو ایمان لائیں۔ ورنہ تاویل کریں۔ کچہہ ضرورت نہیں کہ ایسی کم چیاں اور جنس کر کے لمبی اور فضول بحثوں میں پڑیں۔

ختم نبوت کے متعلق میں یہہ کہنا چاہتا ہوں کہ خاتم النبیین کے بڑے معنے یہی ہیں کہ نبوت کے امور کو آدم علیہ السلام سے لیکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کیا۔ یہہ تو موٹے اور ظاہر معنے ہیں۔ دوسرے یہہ معنی ہیں کہ کمالات نبوت کا دائرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو گیا۔ یہہ سچ اور بالکل صحیح ہے کہ قرآن نے ناقص باتوں کا کمال کیا۔ اور نبوت ختم ہو گئی۔ اس لئے

خلق و عالم جملہ در شور و شراند طالبانت در مقام دیگر اند
آن یکے را نورے بخشی بدل واں دِگر را می گزاری پابگِل
چشم و گوش و دل زِ تو گیرد ضیاء ذات تو سرچشمۂ فیض و ہُدا

غرض خداوند قادر وقدوس میری پناہ ہے اور میں تمام کام اپنا اسی کو سونپتا ہوں اور گالیوں کے عوض میں گالیاں دینا نہیں چاہتا اور نہ کچھ کہنا چاہتا ہوں ایک ہی ہے جو کہے گا افسوس کہ ان لوگوں نے تھوڑی سی بات کو بہت دور ڈال دیا اور خدائے تعالیٰ کو اس بات پر قادر نہ سمجھا کہ جو چاہے کرے اور جسکو چاہے مامور کر کے بھیجے کیا انسان اس سے لڑ سکتا ہے یا آدم زاد کو اس پر اعتراض کرنے کا حق پہنچتا ہے کہ تو نے ایسا کیوں کیا ایسا کیوں نہیں کیا۔ کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ ایک کی قوت اور طبع دوسرے کو عطا کرے اور ایک کا رنگ اور کیفیت دوسرے میں رکھ دیوے اور ایک کے اِسم سے دوسرے کو موسوم کر دیوے اگر انسان کو خدائے تعالیٰ کی وسیع قدرت پر ایمان ہو تو وہ بلا تامل ان باتوں کا یہی جواب دے گا کہ ہاں بلاشبہ اللہ جلّ شانہٗ ہر یک بات پر قادر ہے اور اپنی باتوں اور اپنی پیشگوئیوں کو جس طرز اور طریق اور جس پیرایہ سے چاہے پورا کر سکتا ہے ناظرین تم آپ ہی سوچ کر دیکھو کہ کیا آنیوالے عیسٰی کی نسبت کسی جگہ یہ بھی لکھا تھا کہ وہ دراصل وہی بنی اسرائیلی ناصری صاحب انجیل ہوگا بلکہ بخاری میں جو بعد کتاب اللہ اصح الکتاب کہلاتی ہے بجائے ان باتوں کے امامکم منکم لکھا ہے اور حضرت مسیح کی وفات کی شہادت دی ہے جسکی آنکھیں ہیں دیکھے۔ منصفو! سوچ کر جواب دو کہ کیا قرآن کریم میں کہیں یہ بھی لکھا ہے کہ کسی وقت کوئی حقیقی طور پر صلیبوں کو توڑنے والا اور ذمّیوں کو قتل کرنیوالا اور قتل خنزیر کا نیا حکم لانے والا اور قرآن کریم کے بعض احکام کو منسوخ کرنیوالا ظہور کرے گا اور آیت اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ [1] اور آیت حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ [2] اس وقت منسوخ ہو جائے گی اور نئی وحی قرآنی وحی پر خط نسخ کھینچ دے گی۔ اے لوگو اے مسلمانوں کی ذرّیت کہلانے والو دشمن قرآن نہ بنو اور خاتم النبیّین کے بعد وحی نبوت کا نیا سلسلہ جاری نہ کرو اور اُس خدا سے شرم کرو جس کے سامنے حاضر کئے جاؤ گے۔ اور بالآخر میں ناظرین کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ جن باتوں پر حضرت مولوی نذیر حسین صاحب اور ان کی جماعت نے تکفیر کا فتویٰ دیا ہے اور میرا نام کافر اور دجّال رکھا ہے اور وہ گالیاں دی ہیں کہ کوئی مہذب آدمی غیر قوم کے آدمی کی نسبت بھی پسند نہیں کرتا اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ گویا یہ باتیں میری کتاب توضیح مرام اور ازالہ اوہام میں درج ہیں۔ میں انشاء اللہ القدیر عنقریب ایک مستقل رسالہ

اس جگہ مولوی احمد حسن صاحب امروہی کو ہمارے مقابلہ کے لئے خوب موقع مل گیا ہے۔ہم نے سنا ہے کہ وہ بھی دوسرے مولویوں کی طرح اپنے مشرکانہ عقیدہ کی حمایت میں کہ تا کسی طرح حضرت مسیح ابن مریم کو موت سے بچالیں اور دوبارہ اتار کر خاتم الانبیاء بنادیں بڑی جانکاہی سے کوشش کرر ہے ہیں اوران کو بُرا معلوم ہوتا ہے کہ سورہ نور کی منشاء کے موافق اور صحیح بخاری کی حدیث اِمَامکم مِنکم کے مطابق اور مسلم کی حدیث اَمَّکُم مِنکم کے رو سے اسی امت مرحومہ میں سے مسیح موعود پیدا ہو تا موسوی سلسلہ کے مسیح کے مقابل پر محمدی سلسلہ کا مسیح ظاہر ہو کر نبوت محمدیہ کی شان کو دنیا میں چمکا وے بلکہ یہ مولوی صاحب اپنے دوسرے بھائیوں کی طرح یہی چاہتے ہیں کہ وہی ابن مریم جس کو خدا بنا کر قریبًا پچاس کروڑ انسان گمراہی کے دلدل میں ڈوبا ہوا ہے دوبارہ فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اترے اور ایک نیا نظارہ خدائی کا دکھلا کر پچاس کروڑ کے ساتھ پچاس کروڑ اور ملا دے کیونکہ آسمان پر چڑھتے ہوئے تو کسی نے نہیں دیکھا تھا وہی مقولہ تھا کہ پیراں نمے پرند مریداں مے پرانند۔مگر اب تو ساری دنیا فرشتوں کے ساتھ اترتے دیکھے گی اور پادری لوگ آکر مولویوں کا گلا پکڑ لیں گے کہ کیا ہم کہتے تھے یا نہیں کہ یہی خدا ہے۔اس منحوس دن میں اسلام کا کیا حال ہوگا۔کیا اسلام دنیا میں ہوگا؟ لعنت اللّٰہ علی الکاذبین ۔جو شخص کشمیر سری نگر محلّہ خان یار میں مدفون ہے اس کو ناحق آسمان پر بٹھایا گیا۔کس قدر ظلم ہے۔خدا تو بپابندی اپنے وعدوں کے ہر چیز پر قادر ہے لیکن ایسے شخص کو کسی طرح دوبارہ دنیا میں نہیں لاسکتا جس کے پہلے فتنے نے ہی دنیا کو تباہ کر دیا ہے۔یہ مولوی اسلام کے نادان دوست کیا جانتے ہیں کہ ایسے عقیدوں سے کس قدر عیسائیوں کو مدد پہنچ چکی ہے۔اب خداتعالیٰ کوئی نئی عظمت ابن مریم کو دینا نہیں چاہتا بلکہ یہاں تک کہ جس قدر پہلے اس سے حضرت مسیح کی نسبت اطراء کیا گیا ہے وہ بھی خدا کو سخت ناگوار گزر رہا ہے اور اسی وجہ سے اس کو کہنا پڑا ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ [۱]۔اب آسمان کی طرف

علٰی مقام الختم من النبوة - وانہٗ خاتم الانبیاء -
نبوت ختم گردیدہ و او خاتم الانبیاء است
نبوت کے سلسلہ کو ختم کرنے والے تھے اور وہ خاتم الانبیاء ہیں۔

وانا خاتم الاولیاء - لاولیّ بعدی - الّا الذی ھو
ومن خاتم الاولیا ہیچ ولی بعد من نیست مگر آنکہ
اور میں خاتم الاولیاء ہوں میرے بعد کوئی ولی نہیں مگر وہ جو

منّی وعلٰی عھدی - وانی اُرْسِلْتُ من ربّی بکل
از من باشد و برعہد من باشد۔ ومن از خدائے خود بتمام تر
مجھ سے ہوگا اور میرے عہد پر ہوگا اور میں اپنے خدا کی طرف سے تمام تر

قُوّةٍ وبرکةٍ وعزةٍ - وان قدمی ھٰذہٖ علٰی
قوت و برکت و عزت فرستادہ شدہ ام وایں قدم من براں
قوت اور برکت اور عزت کے ساتھ بھیجا گیا ہوں اور یہ میرا قدم ایک ایسے

منارةٍ ختم علیھا کل رفعةٍ - فاتقوا اللّٰہ ایّھا
منار است کہ برو بلندی ختم گردیدہ پس اے جواناں
منارہ پر ہے جو اس پر ہر ایک بلندی ختم کی گئی ہے پس خدا سے ڈرو

الفتیان - واعرفونی واطیعونی ولا تموتوا
بترسید و مرا بشناسید و اطاعت من کنید و ہیچو نافرماناں
اے جوانمردو اور مجھے پہچانو اور نافرمانی مت کرو اور نافرمانی پر

بالعصیان - وقد قرب الزمان - وحان ان
نہ میرید و بہ تحقیق زمانہ نزدیک رسید وآں وقت
مت مرو اور زمانہ نزدیک آگیا ہے اور وہ وقت

محدود اور ناقص نہ ہوتی جو اب ہے۔

ایسا ہی حضرت عیسٰیؑ کی ہمّت صرف یہود کے چند فرقوں تک محدود تھی جو اُن کی نظر کے سامنے تھے اور دوسری قوموں اور آئندہ زمانہ کے ساتھ اُن کی ہمدردی کا کچھ تعلق نہ تھا اس لئے قدرت الٰہی کی تجلّی بھی اُن کے مذہب میں اُسی حد تک محدود رہی جس قدر اُن کی ہمت تھی اور آئندہ الہام اور وحی الٰہی پر مُہر لگ گئی اور چونکہ انجیل کی تعلیم بھی صرف یہود کی عملی اور اخلاقی خرابیوں کی اصلاح کے لئے تھی تمام دنیا کے مفاسد پر نظر نہ تھی اس لئے انجیل بھی عام اصلاح سے قاصر ہے بلکہ وہ صرف ان یہودیوں کی موجودہ بداخلاقی کی اصلاح کرتی ہے جو نظر کے سامنے تھے۔ اور جو دوسرے ممالک کے رہنے والے یا آئندہ زمانہ کے لوگ ہیں اُن کے حالات سے انجیل کو کچھ سروکار نہیں اور اگر انجیل کو تمام فرقوں اور مختلف طبائع کی اصلاح مدنظر ہوتی تو اس کی یہ تعلیم نہ ہوتی جو اب موجود ہے۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ ایک طرف تو انجیل کی تعلیم ہی ناقص تھی اور دوسری طرف خود ایجاد غلطیوں نے بڑا نقصان پہنچایا جو ایک عاجز انسان کو خواہ نخواہ خدا بنایا گیا اور کفّارہ کا من گھڑت مسئلہ پیش کر کے عملی اصلاحوں کی کوششوں کا یک لخت دروازہ بند کر دیا گیا۔

اب عیسائی قوم دوگونہ بدقسمتی میں مبتلا ہے۔ ایک تو اُن کو خدا تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ وحی اور الہام مدد نہیں مل سکتی کیونکہ الہام پر جو مُہر لگ گئی اور دوسری یہ کہ وہ عملی طور پر آگے قدم نہیں بڑھا سکتی کیونکہ کفّارہ نے مجاہدات اور سعی اور کوشش سے روک دیا مگر جس کامل انسان پر قرآن شریف نازل ہوا اُس کی نظر محدود نہ تھی اور اس کی عام غم خواری اور ہمدردی میں کچھ قصور نہ تھا۔ بلکہ کیا باعتبار زمان اور کیا باعتبار مکان اس کے نفس کے اندر کامل ہمدردی موجود تھی اس لئے قدرت کی تجلّیات کا پورا اور کامل حصّہ اُس کو ملا۔ اور وہ خاتم الانبیاء بنے۔ مگر ان معنوں سے نہیں کہ آئندہ اُس سے کوئی روحانی فیض نہیں ملے گا بلکہ ان معنوں سے کہ وہ صاحبِ خاتم ہے بجز اُس کی مُہر کے کوئی فیض کسی کو نہیں پہنچ سکتا۔

اور اس کی اُمّت کے لئے قیامت تک مکالمہ اور مخاطبہ الٰہیہ کا دروازہ کبھی بند نہ ہوگا اور بجز اُس کے کوئی نبی صاحب خاتم نہیں ایک وہی ہے جس کی مُہر سے ایسی نبوت بھی مل سکتی ہے جس کے لئے اُمّتی ہونا لازمی ہے۔ اور اُس کی ہمّت اور ہمدردی نے اُمّت کو ناقص حالت پر چھوڑنا نہیں چاہا☆ اور اُن پر وحی کا دروازہ جو حصول معرفت کی اصل جڑھ ہے بند رہنا گوارا نہیں کیا۔ ہاں اپنی ختم رسالت کا نشان قائم رکھنے کے لئے یہ چاہا کہ فیضِ وحی آپ کی پیروی کے وسیلہ سے ملے اور جو شخص اُمّتی نہ ہو اُس پر وحی الٰہی کا دروازہ بند ہو سو خدا نے اِن معنوں سے آپ کو خاتم الانبیاء ٹھہرایا۔ لہٰذا قیامت تک یہ بات قائم ہوئی کہ جو شخص سچی پیروی سے اپنا اُمّتی ہونا ثابت نہ کرے اور آپ کی متابعت میں اپنا تمام وجود محو نہ کرے ایسا انسان قیامت تک نہ کوئی کامل وحی پا سکتا ہے اور نہ کامل ملہم ہو سکتا ہے کیونکہ مستقل نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو گئی ہے مگر ظلّی نبوت جس کے معنی ہیں کہ محض فیضِ محمدی سے وحی پانا وہ قیامت تک باقی رہے گی تا انسانوں کی تکمیل کا دروازہ بند نہ ہو اور تا یہ نشان دنیا سے مٹ نہ جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمت نے قیامت تک یہی چاہا ہے کہ مکالمات اور مخاطبات الٰہیہ کے دروازے کھلے رہیں اور معرفتِ الٰہیہ جو مدارِ نجات ہے مفقود نہ ہو جائے۔

کسی حدیث صحیح سے اِس بات کا پتہ نہیں ملے گا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی ایسا نبی آنے والا ہے جو اُمّتی نہیں یعنی آپ کی پیروی سے فیض یاب نہیں اور اسی جگہ سے اُن

☆ اِس جگہ یہ سوال طبعاً ہو سکتا ہے کہ حضرت موسیٰ کی اُمّت میں بہت سے نبی گذرے ہیں۔ پس اِس حالت میں موسیٰ کا افضل ہونا لازم آتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جس قدر نبی گذرے ہیں اُن سب کو خدا نے براہ راست چُن لیا تھا۔ حضرت موسیٰ کا اس میں کچھ بھی دخل نہیں تھا۔ لیکن اِس اُمّت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی برکت سے ہزار ہا اولیاء ہوئے ہیں اور ایک وہ بھی ہوا جو اُمّتی بھی ہے اور نبی بھی۔ اِس کثرتِ فیضان کی کسی نبی میں نظیر نہیں مل سکتی اسرائیلی نبیوں کو الگ کر کے باقی تمام لوگ اکثر موسوی اُمّت میں ناقص پائے جاتے ہیں۔ رہے انبیاء سو ہم بیان کر چکے ہیں کہ انہوں نے حضرت موسیٰ سے کچھ نہیں پایا بلکہ وہ براہ راست نبی کئے گئے مگر اُمّتِ محمدیہ میں سے ہزار ہا لوگ محض پیروی کی وجہ سے ولی کئے گئے۔ منہ

اطال اللّٰہ بقاء ک ۔ اسیٰ ۸۰ یا اس پر پانچ چار زیادہ یا پانچ چار کم۔
خدا تیری عمر دراز کرے گا۔ اسّی ۸۰ برس یا پانچ چار زیادہ یا پانچ چار کم۔
مَیں تجھے بہت برکت دُونگا۔ یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ تیرے لئے میرا نام چمکا۔ پچاس یا ساٹھ نشان اور دکھاؤں گا۔ خدا کے مقبولوں میں قبولیت کے نمونے اور علامتیں ہوتی ہیں اور اُن کی تعظیم ملوک اور ذوی الجبروت کرتے ہیں اور وہ سلامتی کے شہزادے کہلاتے ہیں۔ فرشتوں کی کھنچی ہوئی تلوار

بقیہ حاشیہ

نبی کیونکہ اللہ جلّ شانہٗ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صاحبِ خاتم بنایا۔ یعنی آپ کو افاضہ کمال کے لئے مُہر دی جو کسی اور نبی کو ہرگز نہیں دی گئی اِسی وجہ سے آپ کا نام خاتم النبیین ٹھہرا یعنی آپ کی پیروی کمالات نبوت بخشتی ہے اور آپ کی توجہ روحانی نبی تراش ہے اور یہ قوت قدسیہ کسی اور نبی کو نہیں ملی۔ یہی معنی اس حدیث کے ہیں کہ **علماء اُمّتی کانبیاء بنی اسرائیل** یعنی میری اُمّت کے علماء بنی اسرائیل کے نبیوں کی طرح ہونگے اور بنی اسرائیل میں اگرچہ بہت نبی آئے مگر اُنکی نبوت موسیٰ کی پیروی کا نتیجہ نہ تھا بلکہ وہ نبوتیں براہ راست خدا کی ایک موہبت تھیں حضرت موسیٰ کی پیروی کا اس میں ایک ذرّہ کچھ دخل نہ تھا اسی وجہ سے میری طرح اُن کا یہ نام نہ ہوا کہ ایک پہلو سے نبی اور ایک پہلو سے اُمّتی بلکہ وہ انبیاء مستقل نبی کہلائے اور براہ راست اُن کو منصبِ نبوت ملا۔ اور اُن کو چھوڑ کر جب اور بنی اسرائیل کا حال دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان لوگوں کو

(۱۴) چودھویں خصوصیت یسوع مسیح میں یہ تھی کہ وہ باپ کے نہ ہونے کی وجہ سے بنی اسرائیل میں سے نہ تھا۔ مگر بااین ہمہ موسوی سلسلہ کا آخری پیغمبر تھا۔ جو موسیٰ کے بعد چودھویں صدی میں پیدا ہوا۔ ایسا ہی میں بھی خاندان قریش میں سے نہیں ہوں اور چودھویں صدی میں مبعوث ہوا ہوں اور سب سے آخر ہوں۔ (۱۵) پندرھویں خصوصیت حضرت مسیح میں یہ تھی کہ اُن کے عہد میں دنیا کی وضع جدید ہوگئی تھی۔ سڑکیں ایجاد ہوگئی تھیں۔ ڈاک کا عمدہ انتظام ہوگیا تھا۔ فوجی انتظام میں بہت صلاحیت پیدا ہوگئی تھی اور مسافروں کے آرام کے لئے بہت کچھ باتیں ایجاد ہوگئی تھیں اور پہلے کی نسبت قانون معدلت نہایت صاف ہوگیا تھا۔ ایسا ہی میرے وقت میں دنیا کے آرام کے اسباب بہت ترقی کر گئے ہیں۔ یہاں تک کہ ریل کی سواری پیدا ہوگئی جس کی خبر قرآن شریف میں پائی جاتی ہے۔ باقی امور کو پڑھنے والا خود سمجھ لے۔ (۱۶) سولہویں خصوصیت حضرت مسیح میں یہ تھی کہ بن باپ ہونے کی وجہ سے حضرت آدم سے وہ مشابہ تھے ایسا ہی مَیں بھی توام پیدا ہونے کی وجہ سے حضرت آدم سے مشابہ ہوں اور اس قول کے مطابق جو حضرت محی الدین ابن عربی لکھتے ہیں کہ خاتم الخلفاء صینی الاصل ہوگا یعنی مغلوں میں سے اور وہ جوڑہ یعنی توام پیدا ہوگا۔ پہلے لڑکی نکلے گی بعد اس کے وہ پیدا ہوگا۔ ایک ہی وقت میں اسی طرح میری پیدائش ہوئی کہ جمعہ کی صبح کو بطور توام میں پیدا ہوا۔ اوّل لڑکی اور بعدہٗ میں پیدا ہوا۔ نہ معلوم کہ یہ پیشگوئی کہاں سے ابن عربی صاحب نے لی تھی جو پوری ہوگئی۔ ان کی کتابوں میں اب تک یہ پیشگوئی موجود ہے۔

یہ سولہ مشابہتیں ہیں جو مجھ میں اور مسیح میں ہیں۔ اب ظاہر ہے کہ اگر یہ کاروبار انسان کا ہوتا تو مجھ میں اور مسیح ابن مریم میں اس قدر مشابہت ہرگز نہ ہوتی۔ یوں تو تکذیب کرنا قدیم سے ان لوگوں کا کام ہے جن کے حصّہ میں سعادت نہیں۔ مگر اس زمانہ کے مولویوں کی تکذیب عجیب ہے۔ میں وہ شخص ہوں جو عین وقت پر ظاہر ہوا۔ جس

ذکر اُس پیشگوئی کا جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۱ میں درج ہے مع اس پیشگوئی کے جو براہین کے صفحہ ۵۱۰ میں مندرج ہے یعنی وہ پیشگوئی جو صاحبزادہ مولوی محمد عبداللطیف صاحب مرحوم اور میاں عبدالرحمٰن مرحوم کی شہادت کی نسبت ہے۔ اور وہ پیشگوئی جو میرے محفوظ رہنے کی نسبت ہے

واضح ہو کہ براہین احمدیہ کے صفحہ پانچسو دس (۵۱۰) اور صفحہ پانچسو گیارہ (۵۱۱) میں یہ پیشگوئیاں ہیں:۔

وان لم یعصمک الناس یعصمک اللہ من عندہ. یعصمک اللّٰہ من عندہ وان لم یعصمک الناس. شاتان تذبحان. وکلّ من علیھا فان. ولا تھنوا ولا تحزنوا. الیس اللّٰہ بکافٍ عبدہ. الم تعلم انّ اللّٰہ علٰی کلّ شیءٍ قدیر. وجئنابک علی ھٰؤلاء شھیدا. وفی اللّٰہ اجرک. ویرضٰی عنک ربّک. ویتمّ اسمک وعسٰی ان تحبّوا شیئا وھوشرّلکم. وعسی ان تکرھوا شیئا وھو خیر لکم واللّٰہ یعلم وانتم لا تعلمون.

ترجمہ۔ اگرچہ لوگ تجھے قتل ہونے سے نہ بچائیں۔ لیکن خدا تجھے بچائے گا۔ خدا تجھے ضرور قتل ہونے سے بچائے گا اگرچہ لوگ نہ بچائیں۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ لوگ تیرے قتل کے لئے سعی اور کوشش کریں گے خواہ اپنے طور سے اور خواہ گورنمنٹ کو دھوکہ دے کر مگر خدا اُن کو اُن کی تدبیروں میں نامراد رکھے گا۔ یہ ارادہ الٰہی اس غرض سے ہے کہ اگرچہ قتل ہونا مومن کے لئے شہادت ہے۔ لیکن عادت اللہ اسی طرح ہے کہ دو قسم کے مرسل من اللہ قتل نہیں ہوا کرتے۔ (۱) ایک وہ نبی جو سلسلہ کے اول پر آتے ہیں جیسا کہ سلسلہ موسویہ میں حضرت موسیٰ اور

سلسلہ محمدیہ میں ہمارے سید و مولیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (۲) دوسرے وہ نبی اور مامور من اللہ جو سلسلہ کے آخر میں آتے ہیں جیسے کہ سلسلہ موسویہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور سلسلہ محمدیہ میں یہ عاجز۔ یہی راز ہے کہ جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت قرآن شریف میں **یعصمک اللّٰہ** کی بشارت ہے۔ ایسا ہی اس خدا کی وحی میں میرے لئے **یعصمک اللّٰہ** کی بشارت ہے۔ اور سلسلہ کے اوّل اور آخر کے مرسل کو قتل سے محفوظ رکھنا اس حکمتِ الٰہی کے تقاضا سے ہے کہ اگر اوّل سلسلہ کا مرسل جو صدر سلسلہ ہے شہید کیا جائے تو عوام کو اس مرسل کی نسبت بہت شبہات پیدا ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ ہنوز وہ اس سلسلہ کی پہلی اینٹ ہوتا ہے۔ پس اگر سلسلہ کی بنیاد پڑتے ہی اس سلسلہ پر یہ پتھر پڑیں کہ جو بانی سلسلہ ہے وہی قتل کیا جائے تو یہ ابتلا عوام کی برداشت سے برتر ہوگا۔ اور ضرور وہ شبہات میں پڑیں گے۔ اور ایسے بانی کو نعوذ باللہ مفتری قرار دیں گے۔ مثلاً اگر حضرت موسیٰ فرعون کے رُوبرو جا کر اُسی روز قتل کئے جاتے یا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس روز جس دن قتل کے لئے مکّہ میں آپ کے گھر کا محاصرہ کیا گیا تھا کافروں کے ہاتھ سے شہید کئے جاتے۔ تو شریعت اور سلسلہ کا وہیں خاتمہ ہو جاتا اور بعد اس کے کوئی نام بھی نہ لیتا۔ پس یہی حکمت تھی کہ باوجود ہزاروں جانی دشمنوں کے نہ حضرت موسیٰ شہید ہو سکے اور نہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو سکے۔ اور اگر آخر سلسلہ کا مُرسل شہید کیا جائے تو عوام کی نظر میں خاتمہ سلسلہ پر ناکامی اور نامرادی کا داغ لگایا جائے گا۔ اور خدا تعالیٰ کا منشاء یہ ہے کہ خاتمہ سلسلہ کا فتح اور کامیابی کے ساتھ ہو۔ کیونکہ حکم خواتیم پر ہوتا ہے۔ اور خدا تعالیٰ کا منشاء ہرگز نہیں ہے کہ خاتمہ سلسلہ پر دشمن ملعون کو کوئی خوشی پہنچے جیسا کہ اس کا منشاء نہیں ہے کہ سلسلہ کی ابتدا میں ہی پہلی اینٹ کے ٹوٹنے سے ہی دشمن لعنتی خوشی سے بغلیں بجاویں۔ پس اس لئے حکمت الٰہیہ نے سلسلہ موسویہ کے آخر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب کی موت سے بچا لیا۔ اور سلسلہ محمدیہ کے آخر میں بھی اسی غرض سے کوشش کی گئی یعنی خون کا دعویٰ کیا گیا تا محمدی مسیح کو صلیب پر کھینچا جائے۔ مگر خدا کا فضل پہلے مسیح کی نسبت بھی اس مسیح پر زیادہ جلوہ نما ہوا اور سزائے موت سے اور ہر ایک سزا سے محفوظ رکھا۔ غرض چونکہ اوّل اور آخر سلسلہ کے دو دیواریں ہیں۔ اور دو پشتیبان ہیں۔ اس لئے عادت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ اول سلسلہ اور آخر سلسلہ کے مُرسل کو قتل سے محفوظ رکھتا

عیسیٰ علیہ السّلام پر ختم ہو گیا، چونکہ یہود کی بداعمالیاں آخری حد تک پہنچ گئی تھیں اور اُن میں یہاں تک شقاوت اور سنگدلی پیدا ہو گئی تھی کہ وُہ انبیاءؑ کے قتل تک مستعد ہوتے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے غضب کی راہ سے اِس سلسلہ کو جس میں مُلوک اور انبیاءؑ تھے۔ حضرت عیسیٰؑ پر ختم کر دیا۔

مسیح کی بے باپ ولادت نشان ہے

مَیں ہمیشہ سے اس بات پر ایمان رکھتا ہوں کہ حضرت عیسیٰؑ بے باپ پیدا ہوتے تھے۔ اور ان کا بے باپ پیدا ہونا ایک نشان تھا اس بات پر کہ اب بنی اسرائیل کے خاندان میں نبوّت کا خاتمہ ہوتا ہے، کیونکہ ان کے ساتھ وعدہ تھا کہ بشرطِ تقویٰ نبوت بنی اسرائیل کے گھرانے سے ہو گی، لیکن جب تقویٰ نہ رہا تو یہ نشان دیا گیا تاکہ دانشمند سمجھ لیں کہ اب آئندہ اس سلسلہ کا انقطاع ہو گا۔ غرض حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر بنی اسرائیل کی نبوت کا خاتمہ ہو گیا۔ پہلی کتابوں میں بھی اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تھا کہ بنی اسماعیل میں بھی ایک سلسلہ اسی سلسلہ کا ہمرنگ پیدا ہو گا اور اس کے امام و پیشوا اور سردار محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم ہوں گے۔ توریت میں بھی یہ خبر دی گئی تھی۔ قرآن شریف نے بھی فرمایا۔ کَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا (المزمل:۱۶) جیسے توریت میں مانند کا لفظ تھا۔ قرآن شریف میں کَمَا کا لفظ موجود ہے۔

آں حضرتؐ مثیلِ موسیٰؑ ہیں

آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم بالاتفاق مثیلِ موسیٰؑ ہیں۔ سُورۃ نُور میں بھی ذکر فرمایا گیا ہے کہ سلسلۂ محمدّیہ موسویہ سلسلہ کا مثیل ہے۔ حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے درمیانی انبیاء کا ذکر قرآن شریف نے نہیں کیا۔ کَمۡ نَقۡصُصۡ (المؤمن:۷۹) کہہ دیا۔ یہاں بھی سلسلۂ محمدّیہ میں درمیانی خلفاء کا نام نہیں لیا۔ جیسے وہاں ابتدا اور انتہاء بتائی، یہاں بھی یہ بتا دیا کہ ابتدا مثیلِ موسیٰؑ سے ہو گی اور انتہا مثیلِ عیسیٰؑ پر۔ گویا خاتم الخلفاء وہی ہے جس کو دُوسرے لفظوں میں مسیح موعود کہتے ہیں۔ مَوعُود اس لیے کہتے ہیں کہ اس کا وعدہ کیا گیا ہے۔

آیت استخلاف میں مسیح موعود کی پیشگوئی

وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (النور:۵۶) میں خلفاء کے تقرر کا جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے کیا تھا، اسی وعدہ میں وُہ خاتم الخلفاء بھی شامل ہے اور نصِ قرانی سے ثابت ہوا کہ وہ مَوعُود ہے۔ جو خط ایک نقطہ سے شروع ہو گا وُہ ختم بھی نقطہ پر ہی ہو گا۔ پس جیسے وہاں خاتم مسیح ہے، یہاں بھی خاتم الخلفاء ہے۔ اس لیے یہ اعتقاد اسی قسم کا ہے کہ اگر کوئی انکار کرے کہ اس اُمّت میں مسیح موعود نہ ہو گا وہ قرآن سے انکار کرتا ہے اور اس کا ایمان جاتا رہے گا۔ اور یہ بالکل واضح بات ہے۔ اس میں تکلّف اور تصنّع اور بناوٹ کا نام نہیں ہے۔ پھر جو شک و شُبہ کرے وہ قرآنِ شریف کو چھوڑتا ہے۔

وہ جنہوں نے ایک برگزیدہ رسول کو قبول نہ کیا۔ مبارک وہ جس نے مجھے پہچانا میں خدا کی سب راہوں میں سے آخری راہ ہوں۔ اور میں اس کے سب نوروں میں سے آخری نور ہوں۔ بدقسمت ہے وہ جو مجھے چھوڑتا ہے کیونکہ میرے بغیر سب تاریکی ہے۔

دوسرا ذریعہ ہدایت کا جو مسلمانوں کو دیا گیا ہے **سنّت** ہے یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی کارروائیاں جو آپ نے قرآن شریف کے احکام کی تشریح کے لئے کر کے دکھلائیں مثلاً قرآن شریف میں بظاہر نظر پنجگانہ نمازوں کی رکعات معلوم نہیں ہوتیں کہ صبح کس قدر اور دوسرے وقتوں میں کس کس تعداد پر لیکن سنّت نے سب کچھ کھول دیا ہے یہ دھوکہ نہ لگے کہ سنّت اور حدیث ایک چیز ہے کیونکہ حدیث تو سوڈیڑھ سَو برس کے بعد جمع کی گئی مگر سنّت کا قرآن شریف کے ساتھ ہی وجود تھا مسلمانوں پر قرآن شریف کے بعد بڑا احسان سنّت کا ہے خدا اور رسول کی ذمہ داری کا فرض صرف دو امر تھے اور وہ یہ کہ خدا نے قرآن کو نازل کر کے مخلوقات کو بذریعہ اپنے قول کے اپنے منشاء سے اطلاع دی یہ تو خدا کے قانون کا فرض تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرض تھا کہ خدا کی کلام کو عملی طور پر دکھلا کر بخوبی لوگوں کو سمجھا دیں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ گفتنی باتیں کردنی کے پیرایہ میں دکھلا دیں اور اپنی سنّت یعنی عملی کارروائی سے معضلات اور مشکلات مسائل کو حل کر دیا یہ کہنا بیجا ہے کہ یہ حل کرنا حدیث پر موقوف تھا کیونکہ حدیث کے وجود سے پہلے اسلام زمین پر قائم ہو چکا تھا☆ کیا جب تک حدیثیں جمع نہ ہوئی تھیں لوگ نماز نہ پڑھتے تھے یا زکوٰۃ نہ دیتے تھے یا حج نہ کرتے تھے یا حلال و حرام سے واقف نہ تھے۔ ہاں تیسرا ذریعہ **ہدایت کا حدیث** ہے کیونکہ بہت سے اسلام کے تاریخی اور اخلاقی اور فقہ کے امور کو حدیثیں کھول کر بیان کرتی ہیں اور نیز بڑا فائدہ حدیث کا یہ ہے کہ وہ قرآن کی خادم اور سنّت کی خادم ہے جن لوگوں کو ادب قرآن

☆ اہل حدیث فعل رسول اور قول رسول دونوں کا نام حدیث ہی رکھتے ہیں ہمیں ان کی اصطلاح سے کچھ غرض نہیں دراصل سنت الگ ہے جس کی اشاعت کا اہتمام خود آنحضرت نے بذات خود فرمایا اور حدیث الگ ہے جو بعد میں جمع ہوئی۔ منہ

بشر خدا تک پہنچنے کیلئے بھی محتاج ہیں اور آپ کے سوا وہ کسی طرح اللہ تعالیٰ تک نہیں پہنچ سکتا۔ کیونکہ یہ مرتبہ غیر کی نفی کا مستلزم ہے۔ پس اگر کوئی شخص بھی خاتم الانبیاء ہو۔ تو ضرور ہے کہ اس میں بھی یہ تمام لوازمات پائے جائیں۔ کیونکہ ختم نبوت انکے بغیر متحقق نہیں ہو سکتی۔ پس اس صورت میں اگر ان دونوں میں سے ہر ایک کو ایک دوسرے سے مستغنی سمجھیں۔ تو دونوں کی ختم نبوت باطل ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ پہلا دوسرے سے مستغنی ہے اسلئے دوسرا خاتم نہیں ثابت ہو سکتا۔ اور دوسرا پہلے سے مستغنی ہے اسلئے پہلا خاتم نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ جیسا اوپر مذکور ہو چکا ہے ختم نبوت نفی غیر کی مستلزم ہے یعنی ختم نبوت کا یہ تقاضا ہے کہ خاتم النبوة شخص سے کوئی انسان مستغنی نہ ہو اور یہاں تو بالمقابل ایک مستغنی شخص موجود ہے اسلئے دونوں میں کوئی خاتم الانبیاء نہیں رہیگا۔ اور اگر ان دونوں کو ایکدوسرے کا محتاج مانا جائے۔ تو اس صورت میں بھی انکی ختم نبوت باطل ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ ختم نبوت کا تقاضا ہے۔ کہ خاتم النبوة کسی اور انسان کا محتاج استفاضہ و استفادہ نہ ہو حالانکہ وہ دونوں محتاج مانے جا چکے ہیں۔ اگر ان دونوں سے ایک دوسرے سے مستغنی ہو۔ اور دوسرا پہلے کا محتاج ہو۔ تو پھر ایک ہی خاتم ثابت ہوا بہرحال یہ امر ایک بالکل بدیہی اور مبین ہے کہ خاتم میں تعدد جائز نہیں۔ پس جس طرح خاتم الانبیاء میں تعدد جائز نہیں۔ اسی طرح خاتم نبوت ظلیہ میں بھی تعدد کسی طرح جائز نہیں۔ بلکہ ضروری ہے کہ ایک ہی ہو پس معلوم ہوا کہ (۱) آنحضرت کی امت میں سے جو شخص بھی نبی ہو۔ وہ ضرور ہے کہ خاتم نبوت ظلیہ ہو (۲) اور خاتم نبوت ظلیہ ضرور ہے کہ صرف ایک ہی ہو۔ ناقص غیر اتم میں کثرت جائز ہے اور جیسے لعل اپنی ظلیت

پس ثابت ہوا کہ امت محمدیہ میں ایک سے زیادہ نبی کسی صورت میں بھی نہیں آ سکتے۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت میں سے صرف ایک نبی اللہ آنے کی خبر دی ہے۔ جو مسیح موعود ہے اور اسکے سوا قطعاً کسی کا نام نبی اللہ یا رسول اللہ نہیں رکھا۔ اور نہ کسی اور نبی کے آنے کی آپ نے خبر دی ہے بلکہ لا نبی بعدی فرما کر اوروں کی نفی کر دی۔ اور کھول کر بیان فرما دیا۔ کہ مسیح موعود کے سوا میرے بعد قطعاً کوئی نبی یا رسول نہیں آئیگا۔ اس جگہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ لا نبی بعدی میں تو لا نفی جنس کا ہے۔ جس کے معنی ہیں کہ میرے بعد کوئی نبی بھی نہیں۔ پس مسیح موعود کا استثنا کیسا

ایک دلیل ہے اور خدا تعالیٰ کے قول کی تصدیق تبھی ہوتی ہے کہ جھوٹا دعویٰ کرنے والا ہلاک ہو جائے ورنہ یہ قول منکر پر کچھ حجت نہیں ہوسکتا اور نہ اس کے لئے بطور دلیل ٹھہر سکتا ہے بلکہ وہ کہہ سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تیئیس ۲۳ برس تک ہلاک نہ ہونا اس وجہ سے نہیں کہ وہ صادق ہے بلکہ اس وجہ سے ہے کہ خدا پر افترا کرنا ایسا گناہ نہیں ہے جس سے خدا اسی دنیا میں کسی کو ہلاک کرے کیونکہ اگر یہ کوئی گناہ ہوتا اور سنت اللہ اس پر جاری ہوتی کہ مفتری کو اسی دنیا میں سزا دینا چاہیئے تو اس کے لئے نظیریں ہونی چاہیئے تھیں۔ اور تم قبول کرتے ہو کہ اس کی کوئی نظیر نہیں بلکہ بہت سی ایسی نظیریں موجود ہیں کہ لوگوں نے تیئیس ۲۳ برس تک بلکہ اس سے زیادہ خدا پر افترا کئے اور ہلاک نہ ہوئے۔ تو اب بتلاؤ کہ اس اعتراض کا کیا جواب ہوگا؟ اور اگر کہو کہ صاحب الشریعت افترا کرکے ہلاک ہوتا ہے نہ ہر ایک مفتری۔ تو اول تو یہ دعویٰ بے دلیل ہے۔ خدا نے افترا کے ساتھ شریعت کی کوئی قید نہیں لگائی۔ ماسوا اس کے یہ بھی تو سمجھو کہ شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے چند امر اور نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب الشریعت ہوگیا۔ پس اس تعریف کے رو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں کیونکہ میری وحی میں امر بھی ہیں اور نہی بھی۔☆ مثلاً یہ الہام قل للمؤمنین

☆ چونکہ میری تعلیم میں امر بھی ہے اور نہی بھی اور شریعت کے ضروری احکام کی تجدید ہے اس لئے خدا تعالیٰ نے میری تعلیم کو اور اس وحی کو جو میرے پر ہوتی ہے فُلک یعنی کشتی کے نام سے موسوم کیا جیسا کہ ایک الہام الٰہی کی یہ عبارت ہے۔ واصنع الفلک باعیننا و وحینا ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم۔ یعنی اس تعلیم اور تجدید کی کشتی کو ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی سے بنا۔ جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں وہ خدا سے بیعت کرتے ہیں۔ یہ خُدا کا ہاتھ ہے جو ان کے ہاتھوں پر ہے۔ اب دیکھو خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو نوح کی کشتی قرار دیا اور تمام انسانوں کے لئے اس کو مدار نجات ٹھہرایا جس کی آنکھیں ہوں دیکھے اور جس کے کان ہوں سُنے۔ منه

یغضوا من ابصارھم ویحفظوا فروجھم ذالک ازکٰی لھم ۔ یہ براہین احمدیہ میں درج ہے اور اس میں امر بھی ہے اور نہی بھی اور اس پر تیئیس برس کی مدت بھی گذر گئی اور ایسا ہی اب تک میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی اور اگر کہو کہ شریعت سے وہ شریعت مراد ہے جس میں نئے احکام ہوں تو یہ باطل ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ ھٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی۔ صُحُفِ اِبْرٰھِیْمَ وَمُوْسٰی [1]۔ یعنی قرآنی تعلیم توریت میں بھی موجود ہے۔ اور اگر یہ کہو کہ شریعت وہ ہے جس میں باستیفاء امر اور نہی کا ذکر ہو تو یہ بھی باطل ہے کیونکہ اگر توریت یا قرآن شریف میں باستیفاء احکام شریعت کا ذکر ہوتا تو پھر اجتہاد کی گنجائش نہ رہتی۔ غرض یہ سب خیالات فضول اور کوتہ اندیشیاں ہیں۔ ہمارا ایمان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں۔ اور قرآن ربّانی کتابوں کا خاتم ہے تاہم خدا تعالیٰ نے اپنے نفس پر یہ حرام نہیں کیا کہ تجدید کے طور پر کسی اور مامور کے ذریعہ سے یہ احکام صادر کرے کہ جھوٹ نہ بولو۔ جھوٹی گواہی نہ دو۔ زنا نہ کرو۔ خون نہ کرو۔ اور ظاہر ہے کہ ایسا بیان کرنا بیانِ شریعت ہے جو مسیح موعود کا بھی کام ہے۔ پھر وہ دلیل تمہاری کیسی گاؤ خورد ہوگئی کہ اگر کوئی شریعت لاوے اور مفتری ہو تو وہ تیئیس [۲۳] برس تک زندہ نہیں رہ سکتا۔ یاد رکھنا چاہئے کہ یہ تمام باتیں بیہودہ اور قابل شرم ہیں۔ جس رات میں نے اپنے اس دوست کو یہ باتیں سمجھائیں تو اسی رات مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے وہ حالت ہو کر جو وحی اللہ کے وقت میرے پر وارد ہوتی ہے وہ نظارہ گفتگو کا دوبارہ دکھلایا گیا۔ اور پھر الہام ہوا **قل انّ ھدی اللّٰہ ھو الھدٰی** یعنی خدا نے جو مجھے اس آیت **لو تقوّل علینا** کے متعلق سمجھایا ہے وہی معنے صحیح ہیں۔ تب اس الہام کے بعد مَیں نے چاہا کہ پہلی کتابوں میں سے بھی اس کی کچھ نظیر تلاش کروں۔ سو معلوم ہوا کہ تمام بائبل ان نظیروں سے بھری پڑی ہے کہ جھوٹے نبی ہلاک کئے جاتے ہیں۔ سو مَیں

حاکم کے خوف سے اپنے تمام فتووں کو برباد کرلیا اور حُکّام کے سامنے اقرار کر دیا کہ میں آیندہ اِن کو کافرنہیں کہوں گا اور نہ اِن کا نام دجال اور کاذب رکھوں گا۔ پس سوچنے کے لائق ہے کہ اِس سے زیادہ اور کیا ذلّت ہوگی کہ اُس شخص نے اپنی عمارت کو اپنے ہاتھوں سے گرایا۔ اگر اُس عمارت کی تقویٰ پر بنیاد ہوتی تو ممکن نہ تھا کہ محمد حسین اپنی قدیم عادت سے باز آجاتا۔ ہاں یہ سچ ہے کہ اس نوٹس پر میں نے بھی دستخط کئے ہیں مگر اس دستخط سے خدا اور منصفوں کے نزدیک میرے پر کچھ الزام نہیں آتا اور نہ ایسے دستخط میری ذلّت کا موجب ٹھہرتے ہیں کیونکہ ابتدا سے میرا یہی مذہب ہے کہ میرے دعوے کے اِنکار کی وجہ سے کوئی شخص کافر یا دجّال نہیں☆ ہوسکتا۔ ہاں ضال اور جادۂ صواب سے منحرف ضرور ہوگا اور میں اس کا نام بے ایمان نہیں رکھتا ہاں میں ایسے سب لوگوں کو ضال اور جادۂ صدق وصواب سے دور سمجھتا ہوں جو اُن سچائیوں سے اِنکار کرتے ہیں جو خدا تعالیٰ نے میرے پر کھولی ہیں۔ میں

☆ یہ نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اپنے دعوے کے انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف اُن نبیوں کی شان ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں۔ لیکن صاحب الشریعت کے ماسوا جس قدر ملہم اور محدث ہیں گو وہ کیسی ہی جنابِ الٰہی میں اعلیٰ شان رکھتے ہیں اور خلعتِ مکالمہ الٰہیہ سے سرفراز ہوں ان کے انکار سے کوئی کافر نہیں بن جاتا۔ ہاں بدقسمت منکر جو ان مقربانِ الٰہی کا انکار کرتا ہے وہ اپنے انکار کی شامت سے دن بدن سخت دِل ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ نورِ ایمان اُس کے اندر سے مفقود ہو جاتا ہے اور یہی احادیث نبویہ سے مستنبط ہوتا ہے کہ انکار اولیاء اور اُن سے دشمنی رکھنا اوّل انسان کو غفلت اور دُنیا پرستی میں ڈالتا ہے اور پھر اعمالِ حسنہ اور افعالِ صدق اور اخلاص کی اُن سے توفیق چھین لیتا ہے اور پھر آخر سلبِ ایمان کا موجب ہوکر دینداری کی اصل حقیقت اور مغز سے اُن کو بےنصیب اور بے بہرہ کر دیتا ہے اور یہی معنے ہیں اس حدیث کے کہ من عادا

مَیں عذاب دینا چاہوں وہ عذاب میں گرفتار ہو اور جس کو مَیں چھوڑنا چاہوں وہ عذاب سے محفوظ رہے۔"

(بدر جلد ۲ نمبر ۱۳ مورخہ ۲۹ مارچ ۱۹۰۶ء صفحہ ۱۔ الحکم جلد ۱۰ نمبر ۱۱ مورخہ ۳۱ مارچ ۱۹۰۶ء صفحہ ۱)

۲۸ مارچ ۱۹۰۶ء " اَخَّرَہُ اللّٰہُ اِلٰی وَقْتٍ مُّسَمًّی [۱]

فرمایا۔ چھوٹے زلزلے تو آتے ہی رہتے ہیں لیکن سخت زلزلہ جو آنے والا ہے اس کے وقت میں تاخیر ڈالی گئی ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ تاخیر کتنی ہے۔"

(بدر جلد ۲ نمبر ۱۴ مورخہ ۵ اپریل ۱۹۰۶ء صفحہ ۲۔ بدر جلد ۲ نمبر ۱۵ مورخہ ۱۲ اپریل ۱۹۰۶ء صفحہ ۲۔ الحکم جلد ۱۰ نمبر ۱۱ مورخہ ۳۱ مارچ ۱۹۰۶ء صفحہ ۱)

۳۱ مارچ ۱۹۰۶ء "مَیں پچاس یا ساٹھ اَور نشان دکھلاؤں گا۔" [۲]

(بدر جلد ۲ نمبر ۱۴ مورخہ ۵ اپریل ۱۹۰۶ء صفحہ ۲۔ الحکم جلد ۱۰ نمبر ۱۲ مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۰۶ء صفحہ ۱)

مارچ ۱۹۰۶ء " چند روز ہوئے یہ الہام ہوا تھا:۔

اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ نَّافِلَةً لَّکَ ۔ [۳]

ممکن ہے کہ اس کی یہ تعبیر ہو کہ محمود کے ہاں لڑکا ہو کیونکہ نافلہ پوتے کو بھی کہتے ہیں یا بشارت کسی اَور وقت تک موقوف ہو۔"

(بدر جلد ۲ نمبر ۱۴ مورخہ ۵ اپریل ۱۹۰۶ء صفحہ ۲۔ الحکم جلد ۱۰ نمبر ۱۲ مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۰۶ء صفحہ ۱)

مارچ ۱۹۰۶ء " خدا تعالیٰ نے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں ہے اور خدا کے نزدیک قابلِ مؤاخذہ ہے۔"

(مکتوب بنام ڈاکٹر عبدالحکیم مرتد مندرجہ رسالہ "الذکر الحکیم" نمبر ۴ صفحہ ۲۴ مرتبہ ڈاکٹر عبدالحکیم مرتد۔ الفضل جلد ۲۲ نمبر ۸۵ مورخہ ۱۵ جنوری ۱۹۳۵ء صفحہ ۸)

---

[۱] (ترجمہ از مرتب) اللہ تعالیٰ نے اس میں تاخیر ڈال دی ہے وقتِ مقررہ تک۔

[۲] الحکم میں یہ الفاظ ہیں "مَیں پچاس یا ساٹھ نشان اَور دکھلاؤں گا۔"

[۳] (ترجمہ الہام) "ہم ایک لڑکے کی تجھے بشارت دیتے ہیں جو تیسرا پوتا ہوگا۔" (حقیقۃ الوحی صفحہ ۹۵۔ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۹۹)

باب اوّل

ان غلط واقعات کی تردید میں جو مولوی محمد علی صاحب نے اختلاف سلسلہ کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے بیان کئے ہیں

مولوی محمد علی صاحب کا تبدیلی عقیدہ کے متعلق مجھ پر بے جا الزام

مسیحیوں سے غلط طور پر ہماری مشابہت بتانے کے بعد مولوی محمد علی صاحب نے اختلافات کی ایک تاریخ بیان کی ہے جس میں انہوں نے اپنی طرف سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ کس طرح حضرت مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد بعض واقعات سے متأثر ہو کر میں نے (یعنی اس عاجز نے) اپنے عقائد میں تبدیلی پیدا کی ہے۔

تعداد عقائد

یہ تبدیلی عقیدہ مولوی صاحب تین امور کے متعلق بیان کرتے ہیں۔ اوّل یہ کہ مَیں نے حضرت مسیح موعودؑ کے متعلق یہ خیال پھیلایا ہے کہ آپ فی الواقع نبی ہیں۔ دوم یہ کہ آپؑ ہی آیت اِسْمُہٗٓ اَحْمَدُ کی پیشگوئی مذکورہ قرآن کریم (الصف: ۷) کے مصداق ہیں۔ سوم یہ کہ کل مسلمان جو حضرت مسیح موعودؑ کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعودؑ کا نام بھی نہیں سُنا۔ وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

ہر سہ عقائد کا بیان

مَیں تسلیم کرتا ہوں کہ میرے یہ عقائد ہیں۔ لیکن اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ ۱۹۱۴ء یا اس سے تین چار سال پہلے سے مَیں نے یہ عقائد اختیار کئے ہیں بلکہ جیسا کہ مَیں آگے ثابت کروں گا۔ ان میں سے اوّل الذکر اور آخر الذکر حضرت مسیح موعودؑ کے وقت سے ہیں۔ اور ثانی الذکر عقیدہ جیسا کہ خود مَیں نے اپنے لیکچروں میں بیان کیا ہے جو چھپ بھی چکے ہیں حضرت مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد حضرت استاذی المکرم خلیفۃ المسیح الاوّل سے گفتگو اور ان کی تعلیم کا نتیجہ ہے۔

قادیانی لوگ مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لیے مسلمانوں والا کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں
حالانکہ وہ اس کلمہ میں لفظ محمد ﷺ سے مراد مرزا غلام قادیانی کو لیتے ہیں

قادیانی اسلام دشمنی حقائق پر مشتمل ایک لاجواب تصنیف


قادیانی کلمہ

مفتی سید مبشر رضا قادری
منتظمِ اعلیٰ ختمِ نبوت فورم



مکتبہ ختم نبوت فورم
www.khatmenbuwat.org

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ سنا کر مسلمانوں کو فریب دیتے ہیں کہ ہم بھی مسلمان ہیں
اس دجل کا جواب اس کتاب میں پڑھیں



حضور خاتم النبیین ﷺ کی جسمانی معراج پر قادیانی اعتراضات کے جوابات اس کتاب میں پڑھیں

مصنف کی دیگر کتب

قادیانی کلمہ

200 جھوٹ

قادیانی کذاب

ضعیف احادیث

قادیانی توحید

معراج جسمانی

مکتبہ ختم نبوت فورم
03247448814 گوجرانوالہ